عروش یار کیا ہے دیکھ ہم تیری وجہ سے ٹرپ پر آئے اور تم۔۔۔

(آریز غصے سے بولتا ہے)

مجھے ڈر لگتا ہے پلیز۔۔۔۔

"I am sorry but I can't"

(وہ رونے لگ جاتی ہے)

شٹ اپ آریز

(خزیمہ غصے سے اسے جھاڑتا ہے)

عروش ادھر دیکھو۔۔۔۔۔

دیکھو ہم سب ہیں تمہارے ساتھ۔۔۔۔۔۔

میں ہوتا بی ہے آریز ہے۔۔۔۔۔

کب تک ڈرتی رہو گی بی بریو یار۔۔۔۔۔

آجاؤ شاباش ہم سب تمہارے ساتھ ہیں

کس کے ساتھ جاؤ گی بتاؤ ہم ایک ساتھ جائیں گے۔۔۔۔۔

بتاؤ شاباش۔۔۔

آپ کے ساتھ لیکن آپ میرا ہاتھ پکڑ کر بیٹھے گے۔۔۔

اوکے فائن چلو۔۔۔ تم دونوں بھی چلو۔۔۔۔

خزیمہ انہیں لے کر آگے بڑھتا ہے۔۔۔۔۔۔

خزیمہ نے تمام ٹیچرز کو ساری بات بتادی کہ وہ عروش کو ساتھ لا رہا آپ سب لوگ موو کر جائیں پھر سب کشمیر پوائنٹ پے اکھٹا ہوتے ہیں۔۔۔۔

وہ سب چلے جاتے ہیں۔۔۔۔۔

خزیمہ عروش کو لائن میں کھڑا کر کے کھانے کیلئے لیز اور کوک وغیرہ لینے جاتا ہے۔۔

۔۔۔

وہ لائن میں کھڑی ہو کر ویٹ کر رہی تھی خزیمہ کا۔۔۔۔۔۔

کسی کالج کے بوائز کا ٹرپ آیا ہوا تھا ایک گروپ جو دوسری لائن میں تھے عروش کو اکیلا دیکھ کر بولتے ہیں۔۔۔

اوے ہوے یارادھر آکر مزہ آجاتا اتنی بار میں ٹرپ ساتھ آیا یار خدا کی خوبصورت ترین وادیوں کے نظارے اور بھی بنائ چیزیں دیکھنے کو ملتی ہیں اسلیے دل بار بار کرتا ادھر آنے کو وہ لڑکا عروش کی طرف دیکھ کر کمینگی سے بولتا ہے۔۔۔۔

عروش کو ان کی باتیں سن کر غصہ آرہا تھا وہ چھوٹی نہیں تھی جو انکی باتیں نا سمجھ سکتی اسے اب تھوڑا خوف بھی آرہا تھا وہ سر ادھر ادھر گھما کر خزیمہ کو ڈھونڈتی ہے۔۔۔۔۔

(وہ بہادر ہے لیکن تب جب تبریز اور آریز اس کے ساتھ ہوں یا فیملی کا کوئ بھی ممبر)

تبھی خزیمہ آتا ہوا دکھائی دیتا ہے اسے۔۔۔۔

شیر وووووو۔۔۔۔۔۔

اس نے اونچی آواز سے بلایا اسے۔۔۔

کیا ہوا۔۔۔۔۔

خزیمہ جلدی سے پہنچ کر پوچھتا ہے۔۔۔

شیر وووہاہاہا۔۔۔۔

ایسے لگ رہا جیسے کوئی کتا ہو۔۔۔۔۔

ہاہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔۔

خزیمہ کو سمجھ آ گیا کے اس نے کیو بلایا تھا۔۔۔۔

وہ لوگ ہنس رہے ہوتے ہیں کے اچانک ان میں سے اسی لڑکے کی نظر خزیمہ کی نظر سے ملتی ہے۔۔۔

آنکھیں لال آنگارے جیسی کے ایک دفع ان میں دیکھنے سے بڑوں بڑوں کو خوف آجائے خزیمہ آنکھ کے اشارے سے دفا ہونے کو بولتا ہے۔۔۔۔

وہ لڑکا اپنے باقی ساتھیوں کو وہاں سے لے کر جا رہا ہوتا ہے کیونکہ خزیمہ کے دیکھنے سے وہ ڈر جاتا ہے۔۔۔۔۔

اوے لنگور کدھر بھاگ رہے رک تجھے میں بتاتی ہوں کیا بکواس کر رہے تھے۔۔۔۔

عروش اب زور زور سے چلاتی ہے۔۔۔۔۔

عروش چپ ہو جاؤ سب دیکھ رہے ہیں۔۔۔۔

نہیں ان کی ہمت کیسے ہوئی مجھ سے بکواس کرنے کی ان کی تو میں ابھی بینڈ بجاتی ہوں

۔۔۔۔۔

ایک دم چپ تمہاری آواز نہ آئے اب۔۔۔۔۔

(خزیمہ غصے سے عروش کے منہ پر ہاتھ رکھ دیتا ہے)

عروش خزیمہ کی آنکھوں میں دیکھتی ہے وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوتے ہیں پر دیکھ دونوں غصے سے رہے تھے.....

لیکن وہاں موجود لوگ انہیں کپل سمجھتے ہیں اور انہیں لگتا ہے کے شاید یہ محبت سے دیکھ رہے ایک دوسرے کو۔۔۔۔۔

اسے عروش پر غصہ آرہا تھا کیونکہ سب انہیں مسکرا کر دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔

اسے عروش کی ڈریسنگ سینس بلکل پسند نہیں بلیک جینز پر بلیوں ٹاپ پہینا تھا اور گلے میں دوبٹے کے نام پر چھوٹا سا سٹولر اور جیکٹ جس کے بٹن بند نہیں تھے ایسے شدید غصہ آتا ہے لیکن خود کو کنڑول کرتا ہے وہ۔۔۔۔۔۔

(وہ کوئی دقیانوسی خیالات کاانسان نہیں تھالیکن کبھی کبھی وہ اس کی ڈریسنگ پر غصہ کرتا تھالیکن بولتا کچھ نہیں تھا کیونکہ اس کے پاس کوئی حق نہیں کے وہ اسے منا کرے)

ایکس کیوزمی۔۔۔۔

I am Afan Shah

اگر آپ برا نہیں منائیں تو کیا آپ ایک سٹیپ پیچھے یا آگے جا سکتے وہ آپ سے آگے میری فیملی ہے۔۔۔۔۔

شیور آپ آگے آجائیں۔۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

بہت شکریہ۔۔۔۔۔

وہ ان سے آگے ہو جاتے ہیں اور وہ ان سے پیچھے۔۔۔۔۔۔۔۔

ہوں دیالو انسان "شیور آپ آگے آجائیں" وہ اس کی نقل اتار کر منہ بنا کر بولتی ہے

۔۔۔۔۔

وہ تھوڑی دیر بعد ہی چیر لفٹ پر بیٹھ گئے تھے

وہ دونوں لفٹ پے بیٹھے تھوڑا آگے گ ئے کے عروش نے چیخ چیخ کر اس کا برا حال کر دیا وہ اس کے کان کے پاس چلا رہی تھی۔۔۔۔

ہائے اللہ تعالیٰ ابھی نا مارنا پلیز۔۔۔۔

میں نے ایمان آپی کی شادی دیکھنی ہے۔۔۔

آزاد بھائی کی بارات لے کر جانی ہے میں نے۔۔۔

میری بھی شادی نہیں ہوئی ابھی مجھے بہت ساری جیولری لینی ہے۔۔۔۔

(عروش آنکھیں بند کیے زور زور سے چلا رہی تھی۔۔۔۔

آنکھیں نہیں کھولی لیکن خوف تو تھا نا)

اس کی آخری دعا سن کے خزیمہ کے چہرے پر مسکراہٹ آجاتی ہے۔۔۔۔۔

ہائے اللہ جی مجھے نہیں آنا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔

عروش بس کرو تمہیں پتہ تم ویسے ایکٹ کر رہی ہو جیسے وہ ایک سوشل میڈیا پر ایک

لیڈی کی ویڈیو وائرل ہوئی تھی۔۔۔۔۔

آنکھیں کھولو اپنی اور چلانا بند کرو سمجھی میرے کان کے پردے پھاڑ دیے تم نے اتنا چلاتی ہو تم۔۔۔۔۔۔

اب چلائی تو ادھر اوپر سے دھکا دوں گا نیچے جنگلی جانوروں کی خوراک بن جاؤ گی تم سمجھی ۔۔۔۔۔

(خزیمہ غصے سے بولتا ہے کیونکہ اس کے چلانے سے اِرِٹیٹ ہو رہا تھا وہ)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

وہ آنکھیں کھول کر اس کو دیکھ کر بولتی ہے

آپ مجھے دھمکی دے رہے ہو۔۔۔۔۔

دھمکی نہیں ہے یہ میں کر سکتا ہوں ایسا۔۔۔۔۔

آغا جی، بابا، تبریز اور آریز اور باقی سب آپ کو چھوڑ دیں گے آپ کے خیال سے؟؟؟؟

ہاہاہاہاہاہاتوانہیں سچائی کون بتائے گا؟؟؟

میں بتاؤ گی خود سب کو۔۔۔۔

Awwww how Innocent you are

لیکن تم تو مر گئی ہو گی پھر کیسے بتاو گی؟؟

آپ مجھے مار دو گے؟

ہاں اگر تم نے چلانا بند نہ کیا تو میں ایسے ہی کروں گا اب چپ کر کے بیٹھ جاؤ ورنہ سچ میں گرا دوں گا اور بولوں گا سب کو کے گر گئی تھی ڈر کی وجہ سے ہل بہت رہی تھی۔۔۔۔۔

میری روح سچائی بتانے آئے گی انہیں پھر آپ کی سچائی بھی سب کے سامنے آئے گی

۔۔۔۔۔۔

ہاہاہاہا اچھا جی۔۔۔۔

ہائے پھر تو تمہیں واقع ہی نہیں مارنا چاہئے مجھے تم کافی خطرناک ہو۔۔۔۔۔

جی بلکل سوچنا بھی مت۔مجھے نقصان پہنچانے کا۔۔۔

آچھا عروش وہ دیکھو کتنا اچھا view ہے۔۔۔۔۔
وہ فوراً دیکھتی ہے لیکن نیچے دیکھتے ہی وہ چیخ مار دیتی ہے۔۔۔۔۔۔

خزیمہ سے مزید چیپک کر اپنی آنکھیں بند کر لیتی ہے کوئی اور وقت ہوتا تو وہ خود ہی شرمندہ ہو جاتی لیکن ابھی تو خیر جان پر بنی تھی سو جان زیادہ پیاری تھی نا۔۔۔۔

خزیمہ اسے اپنے سے دور کرتا ہے لیکن وہ مزید ساتھ ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔۔

خزیمہ ٹھنڈی آہ بھر کر رہ جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

اچھا دیکھو پہنچ گئے ہم اب آنکھیں کھولو اور اپنی سائیڈ سے جلدی سے اتر نا او کے۔۔۔۔

عروش خزیمہ کی بات سن کر ایک آنکھ آدھی کھول کر دیکھتی ہے

اور پھر اللہ کا شکر ادا کرتی ہے کہ وہ صحیح سلامت پہنچ گئ۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آمنہ بیگم آپ نے خزیمہ کو بتایا ہے۔۔۔۔

اگر اس نے منا کر دیا تو۔۔۔۔

علی خان پریشانی سے بولتے ہیں۔۔۔۔۔

کیسی باتیں کر رہے آپ وہ کیوں منا کرے گا۔۔۔۔

مجھے اپنے بیٹے پر پورا بھروسہ ہے وہ کبھی ہمارا سر جھکنے نہیں دے گا۔۔۔۔

بلکے میرے تینوں بیٹے اور

مجھے فخر اپنے بیٹوں پر۔۔۔۔۔

(آمنہ بیگم فرط محبت سے بولتی ہیں)

ماشااللہ اور بس اللہ عروش کو ہماری بیٹی جلدی سے بنادے آمین۔۔۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|

ثم آمین۔۔۔۔۔

میں بس اس لیئے بول رہا تھا کے خزیمہ کی عروش سے بلکل نہیں بنتی کہیں ہم اپنے بیٹے کے ساتھ غلط تو نہیں کر رہے۔۔۔۔۔

کہہ تو آپ ٹھیک رہے آچھا آجائے وآپس میں پوچھ لوں گی لیکن میں نے اس کی آنکھوں میں دیکھا ہے عروش کیلیئے محبت۔۔۔۔۔

ہمم لگتا مجھے بھی ہے کیا عروش مان جائے گی؟؟؟؟

اللہ کرے علی سب اچھا اچھا ہو بس دعا کریں آپ۔۔۔۔۔۔

انشااللہ

اچھا یہ چائے ٹھنڈی ہو گی اور لادیں پلیز۔۔۔۔

جی میں لاتی ابھی۔۔۔۔

آمنہ بیگم کپ اٹھا کر باہر چلی جاتی ہیں۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

جیسے تیسے کر کے خزیمہ نے عروش کو کیبل کار میں بیٹھایا۔۔۔

ان دونوں کے علاوہ دو نیو لی میریڈ کپل بھی تھے اسی میں آپس میں فرینڈز تھے وہ سب اور یہ وہی لوگ تھے جنہوں نے لائن میں ریپلسمنٹ کی تھی ان کے ساتھ (آفان شاہ)

ارے آپ لوگ بھی اس بوکس میں چلیں اچھا ہوا گا ئز یہ وہ جو لائن میں تھے ریپلسمنٹ کی تھی ویسے بر و تھینکس آپ کا۔۔۔۔

(آفان شاہ بولتا ہے)

اٹس مائی پلئیر۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

she is my wife "Saba Shah"

اور یہ میرا دوست "حارث سہیل" اور ان کی وائف "نور حارث"

کراچی سے آئے ہیں ہم ہنی مون کے لئے دو ہفتے پہلے شادی ہوئی ہماری۔۔۔۔

ماشاءاللہ بہت خوشی ہوئی آپ لوگوں سے مل کر

I am Khuzaima Khan and

she is Aroush Khan

ویسے تو یہ میری کزن ہے میرے چاچو کی بیٹی لیکن فلحال میری سٹوڈنٹ ہے ہمارا یونیورسٹی کا ٹور آیا ہوا تھا اور ان میڈم کو ہائٹ فوبیا ہے سو میں اس کے ساتھ ہوں۔۔۔۔

اوہ تو یہ کیوٹ سی گرل آپ کی سٹوڈنٹ ہے۔۔۔۔

(نور اس کی چیکس کھینچ کر بولتی ہے)

عروش جھینپ سی جاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ بس تھوڑا آگے گئے ہی تھے کے اچانک کیبل کار کا ان کا بوکس ہلنے لگا جس تار سے بوکس جڑا تھا سپارکنگ سٹارٹ ہو گئی تھی وہاں پھر اچانک بوکس ٹوٹ کر نیچے جنگل کی طرف گرتا ہے۔۔۔۔

یہ سب اچانک سے ہو گیا تھا کسی کو سمجھ نہیں آئی اس آفت کی۔۔۔۔۔۔

پیچھے کے دو بوکس میں خوف پھیل گیا تھا

ہر طرف چیخ وپکار شروع ہو گئی تھی کیونکہ ان کے سامنے بوکس نیچے جاتا ہے۔۔۔

بوکس جس اونچائی سے گرا اندر موجود لوگوں کا بچنا ناممکن لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

مری سے آگے پتڑیاٹا میں کچھ ٹیکنکل پرو بلمز کی وجہ سے ایک کیبل کار کا بوکس نیچے کھائی میں گر گیا ہے۔۔۔۔۔۔

جی ناظرین آپ اپنی ٹی وی سکرین پر سارے مناظر دیکھ سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔

مزید معلومات ہم اپنے نمائندے قاسم صغیر سے لیتے ہیں۔۔۔۔

جی قاسم کیا صورت حال ہے وہاں کی اور کچھ معلوم ہوا کتنے لوگ تھے اور کیا ان سب کے بچنے کے امکانات ہیں۔۔۔۔۔

یہ خبر دیکھتے ہی خان ہاؤس میں ایک دم سے سناٹا چھا گیا۔۔۔۔

ولید بچوں کو فون کرو جلدی۔۔۔۔

آغا جی جیسے ہوش میں آئے تو انہوں نے بولا۔۔۔۔

کل تک جو سب گھر میں شادی کی تیاریوں کی وجہ سے خوش تھے اب سب ہی دل میں اللہ سے خیر کی دعا کر رہے تھے۔۔۔۔

آغا جی خزیمہ کا فون نہیں لگ رہا۔۔۔۔۔

تبریز عروش اور آریز میں سے کسی کو کر دیتے یار۔۔۔۔

آزاد اس کی بات سن کر جلدی سے بولتا ہے۔۔۔۔

ہیلو تابی تم سب ٹھیک ہو یہ خبر سنی تم سب نے۔۔۔۔۔۔

ایمان کی آواز سن کر سب اسکی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

(کیونکہ وہ پہلے ہی فون ملا چکی تھی تبریز کو+

ایمان آپی وہ بھائی۔۔۔

کیا بھائی ہاں تم سب ٹھیک ہو نا تتتتم رو کیوں رہے ہو بتاؤ پلیز تم سب ٹھیک ہو نا۔۔۔۔

وہ روتے ہوئے پوچھتی ہے کیونکہ اسے کچھ انہونی ہونے کا آرہا تھا۔۔۔۔۔۔

میں اور آریز ٹھیک ہیں لیکن؟

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|

لیکن! لیکن کیا۔۔۔۔۔۔

وہ دل پے ہاتھ رکھ کر رو کر پوچھتی ہے۔۔۔

اچانک ولید موبائل چھین کر اپنے کان سے لگاتا ہے۔۔۔۔۔

سپیکر پر لگاؤ اسے۔۔۔۔

آغا جان کی آواز سن کر ولید سپیکر اون کر دیتا ہے۔۔۔۔۔

تابی میں ولید اب بتاؤ سب ٹھیک ہے نا؟

بھائی وہ لالا اور عروش اسی بوکس میں تھے ہمیں ابھی معلوم ہوا اور تحقیق بھی ہو گئی ہے بھائی آپ آجاؤ پلیز آریز مجھ نہیں سھنبل رہا ولید بھائی آجاؤ پلیز آجاؤ میرے پاس میں مر جاؤں گا اگر ان سب کو کچھ بھی ہوا تو۔۔۔۔

وہ روتا ہوا بول کر اسے اپنے پاس بلا رہا تھا۔۔۔۔۔

اور ولید کے ہاتھ سے موبائل نیچے گر جاتا ہے۔۔۔۔

ماما۔۔۔۔۔۔۔

اور تبھی پورے گھر میں ایمان کی چیخ گونجتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨

وہ سب ہسپتال کے کوریڈور میں موجود تھے۔۔۔۔

ہاجرہ بیگم وہ خبر سن نے کے بعد بے ہوش ہو گئی تھیں سٹریس لیا تھا۔۔۔۔

لیکن آغا جی کو ہارٹ اٹیک ہوا اور اب وہ ایمرجنسی میں ہیں۔۔۔۔

اللہ ہم پہ اپنا رحم فرما ہمارے بچوں کو اور ہم سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھ۔۔۔

(آمنہ بیگم نماز پڑھنے کے بعد دعا کرتی ہیں)

شمیم بیگم گھر میں بی جان کے ساتھ تھیں

ایمان کا حال بھی بہت برا تھا لیکن اس نے خود کو سھنبال لیا تھا ماما اور بڑی مما کیلیئے

۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ایمان یہ لو کچھ کھالو ور بڑی ماما کو بھی کہلاؤ آپ لوگوں نے کل سے کچھ نہیں کھایا

۔۔۔۔

آزاد آکر بولتا ہے اور چائے، سینڈوچ اس کی طرف بڑھاتا ہے۔۔۔۔۔

بھائی مجھے نہیں کھانا میرا دل نہیں کر رہا

بھائی آپ انہیں لا دیے پلیز بھائی میری گڑیا پتہ نہیں کس حال میں ہو گی بھائی وہ خزیمہ

وہ ٹھیک تو ہو گا نا۔۔۔۔

وہ آزاد کے گلے لگ کر رو کر بولتی ہے۔۔۔

آزاد اسے خاموش کروا رہا ہوتا ہے کے اس کا فون آجاتا ہے اور وہ اسے بیٹھا کر باہر چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔

ہیلو ہاں ولید پہنچ گئے تم مری اور پتہ چلا کچھ۔۔۔۔۔

آچھا ٹھیک ہے تم سالار سے کہو کے وہ اپنے فوجی بھیج دے ڈھونڈنے کیلئے۔۔۔۔

اور تبریز اور آریز کو بھیج دو گھر۔۔۔۔۔۔

ہاں یہاں سب ٹھیک ہے تم فکر نہیں کرو....

اللہ حافظ۔۔۔۔۔

آزاد ولید سے بات کر کے اندر کی طرف بڑھتا ہے۔۔۔۔

(کل خبر ملتے ہی علی خان ولید کو مری روانہ کر دیتے ہیں۔۔۔۔

اور خان ہاؤس کا ہر فرد اپنے اپنے Resource استعمال کر رہا تھا۔۔۔۔

سالار غفور خزیمہ کا بیسٹ فرینڈ ہے اور ایس ایس جی کمانڈر ہے ولید اس سے کانٹیکٹ کرتا ہے۔۔۔۔۔)

اندر اینٹر ہوتے ہی آزاد کی نظر پھپھو اور ان کی فیملی پر پڑتی ہے۔۔۔۔

اسلام علیکم پھوپھو جان۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

وعلیکم السلام! آزاد بیٹا کچھ خبر ملی میرے بچوں کی۔۔۔۔

پھوپھو ڈھونڈ رہے سب انہیں امید تو ہے۔۔۔۔

آپ لوگ دعا کیجیے کہ وہ لوگ ٹھیک اور زندہ ہوں۔۔۔ نہیں تو ہمیں ان کی لاشیں مل جائیں۔۔۔۔

(وہ خود پر ضبط کر کے بول دیتا ہے شاید سب کو مینٹلی طور پر تیار کر رہا ہر سچویشن کیلئے)

"کسی کے جانے سے کوئی مرتا نہیں ہے لیکن ہاں زندگی بدل ضرور جاتی ہے چاہنے والوں کو کہو کر۔۔۔۔۔ازدرِ نجف"

بھائی ایسے نا بولے میری عروش مجھے ہر حال میں چاہیے۔۔۔۔

(مہرو آزاد کی بات سن کر بلک بلک کر روتی ہے اور اسے بولتی ہے۔۔۔۔۔)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آمنہ بیگم اور ایمان بس خاموش ہو کر اپنے اللہ سے خیر کی دعا کرتیں ہیں کیونکہ ایک انجانا سا خوف انہیں بھی تھا۔۔۔

آزاد ایک نظر سب پر ڈال کر باہر چلا جاتا ہے۔۔۔

عائشہ اس کے پیچھے جاتی ہے۔۔۔۔۔

آزاد۔۔۔

ہمم۔۔۔۔۔

آپ ٹھیک ہیں۔۔۔۔۔۔

جس کی بہن اور بھائی کی کوئی خیر خبر نہ ہو وہ کیسے ٹھیک ہو سکتا ہے زیب۔۔۔۔۔

آپ اچھے کی امید رکھیں میر ادل کہتا ہے وہ بلکل خیریت سے ہیں۔۔۔۔۔

انشاءاللہ ہ

آچھا سنو بڑی مما اور ایمان کو کچھ کھلا دو پلیز میں نے اندر رکھا ہے کھانا۔۔۔۔

ٹھیک ہے آپ ریلیکس ہو جائے میں کھلا دیتی ہوں۔۔۔۔

شکریہ یار۔۔۔۔

اور تم لوگوں نے کھانا کھایا؟

پھپھو نے کھایا انہوں نے یقین نن نہیں کھایا ہونا آچھا تم جاؤ روم میں میں لاتا ہوں۔۔۔

وہ بول کر چلا گیا اور زیب اس کو جاتا دیکھتی ہے۔۔۔۔۔۔

آزاد تم بہت آچھے ہو میں بہت لکی ہوں کے مجھے تم جیسا لائف پار ٹنر مل رہا ہے

۔۔۔۔۔ تمہیں اپنے سے جڑے ہر رشتے سے پیار ہے اگر میں تمہاری زندگی میں آئی تو

تم مجھ سے کتنا پیار کرو گے یہ سوچ ہی مجھے ایک خوشی دیتی ہے۔۔۔۔۔

اللہ تعالیٰ تمہاری ساری مشکلات ختم کرے آمین۔۔۔۔۔

وہ یہ سب کر اندر روم میں جاتی ہے۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

جی ناظرین مری (پتریاٹا) میں ہوئے حادثے کی اپڈیٹ آگئی۔۔۔۔۔

ہماری معلومات کے مطابق 6 لوگ تھے کیبل کار میں۔۔۔۔

جن میں 4 نیولی میریڈ کپل تھے اور 2 لوگ یونیورسٹی کے ٹرپ سے تھے۔۔۔۔

مزید معلومات ہم آپ کو پہنچاتے رہیں گے ہمارے ساتھ رہیے گا۔۔۔۔۔

دانیہ آپی عروش آپی کا کچھ پتہ چلا؟

نہیں ہانی پلیز دعا کرو سر اور وہ بلکل

خیریت سے ہوں۔۔۔۔۔

آمین۔۔۔۔

(مہروسے دانی کو خبر ملی تھی وہ تب سے پریشان تھی اور اللہ سے دعا کر رہی تھی)

ٹھک ٹھک ٹھک (دروازا کوئی بجاتا ہے)

لگتا ابو آ گئے۔۔۔۔۔

وانیہ بھاگ کر دروآزہ کھولتی ہے۔۔۔۔

ابو۔۔۔۔۔۔

لیکن سامنے منصور کو دیکھ کر منہ بسور لیتی ہے۔۔۔۔

منصور بھائی آئے ہیں آجائیں بھائی۔۔۔۔۔

وہ اس کے پیچھے ان کے روم میں آجاتا ہے۔۔۔۔۔

(دانیہ بغیر دوبٹے کے لمبے کالے گھنے بال کھول کر بھیٹی تھی شورٹ شرٹ اور ٹراؤزر پہننے ہوئے تھی۔۔۔۔)

منصور اسے ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا ہے۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم ببب بھائی۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

دانیہ اس کی نظر سے گھبرا کر سلام کرتی ہے

کیونکہ وہ بنا دوبٹہ کے تھی اور اسکی نظریں بہت عجیب لگ رہی تھی اسے۔۔۔۔۔۔۔

یہ یونیورسٹی جا کر تم خراب نہیں ہو گی اوہو تو میڈم نے دوبٹہ پہننا بھی چھوڑ دیا تم جیسی ہوتی ہیں جو خود دوسروں کو دعوت دیتی کے آو مجھے دیکھو۔۔۔۔۔

(وہ سلام کا جواب دیے بنا ہی اسے دیکھ کر بھڑک پڑتا ہے)

(نظر خود کی میں فطور تھا اور چلانا اس پے)

وہ میں۔۔۔۔

وانیہ باہر جاؤ مجھے تمھاری بہن سے کچھ بات کرنی ہے۔۔۔۔۔

وانیہ اپنی بہن کو دیکھتی ہے جو اسے گھبرا کر نا جانے کے اشارے کرتی ہے۔۔۔

وانی کو کھڑا دیکھ وہ چلاتا ہے۔۔۔۔۔

سنائی نہیں دیتا کیا تمہیں بہری ہو گئی ہو کیا؟

وہ وانیہ کو بازو سے پکڑ کر کمرے سے باہر نکال دیتا ہے اور دروازہ بند کر کے اس کی طرف بڑھتا

ہے وہ پیچھے پیچھے ہوتی جاتی ہے اور وہ اس کی طرف قدم بڑھاتا ہے وہ پیچھے دیوار سے جا لگتی ہے۔۔۔۔۔

وہ اس کے پاس آ کر اسکو کمر سے پکڑ کر اپنے بہت قریب کر لیتا ہے اتنا کے ہوا بھی نہ گزر سکے ان کے بیچ سے۔۔۔۔۔

دانیہ خوف سے اسکے سینے پر اپنے ہاتھ رکھ کر روکنے کی ناکام کوشش کرتی ہے

۔۔۔۔۔۔۔

منصور بھائی ددد۔۔۔۔۔۔۔۔دور رہیں مجھ سے۔۔۔۔

تمہیں کتنی دفع بولا ہے کے مجھے بھائی نا کہا کرو۔۔۔۔۔۔۔

وہ غصے سے اسکا منہ دبوچ کر کہتا ہے۔۔۔۔

اور اسکے کان کے بلکل قریب اتنا کے اس کے ہونٹ اسکے کان کی لو کو چھو رہے تھے

۔۔۔۔۔۔

تم صرف میری ہو اور بہت جلد تم میری سیج سجاؤ گی پھر میں تمہاری بولتی بند کروں گا

اور بھائی کہنا بند کرو مجھے ورنہ ساری زندگی پچھتاؤ گی۔۔۔۔

وہ اس کے منہ پر جھک رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

وہ دل میں اللہ سے التجاء کرتی ہے اور آنکھیں بند کر لیتی ہے۔۔۔۔۔۔

وانیہ بیٹا آپ کے منصور بھائی آئے تھے کدھر ہیں وہ۔۔۔۔۔

اس کے کان میں ماموں کی آواز پڑتی ہے۔۔۔۔۔

وہ پیچھے ہوتا ہے اور اس پے ایک غلط نگاہ ڈال کر باہر چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

اور وہ روتے ہوئے وہی زمین پر بیٹھتی چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔

نفرت ہے مجھے تم سے منصور میں اپنی جان دے دوں گی لیکن تمہاری کبھی نہیں ہوں گی میں کبھی نہیں۔۔۔۔۔۔

میرے ساتھ ہی کیوں ہوتا ہے یہ سب آخر کیو۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اسلا علیکم ماموجان۔۔۔۔۔

وعلیکم السلام میرا شیر بیٹا کیسا ہے۔۔

(عدنان صاحب منصور کو گلے لگا کر پوچھتے ہیں)

میں ٹھیک ہوں آپ کی تبیعت کیسی ہے دوائی لے رہے آپ۔۔۔۔

ہاں بیٹا میں ٹھیک ہوں مجھے کیا ہونا ہے بھلا۔۔۔۔

آچھاماموجی میں بس آپ کی خیریت دریافت کرنے آیا تھامیں چلتاہوں کچھ کام ہے مجھے۔۔۔۔

بیٹا کھانا کھا کر چلے جاتے۔۔۔۔۔

نہیں ماموجی میں پھر آؤ گا ابھی چلتاہوں۔۔۔۔

چلو ٹھیک ہے بیٹا جیسے تمہاری مرضی....

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

نہیں بھائی میں نہیں جاؤں گا واپس

عروش اور لالا کے بغیر بلکل نہیں جاؤں گا۔۔۔۔

(آریز روتاہوا بولتاہے)

ولید نے مری پہنچتے ہی ٹرپ کو واپس بھیج دیا کیونکہ ٹرپ والے لوگ پریشان تھے اور دعا کر رہے تھے ان سبکی سلامتی کی۔۔۔۔

اس نے تبریز اور آریز کو بولا لیکن وہ دونوں ضد پر تھے کے ہم نہیں جائیں گے۔۔۔۔۔

پھر وہ انہیں ہوٹل روم میں چھوڑ کر سالار کے ساتھ خزیمہ اور عروش کو ڈھونڈنے نکل پڑتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

✨✨✨

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

بلال۔۔۔۔

جی جان بلال۔۔۔۔۔۔۔

وہ تم نے کل بتایا تھا کہ تمہارے کزنز اس کیبل کار میں تھے تو کیا عروش آپی تمہاری کزن ہیں؟؟؟؟

(تانیہ عدنان بلال سے پوچھتی ہے)

ہاں لیکن تم اسے کیسے جانتی ہو؟؟؟؟

وہ دانیہ آپی کی فرینڈ ہیں میں ان سے مل چکی وہ ہمارے گھر بھی آئی تھیں۔۔۔۔۔۔

ویسے وہ کتنی کیوٹ ہے نہ ان کی بلیو آئیز مجھے بہت پسند ہیں۔۔۔۔۔۔

تمہیں پتہ ہے جب مجھے پتہ چلا کے ان کے ساتھ حادثہ ہوا مجھے بہت فکر ہوئی ان کی اللہ کرے وہ خیریت سے ہوں۔۔۔۔۔

(تانیہ افسردگی سے بولتی ہے)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آچھا بس آئندہ میرے سامنے اس کا نام نہ لینا ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا مجھے نفرت ہے اس سے سمجھی تم اور ہاں میری بلا سے وہ مرے یا جیے مجھے نہیں پرواہ سمجھی

۔۔۔۔۔

بس میرے خزیمہ برو کو کچھ نہ ہو۔۔۔۔۔۔

(وہ اتنا چیخ کر بولتا ہے کے آس کے گلے کی رگیں اُبھر جاتی ہیں اس کا سفید چہرا غصے سے لال ہو گیا تھا لیکن بلال پر غصہ بھی جچ رہا تھا خوبصورتی تو ویسے اس خاندان میں جیسے اللہ

نے وافر مقدار میں دے دی تھی)

بلال میں تو بس ویسے ہی آپ غصہ نہیں کرو۔۔۔۔

تانیہ پلیز چپ مجھے کوئی بات نہیں کرنی اس وقت اور چلو میں تمہیں ڈراپ کر دوں

۔۔۔۔۔۔

(بلال بول کر پارک کی اینٹریس کی طرف بڑھتا ہے اور دانیہ اس کے اس رویہ کو سوچتی ہوئی خود بھی آگے بڑھتی ہے)

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

کچھ دباؤ اور درد سے اسکی آنکھ کھلی تو عروش کو باہوں میں قید دیکھ اسے 4 سے 5 گھنٹے پہلے کا واقع یاد آیا۔۔۔۔۔

ان کا بوکس ہل رہا تھا تب اور پھر اچانک نیچے کیطرف گرتا ہے۔۔۔۔

وہ اور سب لوگ چلا رہے تھے وہ عروش کو مضبوطی سے پکڑ کر خود اس کے گرد اپنے بازو پھیلا لیتا ہے۔۔۔۔۔۔

اسے چکر آ رہے تھے جب بوکس کسی چٹان سے ٹکرا کر نیچے گر رہا ہوتا ہے تب وہ بے ہوش ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

اور ابھی اسے ہوش آیا تو اس نے ارد گرد نظر گھما کر دیکھا اسے چوٹیں لگی تھیں وہ اس بوکس سے نکل کر پہلے اوپر کی طرف دیکھتا ہے پھر سب کو وہ پھر بوکس میں آتا ہے۔۔۔

عروششششش آاااہ۔۔۔

اٹھو عروش۔۔۔۔

خزیمہ نے دائیں جانب موجود عروش کو دیکھ کر پکارا جب کے پورا بدن اوپر اتنی اونچائی سے گرنے کی وجہ سے دکھ رہا تھا اور سردی کے زخم تو ویسے بھی تکلیف دہ ہوتے ہیں۔۔۔۔

اس نے ایک نظر اپنے ساتھ موجود ان لوگوں کو بھی دیکھا۔۔۔۔۔۔

بظاہر سب اسے ٹھیک لگے۔۔۔۔

آفان حارث اٹھو۔۔۔۔

کیا تم دونوں ٹھیک ہو۔۔۔۔۔۔

(خزیمہ نے ان دونوں کو بازوں سے پکڑ کر ہلایا)

وہ دونوں بھی اٹھ گئے اور ایک دوسرے کو حیرانگی سے دیکھ رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com

حیران بعد میں ہو جانا پہلے بھابھی لوگ کو تو دیکھو۔۔۔۔

ہاں تم عروش گڑیا کو دیکھو ہم اٹھاتے انہیں بھی۔۔۔۔

عروش اٹھو تم ٹھیک ہو آنکھیں کھولو اپنی وہ اس کا چہرہ تھپ تھپاتا ہے۔۔۔۔

مما مما مما۔۔۔۔۔

عروش، عروش آنکھیں کھولو اپنی۔۔۔۔

خزیمہ گھبرا کر اسے جھنجھوڑ دیتا ہے۔۔۔۔

آآہ مما!

تکلیف کی وجہ سے وہ جھٹ سے آنکھیں کھول دیتی ہے۔۔۔۔

ارد گرد نظر دڑاتی ہے اور خزیمہ کو دیکھتی ہے۔۔۔۔

ممارو رہی تھیں مینے دیکھا انہیں ابھی۔۔۔۔۔

میری مما مجھے ان کے پاس جانا ہے وہ رو رہی تھیں وہ اس کے سینے پر سر رکھ کر سسکیاں لیتی ہے اور اسے بتاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

شش شش چپ سب ٹھیک ہے کچھ نہیں ہوا ہم سب ٹھیک ہیں تم نے خواب دیکھا ہے ہم ان کے پاس چلیں گے۔۔۔

وہ اس کے چہرے سے بال ہٹا کر اس کے

آنکھوں سے گرتے موتی جیسے آنسوؤں اپنے ہونٹوں سے چن لیتا ہے۔۔۔۔۔۔

عروش اس حرکت سے کافی خجل سی ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔۔

خزیمہ خود بھی اس سے سائیڈ پر ہو جاتا ہے

اور اپنی اس حرکت پر حیران ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔پھر باقی سب کی طرف دیکھتا ہے تو وہ ان کی طرف متوجہ نہیں ہوتے تو وہ شکر ادا کرتا ہے۔۔

ہم مر گئے کیا؟

ہم جنت میں ہیں کیا؟

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

مجھے ابھی نہیں مرنا تھا وہ روتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔۔۔۔۔

وہاں موجود سب اسکی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور تکلیف و پریشانی کے باوجود اس کی بات سن کر ہنس پڑتے ہیں۔۔۔۔

"You are so cute"

صبا حارث اس کو دیکھ کر بولتی ہے۔۔۔۔

پانی۔۔۔۔۔

خزیمہ اپنی بوتل اس کی طرف بڑھاتا ہے۔۔۔

(کیونکہ وہ سب بوکس میں تھے سو سب کا سامان ادھر ان کے پاس ہی موجود تھا)

اوکے گائیز ہمیں یہاں سے تھوڑا آگے چلنا ہو گا تاکے ہم کسی مقامی لوگوں سے مدد لے سکیں یا ہو سکتا ہے ہماری مدد کرنے کوئی آجائے۔۔۔

ویسے ہم سب بہت خوش قسمت ہیں کہ بچ گئے ورنہ جدھر سے ہم گرے بچنا ناممکن ساتھا۔۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

(خزیمہ بولتا ہے)

بے شک اللہ سب سے بڑا رحم کرنے والا ہے اور بے شک ہمیں ایک اور زندگی ملی ہے ۔۔۔۔

(حارث بولتا ہے)

سبحان اللہ۔۔۔۔

(وہ سب باری باری بولتے ہیں)

وہ سب اپنا سامان لے کر آگے بڑھ چکے تھے اور اب سورج ڈھلتے ہی انہیں رکنا تھا کہیں۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

وہ ابھی چلتے جا رہے تھے کے کہیں کوئی اچھی سی جگہ ڈھونڈ کر رات گزار سکیں۔۔۔۔۔

انہیں ایک بلکل ٹوٹی ہوئی اور خستہ حالت میں جھونپڑی نظر آتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ سب اس جانب بڑھتے ہیں۔۔۔

ہمیں رات ادھر رکنا چاہیے۔۔۔۔۔(حارث بولتا ہے)

یہ کس کی جھونپڑی ہو گی؟

یہ جن یا چڑیل کی ہو گی رات کو وہ ہمیں کھا جائیں گے۔۔۔۔۔۔

(خزیمہ منہ بنا کر عروش کو جواب دیتا ہے)

یار ظاہری سی بات کسی شکاری نے بنائی ہونی رات رکنے کے لیے۔۔۔

وہ سب باتیں کرتے پہنچ جاتے ہیں۔۔۔۔

(جھونپڑی میں کھجور کے پتوں سے تیار کردہ چٹائیاں پڑی تھی اور چند مٹی سے بنے برتن اور بھی چیزیں موجود تھیں جھاڑو وغیرہ لیکن گرد بہت تھی صفائی نہ ہونے کی وجہ سے)

شکر یار رات تو سکون سے گزر جانی۔۔۔۔(آفان)

ہاں یار سامان سارا رکھتے ہیں اور کھانے کیلئے کوئی پھلوں والا درخت ڈھونڈتے ہیں اور ایسا کرتے کچھ لوگ لکڑیاں اکھٹی کر لو اور کچھ لوگ پانی ڈھونڈ لیتے ہیں اور دو دو پیر زبنا

کر کرتے ہیں سب۔۔۔۔۔۔

(خزیمہ سب کو مشورہ دیتا ہے)

ہاں خزیمہ بھائی سہی ہے میں اور آفان لکڑیاں اکھٹی کر لیتے ہیں اس کے ساتھ ہی ہم جگہ بھی صاف کرتے ہیں۔۔۔۔۔(نور اپنا پلین بتا دیتی ہے)

چلیں سہی ہے صبا بھابھی اور حارث بھائی آپ لوگ بتا دیں آپ دونوں کیا کریں گے

۔۔۔۔۔

رومینس۔۔۔۔۔۔۔۔🐵

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

وہ سب شوکڈ ہو کر عروش کی طرف دیکھتے ہیں۔۔۔۔۔۔

قسم سے میرے منہ سے نقل گیا۔۔۔۔۔

am sorry

am sorry

am sorry

please😔

(وہ خزیمہ کو غصے سے خود کو دیکھتے پا کر جلدی سے بولتی ہے ویسے خزیمہ کے علاوہ یہ ڈرتی بھی کسی سے نہیں)

ہاہاہاہاہا کوئی بات نہیں سویٹی۔۔۔

(صبا اس کے گال کھینچ کر بولتی ہے)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

تمہیں تو میں بعد میں سیٹ کرتا ہوں خزیمہ دل میں سوچتا ہے۔۔۔۔۔

ہم کچھ کھانے کو ڈھونڈتے ہیں آپ لوگ پانی تلاش کر لو۔۔۔۔۔۔(حارث خزیمہ کو بولتا ہے)

چلیں ٹھیک ہے پھر عروش بوتلیں اٹھاؤ میں گھڑا اٹھا رہا۔۔۔

وہ سامان اٹھا کر جا رہے ہوتے ہے کے نور آواز دیتی ہے۔۔۔۔

خزیمہ بھائی ادھر سے سرف ملاہاہاہاایسالگ رہا جیسے پیکنک پر آئے ہم ہر چیز موجود۔۔۔۔

ہاہاہاواللہ پتہ نہیں ہماری ایسی کون سی نیکی جس کی وجہ سے ہم اللہ کی پناہ میں ہیں۔۔۔۔

بس اللہ تعالیٰ اپنی رحمت بنائے رکھ ہم پر۔۔۔۔

آمین۔۔۔۔۔۔

آچھایہ پکڑیں اور جلدی سے آجائیں سب لوگ۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry

انشااللہ۔۔۔۔۔۔۔

عروش اور خزیمہ آگے کی طرف بڑھ جاتے ہیں۔۔۔۔

وہ تھوڑا آگے گ ئے تھے کے عروش خزیمہ کو بلاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

ہیلو شیروں۔۔۔۔۔۔

ہمم بولو۔۔۔۔۔

مجھے بہت زور سے واشروم آیا ہے۔۔۔۔

(عروش خزیمہ کے بلکل کان کے قریب بولتی ہے)

کیا(what)۔۔۔۔وہ زور سے بولتا ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com

تم پاگل ہو مطلب اس سنسان جنگل میں تمہیں واشروم کیسے آسکتا ہے؟

وہ اب کے غصے سے بولتا ہے۔۔۔۔۔

ہیں ہیں ایک منٹ ایک منٹ 🤦

یا تو آپ پاگل ہو یا میں۔۔۔۔

نہیں مطلب کیا ہے آپ کا؟؟؟

کیا یہ سب میرے بس میں ہے؟؟؟

It's a Natural Process

وہ باقاعدہ روتے ہوئے بولتی ہے۔۔۔۔۔

آپ واشروم نہیں جاتے کیا؟

وہ اب اس سے غصے سے پوچھتی ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles

اور وہ سہی تو بول رہی تھی۔۔۔۔۔

خزیمہ اسے روتا دیکھ شرمندہ ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔

آچھا سوری رونا بند کرو میں کچھ سوچتا ہوں یار۔۔۔۔

زیادہ کام خراب کیا؟

وہ اس کے فیس کو دیکھ کر مسکراہٹ ضبط کر کے پوچھتا ہے۔۔۔۔۔

وہاں میں سر ہلا دیتی ہے۔۔۔۔۔۔

آچھا تھوڑا سا آگے چلو پانی ڈھونڈ لیتے پہلے تب تک میں سوچ لیتا ہوں ٹھیک ہے نا کر لو گی برداشت؟؟

جی ٹھیک ہے وہ ناک اوپر چڑھا کر بولتی ہے اور کیوٹ بھی بہت لگتی ہے۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

حارث؟

جی۔۔۔۔۔۔

مجھے شدید بھوک لگی ہے۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا مجھے کھا جاؤ۔۔۔۔۔

ہاہاہا نو حرام گوشت نہیں کھاتی میں۔۔۔۔۔

ہائے صدقے میں کھا جاتا ہوں تمہیں وہ شرارت سے اس کے گال پر کاٹی کر دیتا ہے

۔۔۔۔۔۔

اللہ توبہ کوئی موقع نا جانے دینا اچھا۔۔۔

اب جلدی کچھ کھانے کو دے دو۔۔۔۔۔

یار وہ دیکھو سامنے جنگلی پرندے کیوں نہ ایک پکڑ لے۔۔۔۔۔۔

کیسے پکڑے گے ہم۔۔۔۔۔

اوئے یہ جنگلی مرغیاں لگ رہی ایک ہاتھ لگ جائے اللہ پلیز بہت بھوک لگ رہی۔۔۔

ہاہاہاہا توبہ ہے کیسے ندیدی شکل بنا کر دیکھ رہے آپ۔۔۔۔۔

چلو پکڑتے ہیں ٹرائے کرنے میں کیا حرج۔۔۔۔

وہ دونوں ان مرغیوں کے پیچھے بھاگتے ہیں۔۔

آخر کار بہت محنت کے بعد وہ ایک پکڑ لیتے ہیں۔۔۔۔۔

اور دونوں ہنستے ہوئے واپس کی طرف بڑھتے ہیں۔۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨،

لکڑیاں لے آیا میں نور تم نے جھاڑو لگا لیا؟؟

جی لگالیا ہے آفان آپ آگ جلائیں پلیز سردی لگ رہی اب۔۔۔۔

آفان نور کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔۔۔۔۔

ادھر آؤ تم تمہاری سردی میں اتارتا ہوں۔۔۔۔۔۔

وہ اس کی گردن پر کس کر کے بولتا ہے۔۔۔۔

وہ ابھی مزید حرکت کرنے والا ہوتا ہے کے صبا اور حارث کی آواز سن کر پیچھے ہو جاتا ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آفان، بھابھی چھری ہے ادھر؟؟؟؟

دیکھیں اللہ پاک کا کرم ہم سب پر۔۔۔۔

یار یہ ہے لیکن زنگ والی ہے پانی مل جائے تو کرتے ہیں سہی اسے بھی۔۔۔۔۔

ہمم چلو ان کا انتظار کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

وہ چاروں چولے میں آگ جلا کر اس کے ارد گرد بیٹھ جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

ہائے شکر پانی مل گیا ورنہ میرا تو کام ہی خراب ہونے والا تھا۔۔۔۔

(عروش پانی کے چشمے کو دیکھ کر بولتی ہے آدھے گھنٹے بعد مل ہی جاتا ہے آخر کار انہیں)

ہاہاہاہا اچھا سنو میں وہ وہاں دوسری طرف منہ کر کے بیٹھ رہا تم فری ہو جاؤ پانی لے کر چلتے پھر۔۔۔۔۔

جی او کے یہ بیگ پکڑ لیں آپ اس میں نہ فیس واش بھی ہے آپ نکال کر منہ دھو لیں۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اچھا ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔

وہ بیگ لے کر تھوڑا دور چلا جاتا ہے اور پانی کے اندر پتھر پر جا کر بیٹھ جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

وہ اس کا بیگ اوپن کرتا ہے تو فیس واش، پنک لپگلوز، بلز، ٹوفیز، موبل اور پاور بینک ملتا ہے۔۔۔۔۔

وہ اس کا فون اوپن کر کے کال ملانے کی کوشش کرتا ہے پر سگنل نہ ہونے کی وجہ سے کال نہیں جاتی وہ تھوڑا افسردہ سا ہو کر لوکیشن آن کر دیتا ہے۔۔۔۔۔۔

پھر پہلے گھڑے کو سرف سے دھو کر اس میں پانی بھر لیتا ہے اور بو تلیں بھی بھر لیتا ہے

۔۔۔۔

ہلکا سا مسکرا کر چھوٹا سا فیس واش اٹھاتا ہے اور منہ دھونے کے بعد عروش کا ویٹ

کرتا ہے۔۔۔

مینے بھی ہینڈ واش کرنے ہیں اور فیس بھی۔۔۔۔

او کے بیٹھوں میں پانی دیتا تمہیں دھیان سے سلپری ہے جگہ گرنہ جانا او کے۔۔۔۔

او کے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

وہ دونوں واپس جھونپڑی کی طرف موو کرتے ہیں۔۔۔۔۔

ہائے کتنا رومینٹک ہے یہاں سب کچھ۔۔۔۔۔

عروش جذباتی ہو کر بول دیتی ہے۔۔۔۔ لیکن ہائی ری قسمت۔۔۔۔۔۔

خزیمہ پانی کا گھڑا نیچے رکھ دیتا ہے۔۔۔۔

اور پھر عروش کی طرف بڑھتا ہے اور ایک ہی وار میں اس کو کمر سے پکڑ کر اپنے بلکل

قریب کر لیتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ گھبرا جاتی ہے اور خود کو چھوڑوانے کی کوشش کرتی ہے۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا ککیا کر رہے ہیں آپ۔۔۔۔۔

تمہیں یہ رومینس کچھ زیادہ ہی پسند نہیں؟

وہ وہ زبان سے سلپ ہو گیا 😔

وہ اس کا منہ پکڑ کر اوپر کرتا ہے زبان کو تھوڑا کنٹرول میں رکھا کرو ہر جگہ سلپ ہوتی ہے

ورنہ مینے تمہیں بتا دینا ہے کے رومینس کیا ہوتا ہے۔۔۔۔

آئندہ میں تمہارے منہ سے یہ ورڈ نہ سنو اس دن یونیورسٹی میں آج ان سب کے

سامنے بھی تم نے بولا تم چھوٹی ہو چھوٹی بن کر رہو سمجھی؟؟؟

جی نہیں بولوں گی اب۔۔۔۔۔

ہمم اوکے گڈ۔۔۔۔۔۔۔۔

اور آنکھیں صاف کرو اپنی اور مسکراؤ۔۔۔۔۔۔

آپ روب کیو جماتے ہیں مجھ پر وہ بھی غصے سے بولتی ہے۔۔۔۔۔۔😠😠

کیونکہ میں تم سے بڑا ہوں۔۔۔۔۔۔۔

اچھا جلدی چلو اندھیرا ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں آگے بڑھ جاتے ہیں۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

ان دونوں کے پہنچنے کے بعد وہ لوگ مرغی زباح کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

پھر باری باری سب پانی والی جگہ جا کر منہ ہاتھ دھو آتے ہیں فریش ہو لیتے ہیں سب

۔۔۔۔

اورا بھی سب بیٹھ کر کھانا کھارہے تھے۔۔۔۔

آگ جلنے کی وجہ سے اس جگہ تھوڑی سردی کی شدت کم ہوئی تھی۔۔۔۔۔

اب وہ سب آگ کے ارد گرد بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

ہائے بور ہورہے کوئی گیم کھلیں؟؟؟

(عروش سب سے پوچھتی ہے)

سونگ ہی سنادے کوئی؟؟؟؟(نور سب کی طرف دیکھ کر بولتی ہے)

شیرو کی آواز بہت اچھی ان سے بولیں سونگ سنائیں۔۔۔۔

خزیمہ بھائی پلیز ایک سونگ تو بنتا ہے۔۔۔

خزیمہ

خزیمہ

کی آواز سب کی طرف سے آتی ہے۔۔۔۔

اور وہ مان جاتا ہے۔۔۔۔۔

Ek din kabhi jo khud ko taraashe

Meri nazar se tu zara

Haaye re..

Aankhon se teri kya kya chhupa hai

Tujhko dikhaaoon main zara

Haaye re..

NEW ERA MAGAZINE .com
ks|Poetry|Interviews

Ek ankahi si daastaan daastaan

Kehne lagega aaina..

Subhan Allah

Jo ho raha hai pehli dafa hai

Wallah aisa hua

Subhanallah

Jo ho raha hai pehli dafa hai

Wallah, aisa hua..

(اس کی آواز سب کے کانو میں رس گھول رہی تھی سب خاموشی سے آنکھیں بند کیے
اس کی آواز کے سحر میں گم تھے)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

Meri khaamoshi se baatein chun lena

Unki dori se taarifein bun lena

Haan..

Meri khaamoshi se baatein chun lena

Unki dori se taareefein bun lena

(خزیمہ عروش کو دیکھتے ہوئے سونگ کے اگلے لفظ بول رہا تھا اور وہ آنکھیں بند کیے گا
نے کو انجوائے کر رہی تھی)

Ek din kabhi jo khud ko pukaare

Meri zubaan se tu zara

Haaye re..

Tujh mein chhupi si jo shayari hai

Tujhko sunaaoon main zara

Haaye re..

Ye do dilon ka vaasta vaasta..

Khul ke bataaya jaaye na

Subhan Allah..

Jo ho raha hai pehli dafa hai

WAllah aisa hua

WAllah aisa hua

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Urdu|English

واہ بہت خوب جناب بہت سریلی آواز آپ کی۔۔۔

(آفان تالیاں بجاتے ہوئے بولتا ہے)

آہم آہم کس کے لئے تھا سونگ خزیمہ بھائی۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا نور بھابھی تھا کسی خاص کے لئے۔۔۔۔

(وہ مسکرا کر جواب دیتا ہے)

((تھا کسی خاص کے لئے ہوں گھنا میسنا انسان ہم سے تو کبھی ہنس کر بات نہیں کرتا اور ابھی دیکھو مسکراہٹ ہی ختم نہیں ہو رہی ٹھڑکی انسان۔۔۔۔۔۔۔۔

عروش دل میں کڑھتے ہوئے بولتی ہے))

آچھا نام ہی بتا دیں اس خوشنصیب کا۔۔۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"میں نہیں بتاؤں گا۔۔۔۔۔۔۔"

ہاہاہاہا سب کا مشترکہ قہقہہ لگتا ہے

ارے نور بیگم

"ایسی باتیں بتائیں نہیں جاتی نظر لگ جاتی ہے"

ہاہاہاہا (ایک بار پھر سے سب کے قہقہے گونجتے ہیں)

مجھے نیند آرہی ہے شیرو۔۔۔۔۔

(عروش خزیمہ کے قریب ہو کر آہستہ سے بولتی ہے)

آچھا سو جاؤ۔۔۔۔

پہلے سب سوئیں گے تبھی میں بھی۔۔۔۔۔۔

نور بھابھی سونا کیسے ہے میرا مطلب کے کسطرح آرینجمنٹ کی آپ نے۔۔۔۔۔

خزیمہ بھائی جگہ کم ہے رات بیٹھ کر گزارنی پڑے گی۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے تو نیند آرہی نور آپی۔۔۔۔۔۔

Awwww

آپ سو جاؤ سویٹی۔۔۔۔۔۔

اس کو اتنی نیند آرہی تھی خزیمہ کے کاندھے پر سر رکھتے ہی سو گئ۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ تو سو بھی گئ تھکاوٹ کی وجہ سے۔۔۔۔۔

ویسے خزیمہ بھائی عروش آپ کو شیر و کیو بلاتی ہے۔۔۔۔۔۔

میرے آغا جی پیار سے شیر و کہتے مجھے پھر ان کی دیکھا دیکھی یہ بھی کہتی ہے بہت ڈانٹ پڑی بچپن میں اسے کے مجھے بھائی بولے لیکن نہیں بولتی تھی یہ ابھی تک شیر وہی بولتی ہے۔۔۔۔

آچھا آپ سب کی لاڈلی ہے یہ ہانا؟؟؟؟

بہت زیادہ لاڈلی یہ پورے گھر کی رونق ہے یہ اور میرے دونوں چھوٹے بھائی۔۔۔۔

تبریز اور آریز کا نام لیتے ہی ایک پیاری سی سمائل آتی اس کے فیس پر۔۔۔۔۔۔

خزیمہ ان کی شرارتیں بتاتا ہے سب کو وہ لوگ ہنس ہنس کر پاگل ہو جاتے ہیں

۔۔۔۔۔۔

پھر وہ سب لوگ بھی سو جاتے ہیں۔۔۔۔

خزیمہ عروش کے سر کے ساتھ سر ملا کر آنکھیں بند کر دیتا ہے اور تھوڑی دیر بعد وہ وہ بھی نیند کی وادیوں میں چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

سر ایک موبائل کی لوکیشن شو ہو رہی ہے۔۔۔۔

میم کے موبائل کی ہے۔۔۔۔

ہاں یہ عروش کا نمبر ہے پہلے آن نہیں تھی نہ لوکیشن اس کا مطلب کے وہ خیریت سے ہے۔۔۔۔

میرا دل کہہ رہا تھا کے وہ لوگ ٹھیک ہوں گے۔۔۔

سالار ہمیں انہیں ڈھونڈنے کے لئے چلنا چاہیے۔۔۔

ہاں ولید چلتے ہیں وہ انشااللہ مل جائیں گے۔۔۔۔

ہمم انشااللہ۔۔۔۔

ایمان؟

جی ماما جانی آپ کو ہوش آ گیا شکر اللہ کا۔۔۔

آپ نے مجھے اور بھائی کو بہت پریشان کیا ہے ہمیں ڈرا دیا آپ نے۔۔۔۔۔۔

(ایمان ان کے گلے لگ کر روتے ہوئے بولتی ہے)

میں ٹھیک ہوں میری جان عروش اور خزیمہ کی کوئی خبر ملی۔۔۔۔

(ہاجرہ بیگم ایمان کے سر پر بوسہ دے کر پوچھتی ہیں)

ماما ولید کی کال آئی تھی انہیں عروش کے موبائل کی لوکیشن آن ملی ہے وہ اب ٹریس کر رہے۔۔۔۔۔۔۔۔

آچھا۔۔۔۔۔

ہاجرہ بیگم اپنی آنکھیں بند کر لیتی ہیں اور دل میں اللہ سے ان کی خیریت کی دعا کرتی ہیں

۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

کیا آغا جی آپ کو تو ہارٹ اٹیک ہی آ گیا۔۔۔۔۔

بہادر نہیں ہیں آپ بلکل بھی عروش کو آ لینے دیں پھر دیکھنا وہ آپ پر کتنا ہنسے گی۔۔۔

سہی کہہ رہی مہرو عروش نے کہینا کے دیکھا آغا جی میری گرینی آپ سے زیادہ

سٹرانگ ہے۔۔۔۔

(بی جان بول کر ہنس دیتی ہیں۔۔۔۔۔)

ارے بیگم صاحبہ آپ واقعی بہت بہادر ہیں میں کبھی مقابلہ نہیں کر سکتا آپ کا۔۔۔۔

علی وہ بہو کیسی ہے۔۔۔۔۔۔۔

ارے تم سب ادھر ہو بہو کے پاس بھی چلا جائے کوئی۔۔۔۔۔

آغا جی ماما ٹھیک ہیں اور ایمان ہے ماما کے پاس آپ فکر نہیں کریں۔۔۔۔۔

(آزاد آغا جی کو جواب دیتا ہے)

آغا جی زیب آپی کو بھیجتے ہیں چھوٹی ممانی پاس اپنی ساسوماں کی خدمت کرے گی تو ہی پیا کے دل میں جگہ بنا پائے گی۔۔۔۔۔

اور مہرو کی بات سن کر سب قہقہے لگا کر ہنس دیتے ہیں۔۔۔۔۔

زیب شرما کر روم سے بھاگ جاتی ہے۔۔۔۔

آزاد مہرو کے کان پکڑ لیتا ہے اور بولتا ہے۔۔۔۔

زیادہ نہیں بولنے لگ گئی تم مت تنگ کیا کرو۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اوے ہوئے ماہی وے محبتاں سچیاں وے۔۔۔۔

ہائے آزاد بھائی مجھے بھی آپ جیسا انسان ملے بس۔۔۔۔

پھر وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر ہنس پڑتے ہیں۔۔۔۔۔

صبح کا وقت تھا سورج کی ہلکی ہلکی روشنی پھیل رہی تھی ہوا سے ہلتے پتے اور پرندوں کی آوازیں بہت خوب صورت منظر پیش کر رہی تھیں۔۔۔۔۔

خزیمہ کی آنکھ کھلتی ہے وہ عروش کی طرف دیکھتا ہے لیکن وہ نہیں ہوتی ادھر وہ سب کی طرف دیکھتا ہے سب ہی سو رہے تھے۔۔۔۔۔

یہ کدھر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

وہ باہر نکلتا ہی ہے کے وہ اسے باہر بیٹھی ملتی ہے۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

عروش کیا ہوا یہاں اکیلی کیوں بیٹھی ہو۔۔۔۔

ادھر دیکھو مجھے تم رو رہی ہو کیا ہوا ہے۔۔۔۔

مجھے گھر جانا ہے ماما کے پاس وہ اپنے نام کو شو شو کر کے بولتی ہے اور کوئی چھوٹی سی معصوم سی بچی لگتی ہے۔۔۔۔۔۔

یاد تو مجھے بھی آ رہی سب کی اور سب ہمارے لیے پریشان بھی ہونگے ہم آج انشااللہ آگے کی طرف موو کرتے ہیں ٹھیک ہے۔۔۔۔

جی۔۔۔۔

بھوک لگ رہی تمہیں؟؟

ہاں جی بہت زیادہ اور یہ مجھے کل خراش آئی تھی ابھی بہت پین ہو رہی ہے۔۔۔۔

دکھاؤ یہ تمہیں کل لگی تھی اور تم مجھے اب بتا رہی ہو اور کدھر لگی چوٹ۔۔۔۔۔

گھٹنے پر بھی لگی ہے چوٹ سکن اتر گئی ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

تم۔ برداشت کیسے کر رہی ہو گھر میں ہوتی تو اب تک اتنا رولا ڈالتی کے سارا گھر سر پر اٹھایا ہوتا۔۔۔۔۔

گھر میں سب پیار کرتے ہیں اس لیئے شور مچاتی ہوں میں لیکن یہاں کون کرتا ہے

۔۔۔۔۔

میں۔۔۔۔۔(اچانک نکل جاتا ہے خزیمہ کے منہ سے)

عروش اچانک اس کی طرف دیکھتی ہے اور دونوں کی نظریں ملتی ہیں عروش فوراً اپنا چہرہ دوسری طرف کر لیتی ہے۔۔۔۔

اور خزیمہ اس کی اس حرکت سے مسکرا دیتا ہے۔۔۔۔۔

مسکرا تو عروش بھی رہی ہوتی ہے لیکن دوسری طرف منہ کر کے آج پہلی مرتبہ اسے خزیمہ کی آنکھوں میں غصے کے علاوہ کچھ اور دکھا۔۔۔۔۔۔

امم کچھ کھانے کیلئے ڈھونڈیں۔۔۔۔۔

خزیمہ کھڑا ہو کر اس کی طرف ہاتھ بڑھا کر پوچھتا ہے۔۔۔۔۔۔

عروش پہلے اس کا ہاتھ دیکھتی ہے اور پھر اس کو اور کچھ ہی دیر میں اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ دیتی ہے۔۔۔۔۔

پھر دونوں آگے کی طرف چل دیتے ہیں۔۔۔۔

نور آپی صبا آپی آفان اینڈ حارث بھائی ارے زندہ ہیں نہ آپ لوگ آٹھ جائیں۔۔۔۔

اوے شرم کرو پاگل۔۔۔۔۔

صبح ہو گی کیا۔۔۔۔۔

جی نور آپی ہو گئی آچھا یہ دیکھیں سیب میٹھے اور تازے۔۔۔۔

ارے واہ کدھر سے ملے۔۔۔۔۔

یہی جنگل سے ہی۔۔۔۔۔

ہی ہی ہی

اچھا اچھا۔۔۔۔۔

ویسے خزیمہ بھائی آپ کے نام کے معنی کیا ہیں؟

مجھے آپ کا نام بہت پسند ہے 😊

"مشہور صحابی کا نام تھا خزیمہ"

نور آپی آپ اپنے بیٹے کا نام رکھ لینا خزیمہ۔۔۔۔

اور صبا آپی آپ اپنی بیٹی کا نام عروش رکھ لینا۔۔۔۔۔

ہاہاہاہا یہ چیز آفان ہنستے ہوئے بولتا ہے۔۔۔۔

رش کی بات سن کر سب لوگ ہنس دیتے ہیں۔۔۔

عروش ٹھیک ہے میں اپنی بیٹی کا نام رکھ لوں گی لیکن مجھے پہلے معنی بتاؤ اپنے نام کے

۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"جنت کا فرشتہ"

واو آپ کے نام کے معنی بہت پیارا ہے اور آپ خود بھی بہت پیاری ہو۔۔۔۔۔

تھینک یو 🙈 PDI ❤️ LRI

آفان ہمیں آگے کیطرف موو کرنا چاہئے اب۔۔۔۔

بالکل اور شام ہونے سے پہلے ہم لوگوں کو آبادی والے ایریا میں جانا ہے۔۔۔۔۔

وہ لوگ باتیں کر رہے ہوتے ہیں کہ اُنہیں کتوں کے بھونکنے کی آواز آتی ہے۔۔۔۔۔

سالار شام ہونے سے پہلے ہم لوگوں کو تلاش کرنا ہے انہیں۔۔۔۔

ولید بولتا ہے۔۔۔۔۔۔

بالکل صحیح کہہ رہے ہیں ولید بھائی آپ ہم لوگوں نے ان کو ڈھونڈنا ہے اور سہی سلامت واپس لے کر جانا ہے انشاءاللہ

اور پھر آرمی کے کتے سونگھتے ہوئے ایک طرف بھاگتے ہیں۔۔۔۔۔

اور پھر کمانڈوز بھی اسی طرف جاتے ہیں۔۔۔۔

ولید اور سالار کو ایک جھونپڑی نظر آتی ہے۔۔۔

وہ آگے بڑھتے ہیں۔۔۔۔۔

یہ تو کتوں کے بھونکنے کی آوازیں ہیں۔۔۔۔

میں دیکھتا ہوں۔۔۔۔

وہ جیسے ہی باہر نکلتا ہے اسے سامنے سالار اور ولید کھڑے نظر آتے ہیں اور ساتھ کچھ کمانڈوز بھی۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

خزیمہ۔۔۔۔

(ولید خوشی سے چیخ کر نام لیتا ہے)

یہ تو ولید بھائی کی آواز تھی وہ بھی فوراً باہر آتی ہے۔۔۔۔

ولید بھائی۔۔۔۔۔

وہ بھاگتی ہوئی اس کے گلے لگ کر روتی ہے ولید بھائی شکر ہے آپ آ گئے آپ کو پتہ ہم اتنی اونچائی سے گرے۔۔۔۔۔

مینے آپ سب کو بہت مس کیا بہت زیادہ۔۔۔

میری چھوٹی سی گڑیا ہم بھی پریشان تھے آپ دونوں کے لئے۔۔۔۔۔

خزیمہ سالار سے ملتا ہے۔۔۔۔

اوے کتے تو نے جان ہی نکال دی تھی۔۔۔۔۔

ہاہاہاہا اتنی جلدی نہیں مروں گا۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اچھا جتنے بھی ہم لوگ اس بوکس میں تھے نہ ہم سب خیریت سے ہیں اللہ کے کرم سے

۔۔۔

یہ آفان شاہ ہے اور یہ ان کی وائف نور شاہ اور یہ حارث ہے اور ان کی وائف صبا

۔۔۔۔۔۔

ولید اور خزیمہ ایک دوسرے کے گلے لگتے ہیں۔۔۔۔

ٹھیک ہے تو یار؟؟

جان ہی نکال دی تھی۔۔۔۔۔

میں ٹھیک ہو یار اور سنا گھر میں سب خیریت ہے نا مما اور چھوٹی ماما اور آغا جی وغیرہ۔۔۔

سب ٹھیک ہے بس تم لوگوں کے لیے بہت پریشان تھے ہم لوگوں کو لگا کے ہم نے تم دونوں کو کھو دیا ہے۔۔۔۔۔

ولید بھائی تبریز اور آریز ٹھیک ہیں۔۔۔

عروش ولید سے پوچھتی ہے۔۔۔۔

ہاں وہ دونوں بھی ٹھیک ہے بس تم تمہاری وجہ سے یہاں ہی موجود ہیں گئے نہیں واپس اور رو رو کے تو دونوں نے میرا برا حال کیا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا وہ دونوں روے تھے بس ٹھیک ہے میں انہیں اب بہت تنگ کروں گی چھیڑوں گی ۔۔۔۔

ہاہاہاہا او کے۔۔۔۔

ہمیں نکلنا چاہیے ادھر سے۔۔۔۔۔

سالار خزیمہ اور ولید کو بولتا ہے۔۔۔۔

پھر سب لوگ وہاں سے نکل پڑتے ہیں۔۔۔۔۔

ماما جانی ابھی ولید کی کال آئی ہے اس نے بتایا کہ خزیمہ اور عروش بالکل ٹھیک ہے اور وہ لوگ واپس آرہے ہیں۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سچ میں میری میری عروش واپس آرہی ہے میرے اللہ نے میری سن لی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کب تک پہنچ رہے ہیں وہ ایمان بیٹا کچھ پتہ چلا۔۔؟

(آمنہ بیگم ایمان سے پوچھتی ہیں)

بڑی مما میری بات ہوئی تھی وہ کہہ رہے ہیں کہ وہ لوگ آج ہی نکلے گے یا پھر کل صبح

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اللہ کرے خیر خیریت سے پہنچ جائے سب بچے ہمارے۔۔۔۔

آمین ثم آمین

ارے ایمان بیٹی میرے خزیمہ، عروش تبریز اور آریز کی پسند کا کچھ پکالو آج میرے بچے خیر سے واپس آرہے ہیں اتنے دنوں بعد اور آزاد سے بولو صدقے کے بکرے لے آئے۔۔۔۔۔

جی ٹھیک ہے بی بی جان میں بنالیتی ہوں اور بھائی کو بول بھی دیتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔

جیتی رہ میری بچی اللہ تیرے نصیب اچھے کرے آمین۔۔۔۔۔

بہت ہی بہادر بچی ہے سب کا خیال رکھا اس نے۔۔۔۔

بی بی جان بیٹی بھی تو میری ہے۔۔۔۔(بڑی تائی بولتی ہیں)

بڑی بہو شکر ہے تمہیں ایمان پسند ہے ورنہ مجھے اس کی فکر ہی لگی رہتی۔۔۔۔۔

بس بی جان آپ میرے پیچھے پڑی رہا کرے میں تو کبھی آپ کو آچھی نہیں لگ سکتی

۔۔۔۔۔۔

شمیم بیگم بول کر ادھر سے چلی جاتی ہیں۔۔۔۔۔

تبریز، آریز یہ دیکھو کون آیا ہے۔۔۔۔۔

عروش۔۔۔۔۔۔۔(وہ چیختے ہوئے اس کی طرف بھاگتے ہیں)

کہاں چلی گئی تھی تم تمہیں پتہ ہے تم نے ہم دونوں کو کتنا تنگ کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔

تمہیں کچھ ہو جاتا تو ہم دونوں بھی مر جاتے۔۔۔۔

وہ تینوں ایک دوسرے کے گلے لگ کر رو رہے تھے۔۔۔۔

میں ٹھیک ہوں میں نے تم دونوں کو بہت مس کیا۔۔۔۔۔

مجھے لگا کے ہم اب کبھی نہیں مل سکیں گے اور میں مر جاؤں گی۔۔۔۔۔۔

ایسے کیسے مر جاتی ہاں۔۔۔۔۔

آئندہ بکواس نہ کرنا منہ توڑ دیں گے تمہارا ہم۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا آچھا سوری بابا آئندہ نہیں بولتی میں۔۔۔۔۔۔۔

(عروش دونوں کو جواب دیتی ہے)

لالہ کدھر ہیں۔۔۔۔۔(تابی پوچھتا ہے)

ہم مل کر آتے ہیں۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں نیچے خزیمہ اور ولید کے پاس جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

لالہ۔۔۔۔۔(وہ دونوں بھاگ کر خزیمہ سے لگ کر رونا شروع کر دیتے ہیں)

لالہ شکر ہے آپ ٹھیک ہیں۔۔۔۔۔۔

اوئے شیر بنو رو کیوں رہے ہو؟؟؟؟

شیر ہی ہیں ہم۔۔۔

وہ دونوں منہ بنا کر بھائی کو بولتے ہیں۔۔۔۔۔

پھر انہیں کافی دیر ہو جاتی ہے باتیں کرتے ہوئے۔۔۔۔۔

اس سے بہتر تو جنگل تھا تھوڑا سہی مگر کھانے کو کچھ نہ کچھ مل ضرور رہا تھا لیکن ادھر بھوکے مارنے کے اثرات لگ رہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(عروش سب کا انتظار کر رہی تھی اور پھر جب بھوک شدت پکڑ چکی تو نیچے آ گئی تھی اور ادھر ہوتے ایمو شنل ڈرامے اور ان کو اتنی دیر سے باتیں کرتے دیکھ کر بول ہی پڑی ۔۔۔۔؟

وہ چاروں اس کی طرف دیکھتے ہیں اور پھر ایک ساتھ قہقہہ لگا دیتے ہیں۔۔۔۔۔

چلو یار مجھے بھی بھوک لگ رہی ہے اور ولید تمہیں میں نے آفان اور حارث کا نمبر لینے

کا بولا تھا تم نے لیا؟؟؟

ہاں یار لیا اور اُنہیں کراچی کے لئے روانہ کر دیا میں نے۔۔۔۔

That's Good thanks yar😍

چلو جلدی ورنہ پھر آجانا اس نے۔۔۔۔۔

ہاہاہا چلو چلو۔۔۔۔۔۔

اور پھر چاروں اس روم میں چلے جاتے ہیں جدھر انہوں نے کھانا کھانا تھا۔۔۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

کھانا کھانے کے بعد خزیمہ باہر ٹریس پر جا کے بیٹھ جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

تو ادھر بیٹھا ہوا ہے جناب اور تیرے لیے ایک نیوز ہے۔۔۔۔۔۔

نیوز کیسی نیوز زولید سے خزیمہ پوچھتا ہے)

تیرے سر بھی سہرا سجنے والا ہے میرے بھائی۔۔۔۔

ایک منٹ ایک منٹ یہ کیا بول رہا تو؟؟؟

ارے میرے بھائی تو بھی دولہا بنے گا گھوڑی چڑھے گا ہاہاہا۔۔

کیا مطلب ہے یار مجھے کھل کر بتا پہلیاں نہ بوجھوا۔۔۔۔۔۔۔

جگر تیری شادی ہو رہی ہے ہمارے ساتھ ہی میرا مطلب ہے کے جب ہماری تاریخ طے ہوئی تب ہی تمہاری بھی ہو گی۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب ہے یار کس سے کس سے ہو رہی ہے شادی اور کس کو پسند کیا ہے مما بابا نے بھونک دے ورنہ میں تیرا منہ توڑ دوں گا میرا دل بیٹھا جا رہا ہے۔۔۔۔؟؟؟

آئے ہائے بنے میاں صبر رکھ صبر۔۔۔۔۔۔۔

ویسے انہوں نے اسی کو پسند کیا جن کو ان کا بیٹا پسند کرتا ہے۔۔۔۔

کیا؟؟؟؟(خزیمہ زور سے چلاتا ہے)

ہاہاہا کیوں کیا ہوا تمھیں کیا لگا تم ہم سب سے چھپالو گے ہمیں خبر نہیں ہو گی بچپن سے تیری نظر عروش پر تھی نہ تو بڑا خبیث ہے سب پتہ مجھے اور ایمان کو بھی گھنے میسنے انسان۔۔۔۔

آہم آہم آہم

(خزیمہ مصنوعی کھانس دیتا ہے اس کی بات سن کر)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

بس اب عروش میڈم کا ری ایکشن دیکھنا ہے۔۔۔۔۔

(ولید بولتا ہے)

یار ولید وہ نہیں مانے گی اور اس نے بہت واویلا مچانا ہے۔۔۔۔

یار تو وہ مجھ پہ اور بی جان پر چھوڑ دے وہ ہم کر لیں گے۔۔۔۔۔

سردی بڑھ رہی ہے چلو روم میں چلتے ہیں۔۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

وہ دونوں جیسے پوہنچتے ہیں عروش میڈم تبریز اور آریز کو سٹوری سنا رہی ہوتی ہے جنگل کی۔۔۔۔۔۔

لالہ آپ نے عروش کو دھمکیاں دی تھی نیچے گرانے کی۔۔۔۔

ہاہاہایار تب یہ چیخ رہی تھی۔۔۔۔۔

جو بھی ہے میں آغا جی کو بتاؤ گی۔۔۔۔۔(عروش روتے ہوئے بولتی ہے کیونکہ سب کو دیکھ کر اسے ن مئے سرے سے ساری باتیں یاد آرہی تھی)

اوکے بتادینا فلحال سو جاؤ.....

عروش روم میں جاؤ اپنے ساتھ والا روم ہے تمہارا تھک گئی ہو گی نہ ریسٹ کر لو پھر صبح گھر بھی جانا ہے۔۔۔۔۔۔

اوکے ولید بھائی میں جارہی۔۔۔۔۔۔

GoodNight Everyone 😴

عروش کے جاتے ہی وہ لوگ بھی بستر پر لیٹ جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

وہ ابھی سوتے ہی ہیں کہ دروازے پر دستک ہوتی ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ دروازہ کھولتا ہے۔۔۔۔۔۔

عروش تم کیا ہوا ہے رو کیوں رہی ہو؟

آشیر و میرے روم میں جن ہے مجھے نہیں جانا واہا مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔۔۔۔

لو جی تم سے بڑا بھی کوئی جن ہو گا ایڈیٹ چپ کر کے سو جاؤ جا کر کچھ نہیں ہے او کے

۔۔۔۔۔۔

میں نہیں جا رہی ادھر آپ جا کر سو جاؤ اور مجھ پر خام خاہ میں روب نہ جمایا کریں

۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

عروش خزیمہ کو ایک انگلی دکھا کر وارن کرتی ہے۔۔۔۔

بتاؤ تمہیں میں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

(خزیمہ عروش کی طرف قدم اُٹھاتا ہے)

آماما عروش چلا کر تبریز اور آریز کے پاس بھاگ کر چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔

بچاؤ مجھے تم دونوں کیسے بھائی ہو میرے اٹھو حفاظت کرو میری۔۔۔۔۔۔

نہیں زکوٹا جن تمہیں کسنے کہا تھا اس دیو سے پنگا لینے کا خود بھی مرو گی ہمیں بھی مرواؤ گی۔۔۔۔۔

ولید بھائی مجھے سچ میں ڈر لگ رہا تھا وہاں کچھ تھا بھائی میں جھوٹ نہیں بول رہی۔۔۔۔۔

پلیز س دیو کو اپنے پاس بلائے۔۔۔۔۔

ہاہاہاہا اوئے دیو آجا ادھر نہ کر تنگ اسے میں نے پہلے ہی کہا تھا وہ ڈر جائے گی اکیلے روم میں خیر آجا ادھر سو جا میرے شیر۔۔۔۔۔۔۔

خزیمہ کا منہ دیو کہلانے پر کھلا کا کھلا رہ جاتا ہے۔۔۔۔۔

ادھر ہو کر سو جاؤ میں بھی سونا اِدھر۔۔۔۔

عروش تبریز اور آریز کو ایک سائیڈ کر کے خود چوڑی ہو کر سو جاتی ہے۔۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

ابھی آدھی رات گذرتی ہے کے آریز کی درد بھری آوازیں نکلتی ہیں۔۔۔۔۔

خزیمہ لائٹس آن کرتا ہے۔۔۔۔

تابی کیا ہوا تمھیں؟؟؟

بھائی یہ عروش ٹانگیں مار رہی میرے پیٹ میں درد شروع ہو گئی ہے۔۔۔۔۔

کیا اٹھا کے باہر پھینک دوں اسے میں سونا بھی نہیں آتا اسے چڑیل کہیں کی۔۔۔۔

ہاہاہا نہیں بھائی میں ٹھیک ہوں آپ سو جاؤ تھک گئے ہو گے آپ بھی۔۔۔۔

آچھا اٹھو آؤ ہمارے ساتھ سو جاؤ۔۔۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔(تابی اٹھ کر ان کے بیڈ پر آجاتا ہے)

لالہ۔۔۔۔۔؟

جی۔۔۔۔۔

آی لو یو i love you

آپ دنیا کے سب سے آچھے بھائی ہو۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کے گلے لگے ہوتے ہیں ولید کی آواز سن کر اس کی طرف

دیکھتے ہیں۔۔۔۔

کیا ہوا تم دونوں کو اور یہ کیسا سین ہے؟

ویسے تابی کو کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔

عروش نے مارا ہے۔۔۔۔۔۔

ہاہاہاہاہاہااومائی گاڈ۔۔۔۔۔

مجھے پی بتاؤ بس ایمان تو نہیں مارتی نہ؟؟؟

اس کے پوچھنے کے اسٹائل سے خزیمہ کو ہنسی آجاتی ہے۔۔۔۔۔

نہیں ولید بھائی ایمان آپی تو تمیز سے سوتی ہیں۔۔۔۔۔

جنگلی بس یہ ہے۔۔۔۔۔(اب کے خزیمہ بولتا ہے)

پتہ نہیں اپنے شوہر کا کیا حشر کرے گی۔۔۔۔۔۔

ہاہاہاہاہاہاہابچارا شوہر

(ولید تبریز کی بات پر قہقہہ لگا کر ہنس دیتا ہے)

چلو سو جاؤ یار مجھے قسمے نیند آ رہی ہے بہت زیادہ۔۔۔۔۔

خزیمہ جلدی سے بات بدل دیتا ہے کیونکہ ولید اس کی طرف آنے والا تھا۔۔۔

صبح کا ناشتہ کر کے وہ لوگ گھر کی طرف نکل پڑتے ہیں۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

3 گھنٹوں میں وہ لوگ پہنچ جاتے ہیں۔۔۔۔۔

سب گھر والوں سے ملتے ہیں۔۔۔۔۔

آغا جی کے روم میں جاتے ہیں

عروش آغا جی کو دیکھ کر بہت روتی ہے۔۔۔۔

آغا جی میں نے آپ کو بہت مس کیا آغا جی شیرو نے مجھے دھمکیاں بھی دی تھیں

۔۔۔۔۔

وہ آغا جی کو خزیمہ کی شکایا تیں لگاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

آغا جی کے روم میں سب لوگ بیٹھ کر دیر تک باتیں کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔

عروش بیٹا فریش ہو جاؤ آپ ابھی پھپھو بھی آجائیں گی آپ کی۔۔۔۔

جی او کے ماما۔۔۔۔۔۔

وہ اٹھ کر اپنے روم میں چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔(

خزیمہ بھی اٹھ رہا ہوتا ہے کے آغا جی اسے بیٹھنے کا بولتے ہیں)۔۔۔۔۔

رو کو خزیمہ تم اور باقی سب بچہ پارٹی جائے ادھر سے۔۔۔۔۔

سب بچے چلے جاتے ہیں وہاں سے۔۔۔۔۔

جی آغا جی۔۔۔۔۔۔

بیٹا ہم نے تمہارے لئے ایک فیصلہ کیا ہے ہمیں امید ہے تم ہمیں ناامید نہیں کرو گے

۔۔۔۔۔۔

جی آغا جی آپ حکم کیجیئے۔۔۔۔۔۔

ہم نے تمہاری شادی عروش سے طے کر دی ہے تمہیں کوئی اعتراض۔۔۔۔۔۔۔

؟؟؟؟

اُغا جی آپ سب بڑوں کا حکم سر آنکھوں پر آپ کے فیصلے سے مجھے اعتراض کیسے ہو سکتا بھلا۔۔۔۔

آپ لوگ عروش سے پوچھ لیں بس۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے بیٹا جیتے رہو ہمیں اسی جواب کی امید تھی جاؤ ریسٹ کرو آپ بھی۔۔۔۔۔

جی آغا جی۔۔۔ خزیمہ بھی اپنے کمرے کی طرف بڑھ جاتا ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨

شام کا وقت تھا خان ہاؤس میں کافی دنوں بعد خوشیاں واپس آئی تھی۔۔۔۔۔۔

سب بڑے لوگ آغا جی کے کمرے میں موجود تھے ادھر میٹنگ یو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

سب بچہ پارٹی لان میں بیٹھے تھے (بوائز)۔۔۔۔۔۔

ایمان اور زیب چائے بنا رہی تھیں۔۔۔۔۔

مہرو عروش کے روم میں تھی۔۔۔۔۔

اوے یہ کتنے لیول کا ہے یہ میں رکھ رہی۔۔۔۔۔

مہرو عروش کا بریسلیٹ رکھتے ہوئے بولتی ہے۔۔۔۔۔

مہروتوں کتنی ظالم ہے تجھے فرینڈ سے کزن سے مطلب ہی نہیں کے میں زندہ کیسے بچی؟؟؟؟؟

تجھے بس چیزوں سے غرض ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ہاں تو سامنے بیٹھی ہے توں میرے اب آرتی اتارو تیری کیا۔۔۔۔
عدنان صاحب منصور کو یاد کر کے مزید روتے ہیں۔۔۔۔۔

جو بھی ہے پر اسے غلط راہ پر جاتا دیکھ کر انہیں بہت دکھ تھا کیونکہ وہ ان کی بہن کا بیٹا تھا

۔۔۔۔۔

اگر منصور جیسے بیٹے ہوتے ہیں

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

تو اچھا ہے کہ میرا کوئی بیٹا نہیں۔۔۔۔۔

(وہ روتے ہوئے خود سے بات کرتے ہیں)

انہیں آج اپنی سوچ پر گھن آ رہی تھی جو

وہ بیٹیوں کی بجائے بیٹے کی چاہ میں تھے۔۔۔

لیکن آج انہیں فخر تھا اپنی بیٹیوں پر ان کی

طربیعت پر۔۔۔۔۔۔۔

(عدنان صاحب کچھ سوچتے ہوئے اپنی

آنکھیں صاف کرتے ہیں.....

اور پھر کمرے کا دروازہ کھولتے ہی صحن سے ہوتے یوئے مین دروازے سے باہر چلے

جاتے ہیں)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

کدھر جارہے آپ۔۔۔۔

(پیچھے صائمہ بیگم آواز دیتی رہ جاتی ہے)

✨✨✨✨✨✨✨

خزیمہ اپنی گاڑی ایک فائیو سٹار ہوٹل کے سامنے روکتا ہے۔۔۔۔

عروش ہوٹل کے سامنے گاڑی رکتے دیکھ کر

حیرانی سے منہ کھولے خزیمہ کو دیکھ رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ ہنستے ہوئے ایسے کیا دیکھ رہی ہو

کیا ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔

نہیں مطلب یہ آپ ہیں

(وہ خزیمہ کے ماتھے پر ہاتھ رکھتی ہے کے کہی بخار تو نہیں)

یہ واقعی آپ نے گاڑی روکی ہوٹل کے سامنے

پر آپ کو تو وہ ہوٹلنگ کرنا بلکل پسند نہیں ہے۔۔۔۔۔

نہیں مجھ سے زبردستی رکوائی گئی ہے

میں نے ہی روکی ہے پاگل۔۔۔۔۔

(وہ چڑ کر عروش کو بولتا ہے)

پسند تو مجھے واقعی ہی نہیں ہے لیکن کبھی کبھی میں ہوٹلنگ کر لیتا ہوں اور اگر پارٹنر اچھا

ہو تو۔۔۔۔۔۔

(خزیمہ عروش کو ایک آنکھ بند کر کے بولتا ہے)

ہاہاہاہا فلرٹ کر رہے ہیں میرے ساتھ؟؟(عروش ہنستے ہوئے اپنے دائیں آنکھ کی آئبرو

اوپر اٹھا کر خزیمہ سے بولتی ہے۔۔۔۔۔۔)

ہاہاہا آر یو سریس؟

میں تم سے فلرٹ کیوں کروں گا؟

تم میری بیوی ہو میں تم سے پیار کرتا ہوں میں تو کھلم کھلا اپنی محبت کا اظہار کر سکتا ہوں تم سے۔۔۔۔۔

(خزیمہ عروش کی بات پر زور سے قہقہہ لگاتے ہوئے اسے بولتا ہے)

اچھا چلیں اب کچھ کھا پی لیتے ہیں مجھے تو بوکھ لگنے لگ گئی ہے۔۔۔۔۔

(عروش اس کی بات سے بلش ہو جاتی ہے اور پھر بات ٹال کر کھانے کا بولتی ہے

۔۔۔۔)

وہ دونوں گاڑی سے اتر کر ہوٹل میں اینٹر ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔

عدنان صاحب پولیس اسٹیشن کے سامنے کھڑے ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

اپنی آنکھوں سے بہتے آنسو صاف کرتے ہوئے پولیس سٹیشن کے اندر جاتے ہیں

۔۔۔۔

مجھے اے ایس پی صاحب سے ملنا ہے۔۔۔۔

وہ سامنے اپنی سیٹ پر بیٹھے تھنے دار سے بولتے ہیں۔۔۔

صاحب میٹنگ میں ہیں آپ مجھے بتائیں کیا کام ہے۔۔۔۔۔۔

نہیں میں ان کا انتظار کر لوں گا جب وہ فری ہو تو مجھے بتایئے گا میں یہاں بیٹھا ہوں

ہو۔۔۔۔؟

عدنان صاحب بولتے ہی پیچھے رکھے بینچ پر بیٹھے جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر میں میں ایک سپاہی آکر عدنان صاحب کو اے ایس پی ارمان کے آفس میں لے جاتا ہے۔۔۔۔۔

پھر وہ سپاہی باہر چلا جاتا ہے۔۔۔۔

بیٹھیے سر!

ارمان عدنان صاحب کو کھڑا دیکھ کر بیٹھنے کا بولتا ہے۔۔۔۔۔

شکریہ بیٹا۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

(عدنان صاحب چیئر پر بیٹھتے ہوئے بولتے ہیں)

جی سر کیسے آنا ہوا آپ کا؟

ارمان کو دیکھ کر عدنان صاحب تھوڑا گھبرا جاتے ہیں ہیں کہ وہ بتائیں یا نا بتائیں۔۔۔۔

انہیں گھبراتا دیکھ کر ارمان ان کے سامنے پانی کا گلاس رکھتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

سر دیکھے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔آپ کو جو کچھ پتا ہے بتائیں۔۔۔۔۔

یا اگر آپ نے کچھ دیکھا ہے تو بھی آپ مجھے ڈرے بغیر بلا جھجک بتا سکتے ہیں۔۔۔۔

مجھے نہیں پتا کہ کیا دیکھا ہے یا آپ کو کیا معلوم ہے۔۔۔۔۔۔

لیکن آپ مجھ پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔۔۔۔۔

عدنان صاحب ارمان کی بات سن کر تھوڑا ری لیکس ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

اور پھر اسے وہ سارا واقع سنا دیتے ہیں جو انہوں نے ابھی کچھ دیر پہلے دیکھا تھا۔۔۔۔۔

آرمان عدنان صاحب کی ساری بات سن کر سمجھ جاتا ہے کہ یہ وہ گروہ ہے جو لڑکیاں کرنیپ کر رہا ہے۔۔۔۔۔۔

پھر اے ایس پی ارمان ان سے ان کا نمبر لیتا ہے۔۔۔۔

اور منصور کا اڈریس وغیرہ لکھوا لیتا ہے۔۔۔۔اور پھر انہیں تسلی دیتا ہے کہ سب ٹھیک ہو جائے گا ہم مجرموں کو ضرور گرفتار کریں گے اور انکو انکے کیئے کی سزا ضرور ملے گی

۔۔۔۔

عدنان صاحب اب خود کو ہلکا پھلکا محسوس کر رہے تھے اور وہ پھر وہاں سے گھر کے لے نکل

پڑتے ہیں۔۔۔۔۔۔

سڑک پر چلاتے ہوئے ان کے دل میں سو وسوسے آرہے تھے انہیں ڈر تھا کہ اگر ان کو کچھ ہو گیا تو ان کی بیٹیوں کا کیا بنے گا۔۔۔۔

وہ انہی سوچوں میں ہوتے ہیں کہ ان کا سر چکرا جاتا ہے اور وہ بائیک سھنبال نہیں پاتے اور سڑک پر بیہوش ہو کر گر جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

اور سامنے سے آتی گاڑی سن کے پاس جا کر

عین وقت پر بریک لگا دیتی ہے۔۔۔۔۔

اگر بریک وقت پر نا لگتی تو گاڑی عدنان

صاحب کو کچلتے ہوئے چلی جاتی۔۔۔۔۔

خزیمہ اور عروش لنچ کرنے کے بعد واپس

آرہے ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

خزیمہ خاموشی سے گاڑی ڈرائیو کر رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔

عروش گاڑی میں خاموشی سے تنگ آکر ایف ایم کا بٹن پریس کر دیتی ہے۔۔۔۔۔

This Beautiful Song i dedicated to

the Beautiful Couples ❣️

You're Listing FM-1029

With Zarwa Ali

NEW ERA MAGAZINE .com
els|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آپ کے پیار میں ہم سنورنے لگ

دیکھ کر آپکو ہم نکھرنے لگے

اس قدر آپ سے ہم کو محبت ہوئی

اس قدر آپ سے ہم کو محبت ہوئی

ٹوٹ کے بازو میں بکھرنے لگے

آپ کے پیار میں ہم سورنے لگے

کیا ہے کیوں بند کیا ہے۔۔۔۔

خزیمہ عروش کوFM بند کرتے ہوئے دیکھ کر بولتا ہے۔۔۔۔۔۔

پہلے مجھے یہ بتائیں مسکرا کیوں رہے ہیں

میں سر پھاڑ دینا آپ کا۔۔۔۔۔

(عروش اسکو مسکراتے دیکھ کر ہی بند کیا تھا

جو ابھی عروش کو دیکھتے ہوئے بھی

مسکرا رہا تھا تھا)

ہاہاہاہا یار اب نہیں مسکرانا چلا دو پلیز۔۔۔۔۔

میرا فیورٹ سانگ ہے۔۔۔۔۔

(خزیمہ عروش کو ہنستے ہوئے بول کر خود ہی ایف ایم کا بٹن پریس کر دیتا ہے)

آپ جو اس طرح سے تڑپائیں گے

ایسے عالم میں پاگل ہو جائیں گے

وہ مل گیا جسکی ہمیں کب سے تلاش تھی

بے چین سی ان سانسوں میں

جنموں کی پیاس تھی

جسم سے روح میں ہم اترنے لگے

جسم سے روح میں ہم اترنے لگے

چیپ چوائس ہے آپ کی۔۔۔۔

عروش سے اور برداشت نہیں ہوتا وہ اسے دیکھ کر بولتی ہے اور غصے سے زور سے ایف

ایم بند کر دیتی ہے۔۔۔

ہاہاہا

گاڑی میں خزیمہ کے جاندار قہقہے کی

آواز آتی ہے۔۔۔۔

اور عروش شرم سے سکڑ کر اپنے شیشے سے

باہر کی طرف دیکھ رہی ہوتی ہے کہ اچانک

خزیمہ گاڑی کو بریک لگاتا ہے۔۔۔۔۔

اور عروش کی چیخ پوری گاڑی میں گونجتی ہے۔۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨

خزیمہ عروش کی بات پر مسکراتے ہوئے ڈرائیو کر رہا تھا کے اچانک

خزیمہ کی گاڑی کے سامنے مین روڈ پر ایک

بائیک سوار گر جاتا ہے۔۔۔۔

وہ اسے بچانے کے لئے جلدی سے بریک لگاتا ہے۔۔۔

اور وہ کامیاب بھی ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔

لیکن بریک لگنے کی وجہ سے سے عروش کا سر ڈیش بورڈ پر جا کر لگتا ہے۔۔۔۔

سیٹ بیلٹ پہنے ہونے کی وجہ سے ان دونوں کو کچھ نہیں ہوتا لیکن عروش کا سر ڈیش بورڈ سے ٹکرانے کی وجہ سے درد کر رہا ہوتا ہے

آہ ماما۔۔۔

روش درد سے بولتی ہے۔۔۔۔

خزیمہ عروش کو ایک نظر دیکھتا ہے وہ

ٹھیک ہوتی ہے۔۔۔۔۔

تو وہ فوراً گاڑی سے اتر کر بائیک سوار کی طرف بڑھتا ہے۔۔۔۔۔

وہاں لوگوں کا ہجوم بھی لگ جاتا ہے۔۔۔

خزیمہ اس بائیک والے کو دیکھتا ہے۔۔۔۔

انکل آپ ٹھیک ہیں۔۔۔؟

خزیمہ ان کو یونیورسٹی میں ایک دو دفع

دانیہ کو چھوڑتے ہوئے دیکھ چکا تھا اس لیے وہ پہچان لیتا ہے کہ یہ دانیہ کا فادر

ہے۔۔۔۔۔

عدنان صاحب درد میں ہوتے ہیں ان کے جسم پر زخم ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔

پلیز کوئی مدد کرے میری ان کو اٹھانے میں گاڑی میں لٹانے کے لیے آئے مجھے جلدی

سے انہیں ہوسپیٹل لے کر جانا ہے۔۔۔۔

پھر دو لوگ خزیمہ کی مدد کر کے عدنان صاحب کو اس کی گاڑی کی پچھلی سیٹ پر لٹاتے

ہیں۔۔۔۔۔

خزیمہ جلدی سے آ کر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھتا ہے اور گاڑی بھگا دیتا ہے۔۔۔۔۔۔

عروش گاڑی کی پچھلی سیٹ پر نظر ڈالتی ہے۔۔۔۔۔۔

خزیمہ یہ تو عدنان انکل ہیں دانیہ کے فادر۔۔۔

عروش پریشان سے ہو کر خزیمہ کو بولتی ہے۔۔

ہاں جانتا ہوں تم ایسے کرو دانیہ کو فون کر دوں سسے کہو کہ وہ ہو سپیٹل آجائے۔۔۔۔

جی آچھا۔۔۔۔۔

عروش دانیہ کو کال کر کے ہو سپیٹل بلاتی ہے

لیکن اسے یہ نہیں بتاتی کے اس کے فادر کا ایکسیڈنٹ ہوا ہے۔۔۔۔۔

وہ اسے اپنے ایکسیڈنٹ کا بتاتی ہے۔۔۔۔

خدام ایک نظر اُس کے ماتھے پر دیکھتا ہے

تو نیل کا نشان ہوتا ہے۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨

دوسری طرف دانیہ مہرو کو عروش اور خزیمہ کے ایکسیڈنٹ کا بتا دیتی ہے۔۔۔۔

اور خان ہاؤس میں کرھام مچ جاتا ہے۔۔۔۔

خزیمہ اور عروش عدنان صاحب کو ہوسپیٹل

لے کر جاتے ہیں۔۔۔۔

ایمر جنسی وارڈ میں انہیں منتقل کر دیا جاتا

ہے۔۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں دانیہ اور تانیہ دونوں آجاتی ہیں۔۔۔۔

عروش!

(دانیہ عروش کو پکارتی ہے۔۔۔۔۔)

وہ ریسیپشن سے خزیمہ کا پوچھنے لگتی ہیں کے سامنے ہی انہیں خزیمہ اور عروش کھڑے

ہوئے نظر آتے ہیں۔۔۔۔۔۔

تم ٹھیک ہو نا اور سر آپ ٹھیک ہیں۔۔۔۔

(دانیہ عروش کے گلے لگ کر پریشانی سے پوچھتی ہے)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

میں ٹھیک ہوں دانیہ لیکن وہ انکل میرا

مطلب تمہارے بابا وہ ایمر جنسی میں ہیں

اُنہیں کافی چوٹیں لگی ہیں۔۔۔۔۔

عروش خزیمہ کو اک نظر دیکھ کر دانیہ کو

بتاتی ہے۔۔۔۔۔

کیا!

کیا ہوا ہمارے ابو کو۔۔۔۔۔

(تانیہ جو تھوڑا سا ئیڈ پر کھڑے ہو کے

دانی اور عروش کی باتیں سن رہی تھی

اچانک سے عروش کے پاس آ کر اسے بازو سے

پکڑ کر بولتی ہے۔۔۔۔۔

ریلیکس بچوں کچھ نہیں ہوا وہ ٹھیک ہیں

بس تھوڑی رگڑ وغیرہ آئی ہے۔۔۔۔۔۔

پھر خزیمہ انہیں ساری بات بتا دیتا ہے اور

وہ دونوں پریشان سی ہو کر وہی پاس پڑے بینچ پر بیٹھ جاتی ہیں۔۔۔۔

دانیہ ادھر ہی بیٹھوں میں عروش کے ماتھا

ڈاکٹر کو چیک کروا کر ابھی آتا ہوں۔۔۔۔

جی او کے سر۔۔۔

خزیمہ عروش کو کلائی سے پکڑ کر ڈاکٹر

کے روم کی طرف بڑھتا ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ اور عروش ڈاکٹر کے آفس میں اینٹر ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

ڈاکٹر عروش کے سر دزخم کو دیکھتا ہے۔۔۔

مسٹر خزیمہ نہیں ٹینشن کی کوئی بات نہیں

میں کریم اوپر لگانے کیلئے لکھ کر دے رہا ہوں اور ساتھ میں پین کلر بھی جب پین ہو تو

کھا لینی ہے ایک گولی۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے ڈاکٹر تھینک یو سو مچ۔۔۔۔

(خزیمہ کھڑے ہو کر ڈاکٹر سے ہاتھ ملا

کر بولتا ہے پھر وہ دونوں باہر نکل جاتے ہیں)

وہ دونوں جیسے ہی دانیہ اور تانیہ کے پاس

پہنچتے ہیں۔۔۔۔۔

انہیں وہاں اپنی فیملی کھڑی نظر آتی ہے۔۔۔۔

(آمنہ بیگم، تبریز اور آریز)

اوہ شکر اللہ جی میرے بچے ٹھیک ہیں۔۔۔۔

(اُنہیں اُدھر کھڑا دیکھ کر آمنہ بیگم شکر ادا کرتی ہیں اور جا کر ان دونوں کو گلے لگا لیتی ہیں)

آپ سب لوگ ادھر کیسے آئیں ہیں؟؟؟

(خزیمہ حیران سا ہو کر ان سے پوچھتا ہے)

بھائی مہرو کی کال آئی تھی اس نے بتایا تھا کہ آپ دونوں کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔۔۔

ہم سب یہاں کیسے پہنچے ہیں یہ ہمارا اللہ جانتا ہے۔۔۔۔

اسنے ہمہاری جان ہی نکال دی تھی۔۔۔۔۔

لیکن یہاں آکر میں ساری بات پتہ چل گئی ہے دانیہ اور تانی سے۔۔۔۔۔۔

(تبریز تقریبا روتے ہوئے خزیمہ کو بولتا ہے)

خزیمہ اس کی بات سن کر اس کے چہرہ دیکھ کر ہنس دیتا ہے۔۔۔۔۔

پھر چلتا ہوا تبریز کے پاس جا کر اسے گلے سے لگا لیتا ہے

"ارے پاگل ہو کچھ بھی نہیں ہوا ٹھیک ہیں ہم"

انہیں ایسے دیکھ کر

آمنہ بیگم اللہ سے ان کی خوشیوں کی دعا مانگتی ہیں۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨

کچھ دیر میں ڈاکٹر بتاتا ہے کہ پیشنٹ (مریض) کو کو ہوش آگیا ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ دانیہ اور تانیہ کو کو اس روم میں بھیجتا ہے جہاں عدنان صاحب کو شفٹ کیا تھا

۔۔۔۔

عدنان صاحب بیڈ پر لیٹے ہوتے ہیں اور اوپر

چھت کو دیکھ رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔

ابا!

جانی پہچانی سی آواز عدنان صاحب کے کان میں پڑتی ہے وہ اپنے دائیں جانب گردن گھما کر دیکھتے ہیں تو دانیہ اور تانیہ کھڑی رو رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

اب آپ ٹھیک ہیں نا کیا ہو گیا تھا آپ کو۔۔۔

(دانیہ روتے ہوئے اپنے باپ کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولتی ہے۔۔۔۔۔۔)

عدنان صاحب دانیہ اور تانیہ کو دیکھ کر مسکرا دیتے ہیں۔۔۔۔۔

میں بالکل ٹھیک ہوں میرے بچوں۔۔۔۔

(وہ بہت محبت اور پیار سے بولتا ہے)

تم اپنے سر کو بھیجنا میرے پاس دانیہ

اور تم دونوں فلحال جاؤ یہاں سے۔۔۔۔۔

وہ دونوں پریشانی سے ایک دوسرے کو دیکھتیں ھیں۔۔۔۔۔۔

اور چپ چاپ کمرے سے باہر چلی جاتی ہیں۔۔۔

باہر جا کر وہ خزیمہ کو بتاتی ہیں کہ ابو بلا رہے انہیں۔۔۔۔

خزیمہ انکی بات سن کر فورا سے روم میں چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

خزیمہ کے جاتے ہی دانیہ اور تانیہ ایک دوسرے کیطرف دیکھتی ہیں۔۔۔۔۔

ٹھیک بیس منٹ بعد خزیمہ روم سے باہر آجاتا ہے۔۔۔۔۔۔

دانیہ تانیہ اور وہاں موجود سب لوگوں کی

آنکھیں خزیمہ سے سوال کر رہی ہوتی ہیں کہ کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔

دانیہ ڈاکٹر سے میری بات ہو گئی تھی۔۔۔۔

وہ کہہ رہے ہیں کہ انکل کو آپ لوگ گھر لے جا

سکتے ہو وہ بلکل ٹھیک ہیں۔۔۔۔۔۔

میں ڈسٹارج کی رسید وغیرہ بنوا کر آتا ہوں

ریسیپشن سے۔۔۔۔۔۔

وہ بول کر وہاں سے چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

منصور صوفے پر لیٹ کر ٹی وی دیکھ رہا ہوتا ہے کہ ڈور بیل بجتی ہے۔۔۔۔

اماں کدھر ہے توں؟؟؟

وہ اپنی ماں کو آواز دیتا ہے لیکن اسے کوئی

جواب نہیں ملتا وہ پھر اٹھ کر دروازے کی طرف بڑھتا ہے ہے اور دروازہ کھول دیتا ہے

۔۔۔

لیکن سامنے پولیس کو دیکھ کر کر وہ بھاگنے کی کوشش کرتا ہے۔۔۔۔۔

لیکن پولیس کا ایک سپاہی اس کو اپنی گرفت میں لے لیتا ہے۔۔۔۔۔۔

چل اوے بہت عیاشی مار لی توں نے اب ذرا ہمارے غریب خانے کو بھی چار چاند لگا

۔۔۔۔۔۔

(تھانے دار منصور کو کالر سے پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے پولیس گاڑی کے پاس لے جاتے

ہوئے بولتا ہے)

سارے محلے کے لوگ باہر نکل آتے ہیں اور تماشہ دیکھ رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

پروین بیگم جو دوسرے کمرے میں تھیں

شور کی آواز سن کر باہر نکل آتی ہیں۔۔۔۔

اور منصور کو لے جاتے دیکھ وہ رولا ڈال

دیتی ہیں۔۔۔۔۔۔

میرے بچے کو کدھر لے کے جا رہے ہو

ارے منحوس کمبخت میرے بچے کو چھوڑ

وہ چیختی چلاتی پولیس گاڑی کے پیچھے

بھاگتی ہیں لیکن گاڑی سپیڈ سے چلی جاتی ہے اور وہ ہی گر جاتی ہیں۔۔۔۔۔۔

خزیمہ تبریز کو آمنہ بیگم اور عروش کو گھر

لے جانے کا بولتا ہے۔۔۔۔۔

جبکہ خزیمہ اور آریز تانیہ، دانیہ اور عدنان

صاحب کو گھر چھوڑنے جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

عدنان صاحب گھر پہنچتے ہیں تو صائمہ بیگم انکو دیکھ کر پریشان ہو جاتی۔۔۔۔۔

لیکن پھر خزیمہ انکو سمجھاتا ہے کہ سب

ٹھیک ہے آپ پریشان نہ ہوں۔۔۔۔۔۔۔

دانیہ اور تانیہ چائے بنانے چلی جاتی ہیں۔۔۔۔

عدنان صاحب خزیمہ اور آریز سے باتیں کر رہے ہوتے ہیں کہ ان کے دروازے پر

زور زور سے

کوئی دستک دیتا ہے۔۔۔۔۔۔

تانیہ کچن سے نکل کر جا کر دروازہ کھولتی ہے۔۔۔۔۔

پھپھو!

(تانیہ انکو بغیر دوپٹے کے بکھرے بال اجڑی

حالت میں دیکھ کر پریشان ہو جاتی ہے)

وہ تانیہ کو سائیڈ پر کرتے ہوئے گھر کے اندر بڑھتی ہیں۔۔۔۔۔

اور عدنان صاحب جو برآمدے میں چارپائی پر

لیٹے تھے ان کی طرف بڑھتی ہیں۔۔۔۔۔۔

بھائی میرے بیٹے کو بچا لے

وہ پولیس میرے منصور کو پکڑ کر لے گئی ہے۔۔۔

عدنان صاحب کے علاوہ باقی ان کے گھر کے

لوگ پریشان سے ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔

تانیہ اپنی پھپھو کو پانی پیلاو،ان کا حلیہ

درست کرواورا گر ہو سکے تو ان کو کھانا کھلا کر عزت سے رخصت کرواد ھر سے۔۔۔۔

اور اپنی پھوپھو سے کہہ دو کہ اگر وہ اپنی بیٹے کی تھوڑی سی اچھی تربیعت کر لیتی

تو وہ آج پولیس کے ہتھے نہ چڑھا ہوتا۔۔۔۔۔

پروین بیگم حیران سی کھڑی اپنے بھائی

کو دیکھ رہی ہوتی ہے اسے یقین نہیں آرہا تھا کے یہ اس کا بھائی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ روتے ہوئے اسی حالت میں گھر سے عدنان صاحب کے گھر سے چلی جاتی ہیں۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں خزیمہ اور آریز بھی ان سے

اجازت لیتے ہیں۔۔۔۔۔

خزیمہ اور آریز جیسے گھر پہنچتے ہیں۔۔۔

بی جان، آغا جان اور باقی کے سب لوگوں کو اپنے پورشن میں اکھٹا بیٹھے دیکھتے ہیں۔۔۔۔

عروش بی جان کی گود میں سر رکھ کر لیٹی ہوئی تھی اور بی جان اس بالوں میں انگلیاں پھیر رہی تھیں۔۔۔۔۔

خزیمہ ایک چور نظر عروش پر ڈال کر پھر

سب کو صورتحال بتا رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

عروش جو بی جان کی گود میں سر رکھے لیٹی تھی اچانک کچھ یاد آنے سے اچھل کر بیٹھ جاتی ہے۔۔۔۔۔۔

"آپی والے آرہے ہیں آج اور ہم نے گھر ڈیکوریٹ نہیں کیا۔۔۔۔"

عروش بہت زور سے بولتی ہے۔۔۔۔۔۔

وہاں مجود سب لوگ جو آپس میں باتوں میں مگن تھے عروش کے اونچا بولنے کی وجہ سے چونک کر اس کی طرف دیکھتے ہیں۔۔۔۔

پھر سب بات سمجھتے ہی مسکرا دیتے ہیں۔۔۔

ہاں یار ڈیکوریٹ تو کرنا ہے۔۔۔

تم ایسے کرو مہرو کو بھی بلا لو تب تک میں

بلال اور آریز ڈیکوریشن کا سامان لے آتے ہیں۔۔۔۔

(تبریز جلدی میں عروش کو بولتا ہے

اور یہ بات جانے بغیر کہ اس کا مہرو کو بلانے والی بات بڑوں نے بہت اچھے سے نوٹ کر لی ہے)

سب کے چہرے پر مسکراہٹ آجاتی ہے۔۔۔۔

ہاں جلدی سے آنا وہ سب شام کو پہنچ جائیں گے۔۔۔۔

(تبریز،آریزاور بلال سامان لینے کے لیئے چلے جاتے ہیں)

✨✨✨✨✨✨✨

ولید،ایمان آزاداور زیب کی آج شام کو پاکستان واپسی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

پورے خان ہاؤس میں خوشیاں ہی خوشیاں

تھیں۔۔۔۔

تبریز،آریز بلال،مہرواور عروش نے پورا گھر بیلونزاور فلورز سے ڈیکوریٹ کیا تھا

۔۔۔۔۔۔

وہ سرپرائز دینا چاہ رہے تھے ان چاروں کو

کیونکہ ان کے گھر ننھے مہمان جو آنے والے

تھے۔۔۔۔

آئمہ تم صرف ٹھونسنے کیلیئے رہتی ہو ادھر

اٹھو اور ہلیپ کرواؤ مہمان نہیں ہو تم۔۔۔

"ہڈ حرام"

بلال آئمہ کو صوفے پر بڑے مزے سے چیری

کھاتے دیکھ کر بولتا ہے۔۔۔۔۔

عروش بلال کے منہ سے ہڈ حرام سن کر زور سے ہنستی ہے۔۔۔۔

اوہ بلال سوفنی ہی ہی ہی۔۔۔۔۔۔

اور ہنستے ہوئے بلال کے کندھے پر تھپڑ مارتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

بلال پہلے مسکراتے ہوئے عروش کو دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

پھر دونوں کی نظریں ملتی ہیں تو دونوں

نفرت سے منہ پھیر لیتے ہیں۔۔۔۔۔۔

آئمہ بلال کے ٹانٹ سے سے غصہ ہو جاتی ہے ہے اور وہی سامنے ٹیبل پر چیری کی پلیٹ

رکھ کر کر غصے میں اپنے کمرے میں چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں بھی ایک دوسرے کو اگنور کر کے

اپنے کام میں مصروف ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔

شام کو خزیمہ ولید، ایمان، آزاد اور زیب کو

ائیر پورٹ سے لینے جاتا ہے۔۔۔۔

اور گھر میں سب جمال خان کے پورشن

میں ان سب کا انتظار کر رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

عروش بے چینی سے ادھر ادھر ٹہل کر سب کا انتظار کر رہی تھی خاص طور پر اپنی بہن

ایمان کا۔۔۔۔۔

گاڑی کی آواز سن کر عروش باہر کی طرف بھاگتی ہے۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

وہ سب گاڑی سے نکل رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔

آپی!

ایمان جیسے ہی گاڑی کا دروازہ بند کرتی

ہے عروش کی آواز اسکے کان میں پڑتی ہے۔۔۔

ایمان اور عروش ایک دوسرے کے گلے لگ کر

مل رہی ہوتی ہیں۔۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آپی!

آپ کو پتہ ہے میں نے آپ کو بہت مس کیا۔۔۔

میری پیاری گڑیا میں بھی آیا ہوں مجھے نہیں ملو گی کیا۔۔۔۔۔

(آزاد دونوں بہنوں کو گلے ملتے پیار کرتے دیکھ کر بولتا ہے)

بھائی!۔۔۔۔

(عروش آزاد کی آواز سن کر بھاگتے ہوئے

اس کے گلے لگ جاتی ہے)

آزاد عروش کو پیار کر رہا ہے اس کا حال

چال پوچھ رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔

بچوں بعد میں ملنا گھر کے اندر تو چلو بی جان آغا جان اور سب بڑے انتظار کر رہے ہیں

۔۔

(سب آمنہ بیگم کی آواز سن کر چونک جاتے ہیں اور اور مسکراتے ہوئے ہوئے گھر کے اندر داخل ہوتے ہیں)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨✨

سرپرائز!

جیسے ہی گھر میں داخل ہوتے ہی سائیڈوں سے سے پارٹی پیک، سنو سپرے اور گلاب کی پتیاں ان پر گرتی ہیں۔۔۔۔۔۔

پورا گھر بیلونز سے ڈیکوریٹ تھا سامنے کی

وال(دیوار)پر بہت ہی خوبصورت

سا Alphabetic بیلونز سے لکھا تھا۔۔۔۔۔

"Welcome Junior's"

آزاد اور ولید کی خوشی کی انتہا نہ تھی جبکہ ایمان اور زیب تو شرمائے جا رہی تھیں۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سب سے ملنے کے بعد وہ سب ہال میں ہی بیٹھ

جاتے ہیں۔۔۔۔۔

اللہ کا شکر بچے خیریت سے آ گئے اور ماشاءاللہ سے اتنی بڑی خوش خبری بھی سنائی

۔۔۔۔۔

اللہ بس میری ایمان اور زیب کی گود ہری بھری رکھے اور ان کا سہاگ سلامت

رہے۔۔۔۔۔

(بی جان ایمان اور زیب کے جوان کے ساتھ

بیٹھیں تھیں پیار کرتے ہوئے بولتی ہیں۔۔۔۔۔

عروش جو کہ بی جان اور ایمان کے پاؤں کے پاس پڑے کشن پر بیٹھی تھی وہ منہ اوپر کر کے اپنی بہن کا مسکرا کر دیکھتی ہے۔۔۔۔۔

بی جان اس کو ایسے دیکھتے ہوئے پیار سے اس کے ماتھے پر چپت لگاتی ہیں اور بولتی ہیں ۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

بس اب تو مجھے انتظار ہے تو صرف میری عروش اور خزیمہ کے بچوں کا۔۔۔۔

ارے میاں تم بھی کوئی خوش خبری دے دو کہ ہمارے مرنے کا انتظار کر رہے ہو ؟۔۔۔۔۔

بی جان پہلی بات مسکراتے ہوئے عروش کے

سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولتی ہیں۔۔۔۔۔

اور دوسری خزیمہ کو دیکھ کر شرارت سے سیڈ ہو کر بولتی ہیں۔۔۔۔۔

عروش بی جان کی بات سن کر فوراً اپنی آنکھوں کا زاویہ خزیمہ کی طرف کرتی ہے

۔۔۔۔تو وہ اس سے پہلے سے دیکھ رہا ہوتا ہے

وہ کچھ دیر بنا پلک جھپکائے ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھتے ہیں۔۔۔۔

پھر عروش اپنی آنکھیں جھکا لیتی ہے۔۔۔۔۔

عروش کے کانوں میں سب کی مسکراہٹ اور ہنسنے کی آواز آتی ہے تو وہ گھبراتے ہوئے

وہاں سے بھاگ جاتی ہے۔۔۔۔

خزیمہ اسے وہاں سے بھاگتا دیکھ کر ٹھنڈی

آہ بھر کر رہ جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

ابا اٹھیں یہ سوپ پی لیں۔۔۔۔۔

تانیہ عدنان صاحب کے سامنے ٹرے میں سوپ کا پیالہ لیے کھڑے بولتی ہے

۔۔۔۔۔۔

تانیہ بیٹا مجھے بھوک نہیں ہے میرا کچھ دل نہیں کر رہا کھانے پینے کو۔۔۔۔۔

ابا آپ نے دوائی کھانی ہے پلیز تھوڑا سا پی لیں۔۔۔۔۔۔

تانی پتہ نہیں آپا کس حال میں ہوں گی انہوں نے کچھ کھایا بھی ہے یا نہیں؟؟؟

(عدنان صاحب اپنی آنکھ سے گرتا ایک آنسوں صاف کر کے بولتے ہیں۔۔۔۔۔)

ابا!

پھپھو نے آپ کا پوچھا تک نہیں کے آپ کا

ایکسیڈنٹ کیسے ہوا لیکن آپ انکے کے لیے

اتنا پریشان ہو رہے ہیں ابا آپ اتنا پیار کرتے

ہیں پھپھو سے۔۔۔۔۔۔۔۔

(تانیہ باپ کے پاس ٹانگوں کے قریب بیٹھتے

ہوئے بولتی ہے)

تانیہ کی بات سن کر عدنان صاحب

مسکراتے ہیں اور تانیہ کے سر پر پیار کرتے

ہوئے بولتے ہیں۔۔۔۔۔

"بیٹا یہ جو خون کا رشتہ ہوتا ہے نا بہنوں اور

بھائیوں سے اس میں بہت کشش ہوتی ہے۔

کیا تم نے نہیں دیکھا کے صبح تم بہنو میں

لڑائی ہوتی ہے اور شام کو بنا ایک دوسرے

سے معافی مانگے تم آپس میں نارمل ہوتے

ہو جیسے کچھ ہوا نہیں تھا۔۔۔۔۔"

(وہ رک کر ایک لمبا سانس لیتے ہیں)

"میں بھی اپنی بہن سے بہت پیار کرتا ہوں

انہیں تکلیف میں دیکھ کر مجھے سکون

نہیں مل رہا لیکن میں انکی تکلیف یا درد

کم نہیں کر سکتا میں منصور زمانت پر نہیں

نکلوا سکتا۔۔۔۔

میں اپنی بہن کی تکلیف کی خاطر دوسروں

کی بہن بیٹیوں کی عزت کو داؤ پر نہیں لگا

سکتا جبکہ میری اپنی بھی تین بیٹیاں ہیں۔"

(عدنان صاحب تانیہ کے کاندھے پر سر رکھ کر زور زور سے روتے ہوئے بولتے ہیں

۔۔۔۔)

اپنے آبا کو روتے دیکھ کر تانیہ بھی بہت

روتی ہے۔۔۔۔

رونے کی آواز سن کر صائمہ بیگم، دانیہ اور رانیہ بھی ادھر آجاتی ہیں۔۔۔۔۔

کیا ہوا ہے آپ دونوں کو ایسے کیوں رو رہے

آپ لوگ؟

(دانیہ پریشان سی ہو کر پوچھتی ہے۔۔۔۔۔)

"ادھر آؤ میرے پاس تم دونوں بھی۔۔۔۔۔"

(دانیہ اور رانیہ عدنان صاحب کے پاس بیٹھ

جاتی ہیں)

مجھے معاف کر دینا میرے بچوں میں ایک

آچھا باپ ثابت نا ہو سکا میں تم لوگوں سے

بہت پیار کرتا ہوں بہت زیادہ ہاں میں کبھی

کہہ نہیں سکا۔۔۔۔۔

مجھے بیٹا چاہیے تھا ہاں میں مانتا ہوں

مجھے اپنی، اپنے باپ دادا کی نسل ان کے نام

کو آگے بڑھانا تھا۔۔۔۔

"لیکن میں یہ بھول گیا تھا کے اوپر بیٹھی

زات اگر مجھے بیٹا دے کر اسے بھی منصور کی طرح کا بنا دیتی تو جیتے جی مر جاتا"

مینے کبھی تم تینوں سے نفرت نہیں کی لیکن

اب مجھے تم پر تمہاری ماں کی دی گئی

تربیت پر فخر ہے۔۔۔۔

مجھے معاف کر دو صائمہ تم بھی میں سب

سے زیادہ تمہارا گنہگار ہوں۔۔۔۔

(عدنان صاحب روتے ہوئے سب کے آگے ہاتھ

جوڑتے ہیں)

صائمہ بیگم جلدی سے ان کے ہاتھ پر اپنے

ہاتھ رکھتی ہیں۔۔۔۔

ایسے مت کیجئے میں آپ سے بلکل خفا نہیں

ہوں میں خوش ہوں آپ سے میں مطمئن ہوں اپنی زندگی سے۔۔۔۔

(وہ مسکراتے ہوئے عدنان صاحب کو بولتی ہیں اور وہ بھی مسکرا دیتے ہیں اپنی سعادت

مند بیوی کی بات سن کر)

آپ دونوں کا رومینس ختم ہو گیا ہو تو ہم اپنی آنکھیں کھول دیں۔۔۔۔

(دانیہ شرارت سے بولتی ہے)

عدنان صاحب اور صائمہ بیگم جب ان تینوں

کو دیکھتے ہیں تو ان تینوں نے اپنی آنکھوں

پر ہاتھ رکھا ہوتا ہے۔۔۔۔

وہ دونوں ہنستے ہوئے ان اپنی بیٹیوں کو

اپنی کل کائنات کو گلے سے لگا لیتے ہیں۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨

عروش اپنے کمرے مے بیٹھی تھی کے دروازہ ناک ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔

یس کم ان۔۔۔۔۔

ایمان کمرے میں آتی ہے۔۔۔۔۔

آپی آپ۔۔۔۔۔

(عروش حیران ہو کر بولتی ہے۔۔۔۔)

جی میں ! کیوں نہیں آسکتی کیا میں ؟؟؟

(ایمان مسکراتے ہوئے بولتی ہے)

ھاھاھاھا نہیں ایسی کوئ بات نہیں میں سمجھی آپ ابھی ریسٹ کریں گی میں بعد میں مل لوں گی۔۔۔۔

آپ کھڑی کیوں ہیں بھیٹے پلیز !

ایمان سامنے ماجود صوفے پر بیٹھ جاتی ہے اور پورے کمرے کو دیکھتی ہے جو کافی صاف ستھرا تھا۔۔۔۔

عروش کافی سمجھدار ہو گئی ہو تم خزیمہ نے سیٹ کر دیا تمہیں۔۔۔۔۔۔

(ایمان ھنستے ہوے عروش کے گال کھینچھ کر بولتی ہے)

آپی!

اچھا بابا نہیں کرتی تنگ۔۔۔۔۔۔

اچھا آپ بتائیں آپ میرے لئے کیا کیا لائی ہیں۔۔۔۔۔

لائی تو میں تمہارے لئے بہت کچھ ہوں

پر میری جان تمہیں کل دکھاؤں گی ابھی

سب بیگ میں پیک ہے۔۔۔۔۔

اوکے آپی میں کل دیکھ لوں گی۔۔۔۔

میں نے آپ کو بہت زیادہ مس کیا بہت زیادہ آپ آگئی ہے نہ اب ہم بہت ساری باتیں

کریں گے۔۔۔۔۔

میرے پاس بہت سی باتیں ہیں جو میں نے آپ کو بتانی ہیں۔۔۔۔۔

(عروش بچوں کیطرح خوش ہوتے ہوئے ایمان سے بولتی ہے)

ہاہاہاٹھیک ہے۔۔۔۔۔

عروش ایک بات پوچھو تم سے اگر تم برا نہیں مناؤں تو؟؟؟

(ایمان صوفے سے اٹھ کر عروش کے بالکل پاس بیڈ پر بیٹھتے ہوئے بولتی ہے
۔۔۔۔۔)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آپی آپ کو مجھ سے کوئی بھی بات کرنے سے پہلے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے

آپ مجھ سے کوئی بھی بات بلا جھجک کر سکتی ہو۔۔۔

(عروش ایمان کے گلے لگتے ہوئے پیار سے بولتی ہے)

نہیں یار وہ تھوڑی تمہاری پرسنل لائف سے ریلیٹڈ بات ہے.....

جو کہ میں چاہتی تو نہیں تم سے کرنا پر کوئی اور کرے گا بھی نہیں میرے علاوہ

میں تمہاری بڑی بہن بھی ہوں اور تمہاری دوست بھی۔۔۔۔

مجھے لگ رہا ہے کہ مجھے پوچھنا چاہیے تم سے۔۔۔۔۔۔

(ایمان عروش کے چہرے کو اپنے ہاتھ میں

لیتے ہوئے بولتی ہے)

ٹھیک ہے آپ نے جو پوچھنا ہے پوچھ لیں مجھ سے آپ ایسے کر کے مجھے پریشان کر

رہی ہیں۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

تمہارے اور خزیمہ کے بیچ میں سب ٹھیک ہے میرا مطلب ہے کے تم دونوں کے بیچ

کوئی جھگڑا تو نہیں ہوا نا۔۔۔۔؟

اوہ ہو تم سمجھ رہی ہو نا عروش میں تمہیں کیا کہنا چاہ رہی ہوں۔۔۔۔۔

(ایمان کرنے تو کوئی اور بات آئی تھی لیکن اس میں ہمت نہیں پڑی اور وہ اس کو سمجھا

نہیں سکیں اور نہ اس سے کچھ پوچھ پائی جو

وہ جاننے کے لیے آئی تھی۔۔۔۔)

ہاہاہاہاہاہا۔۔۔

آپ کو ایسے کیوں لگا کے ہمارا جھگڑا ہوا ہے ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

اب تو ہمارا جھگڑا ہوتا ہی نہیں۔۔۔

ہم دونوں میں بہت اچھی دوستی ہو گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔

آپ بھی نہ آپی آتے ہی اتنا سوچ لیا۔۔۔۔۔

(عروش ہنستے ہوئے یے ایمان کے گال پر کس کر کے پیار سے بولتی ہے)

اچھا چلو زیادہ باتیں نہ بناؤ میں جا رہی ہوں تھک گئی ہوں بہت زیادہ پھر کل تمہارے گفٹس بھی دینے تمہیں۔۔۔۔۔

ایمان عروش کے لیفٹ گال پر پیار سے ہلکی

سی چپت لگاتی ہے اور ہے اور کھڑے ہوتے بولتی ہے۔۔۔۔۔

آپی اپنا اور میرے بھانجے بھانجی کا خیال

رکھنا۔۔۔۔۔

ہاہاہااو کے خیال رکھوں گی۔۔۔۔۔

(ایمان ہنستے ہوئے کمرے سے چلی جاتی ہے)

چل اوئے تیری بیل ہو گئی ہے۔۔۔۔۔

منصور جیل میں بیٹھا ہوا کسی سوچ میں مصروف ہوتا ہے کے آواز سن کر سلاخوں

سے باہر کی طرف دیکھتا ہے۔۔۔۔۔

اور مسکراتے ہوئے اٹھ کھڑا ہوتا ہے ہے اور جیل سے باہر نکلتا ہے۔۔۔۔۔

اے ایس پی صاحب یہ تو بتایئے کہ ہمارے منصور کے خلاف رپورٹ درج کروائی

کسنے ہے۔

منصور کا وکیل اے ایس پی ارمان سے

پوچھتا ہے۔۔۔۔۔

آپ کی بیل ہو گئی ہے نا اب آپ جا سکتے ہیں

ادھر سے۔۔۔۔

منصور کا وکیل کھڑا ہوتا ہے۔۔۔۔

چلیئے منصور صاحب اور دروازے کی طرف بڑھتا ہے۔۔۔۔

منصور ایک نظر اے ایس پی پر ڈال کر وکیل کے پیچھے چل پڑتا ہے۔۔۔۔

ڈیم اٹ ہم ارسٹ کرتے ہیں اور پھر سے یہ ہمارے ہاتھوں سے نکل جاتے ہیں

۔۔۔۔۔۔

اے ایس پی آرمان سامنے ٹیبل پر مکہ مار کر بولتا ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ کچن میں کھڑا ہو کر اپنے اور عروش کے لئے چائے بنا رہا تھا۔۔۔۔

ویسے جس طرح کی تمہاری پرسنلٹی ہے تم پر یہ کام سوٹ نہیں کرتے مسٹر خزیمہ

۔۔۔۔

اور ویسے بھی جس کے لئے تم یہ سب کر رہے ہو وہ تو تمہاری عزت کی زرا برابر پرواہ نہیں کرتی۔۔۔۔

(آئمہ کچن کے دروازے سے ٹیک لگائے کھڑے

خزیمہ کو دیکھتے ہوئے بولتی ہے۔۔۔۔)

"اوہ رئیلی اب تم مجھے بتاؤ گی میرے پر

کیا سوٹ کرتا ہے اور کیا نہیں۔۔۔۔۔

وہ میری پرواکرتی ہے یا نہیں

This is none of your business

mind it".....

خزیمہ غصے میں چولھے کا بٹن بند کر کے اس کو اپنی سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی

ہلاتے ہوئے وارن کرتا وہاں سے جانے لگتا ہے۔۔۔

تم اس کی عزت کی کتنی پرواہ کرتے ہو۔۔۔۔

پر چچ چچ افسوس وہ تمہاری ذرا پروا نہیں کرتی۔۔۔۔۔

اگر کرتی ہوتی تو اپنی پرسنل باتیں مہر ودانیہ کو نہ بتا رہی ہوتی۔۔۔۔۔

خیر میں یہ کہنا چاہ رہی تھی کے میں نے بھی اس کی باتیں سن لی تھی اور مجھے پتہ چل چکا

ہے کہ تم دونوں کے بیچ میں کوئی ریلیشن نہیں ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ اپنے ہاتھ کی مٹھیاں بھینچ لیتا ہے اور غصے سے آئمہ کو دروازے سے سائیڈ پر

کر کے اوپر اپنے روم میں تیزی سے سیڑھیاں

چڑھتا ہوا جاتا ہے۔۔۔۔۔

چچچ بیچاری عروش اب اسے خزیمہ سے کون بچائے گا۔۔۔۔۔

ہاہاہاہاہاہاہاآہ مزہ آئے گا اب۔۔۔۔۔

آئمہ ہنستے ہوئے اوپر عروش اور خزیمہ کے روم کی طرف دیکھ کر بولتی ہے۔۔۔۔

اور پھر اپنی خالہ کے پورشن کی طرف بڑھتی ہے۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

منصور تمہیں معلوم ہے کے تمہارے خلاف

رپورٹ کس نے کروائی تھی۔۔۔؟

(گاڑی میں ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا وکیل

صاحب منصور سے پوچھتا ہے۔۔۔۔)

نہیں جانتا اس بارے میں۔۔۔۔

جس نے بھی میرے خلاف رپورٹ کارروائی ہے

اس نے میرے ساتھ دشمنی مول لی ہے اور اپنی موت کو دعوت دی ہے۔۔۔۔

تمہارے ماموں عدنان ملک نے کروائی ہے۔۔۔۔

کیا!

نہیں آپ مذاق کر رہے ہو نا میرے ساتھ میرے ماموں ایسا کر ہی نہیں سکتے کیا بات جر رہے

آپ ہاہاہاہا۔۔۔۔۔

میں سہی کہہ رہا ہوں پہلے تمہارے ماموں نے تمہارے خلاف رپورٹ کروائی اس کے بعد اب تمہارے خلاف رپورٹ خزیمہ خان نے کروائی ہے جانتے ہو نا تم۔۔۔۔

بہت اچھے سے جانتا ہوں بہت اچھے سے خزیمہ خان بہت پچھتاؤ گے تم۔۔۔

نے منصور سے منظور ملک سے دشمنی مول لی ہے میں کوئی عام انسان نہیں ہوں سمیر آفندی

کا خاص بندا ہوں میں۔۔۔۔۔۔

منصور غصے سے گاڑی کے شیشے سے باہر دیکھتا ہوا بولتا ہے۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

خزیمہ غصے سے دروازہ کھول کے کمرے میں داخل ہوتا ہے۔۔۔۔۔

عروش جو شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر بالوں کو برش کر رہی تھی زور سے دروازہ بند ہونے ہونے سے ڈر جاتی ہے۔۔۔۔۔

اللہ اللہ خزیمہ آپ نے مجھے ڈرا ا ا۔۔۔۔

وہ خزیمہ کو بول رہی ہوتی ہے کہ خزیمہ اس کے پاس جا کر اپنے سیدھے ہاتھ سے اس کا منہ تو زور سے دبوچ دیتا ہے کے اس کے

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

الفاظ منہ میں راہ جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

پھر وہ اس کا دائیاں بازو پیچھے کی طرف

کر کے اسے گھسیٹتے ہوئے سامنے کی دیوار کے ساتھ لگا دیتا ہے۔۔۔۔۔

آہ چھوڑیں پلیز مجھے بہت درد ہو رہی ہے۔۔۔

عروش اپنا دوسرا ہاتھ اس کے سینے پہ رکھ

کر اسے دھکا دینے کی کوشش کرتی ہے۔۔۔

اس کے دھرنے سے خزانہ کو ذرا بھی فرق نہیں پڑتا الٹا وہ اس کے پیچھے والے ہاتھ کو اور مروڑ دیتا ہے۔۔۔۔۔

آہ ماما۔۔۔۔

(عروش درد سے چیختی ہے)

"درد ہو رہا ہے تمہیں بہت درد ہو رہا ہے نا؟ مجھے بھی درد ہوا تھا ادھر (وہ اپنے دل کے مقام پر انگلی رکھتا ہے)

جب مجھے پتا چلا کے تم ہماری پرسنل باتیں شیئر کرتی ہو۔۔۔۔۔

تم اس قابل نہیں ہو عروش۔۔۔۔

کے میں تمہیں عزت دو تمہاری بات کا مان رکھو۔۔۔۔۔۔

تمہیں اس رشتے کیلئے تھوڑا ٹائم دوں۔۔۔

وہ چلاتے ہوئے عروش کے کان کے پاس بول رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ میں نے کسی کو کچھ نہیں بتایا میں کیوں کسی کو بتاؤں گی آپ میری بات پر یقین

کریں پلیز۔۔۔۔۔۔

شٹ اپ جسٹ شٹ اپ۔۔۔۔۔

مجھے کچھ نہیں سنا تم سے کچھ بھی نہیں۔۔

اب جو میں تمہارے ساتھ کروں گا تم ساری زندگی یاد رکھو گی۔۔۔۔۔

تم نے میری محبت کا ناجائز فائدہ اٹھایا ہے

عروش تم نے میری محبت کی تذلیل کی ہے۔۔۔۔

خزیمہ بولتے ہی عروش کو بیڈ پر دکھا دیتا

ہے۔۔۔۔۔۔

وہ منہ کے بل بیڈ پر گرتی ہے۔۔۔۔

خزیمہ اس کو سیدھا کرتا ہے اور اس پر

جھکتا چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔

نو خزیمہ پلیز نو ایسا مت کریں میں مر جاؤ

گی۔۔۔۔۔

آہ۔۔۔۔

عروش کی چیخ کی آواز پورے کمرے میں

گونجتی ہے۔۔۔۔۔

نو خزیمہ پلیز نوایسامت کریں.....

"میں مر جاؤں گی"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

خزیمہ نے اس کے دونوں بازوؤں کو بہت زور سے جکڑے ہوئے اس پر جھکا ہوتا ہے

وہ اس کو اپنے ہاتھوں کے دباؤ سے تکلیف دے رہا ہوتا ہے وہ غصے میں بھول چکا تھا کے

وہ جس کو تکلیف دے رہا اپنے ہاتھوں سے

وہ اس کی عروش اس کی محبت ہے۔۔۔۔۔

"میں مر جاؤں گی"

خزیمہ کے کان میں عروش کی آواز آتی ہے۔۔۔

وہ ایک دم سے اسکے بازو چھوڑ کر اوپر اٹھتا

ہے۔۔۔۔۔

عروش خزیمہ کو دیکھ کر خوف کھا رہی

ہوتی ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ پلیز ایسا مت کریں میرے ساتھ۔۔۔۔

عروش روتے ہوئے خزیمہ سے بولتی ہے جو

اسے غصے سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

خزیمہ عروش پر جھکتا ہے اور پیچھے سے

اسکی گردن کی جڑوں سے بالوں کو پکڑ کر

اس کا سر اوپر کرتا ہے۔۔۔۔۔۔

آہ۔۔۔۔

(عروش کی آواز درد سے پورے کمرے میں گونجتی ہے۔۔۔۔۔)

آئندہ مجھے اپنی یہ منحوس شکل مت دیکھانا ورنہ یہ جو منہ ہے نا

(وہ اپنے دوسرے ہاتھ سے اسکا منہ دبوچتا ہے)

یہ توڑ دوں گا تمہارا میں سمجھی۔۔۔۔۔۔

عروش تکلیف کی وجہ سے جلدی سے ہاں میں سر ہلاتی ہے۔۔۔۔۔۔

وہ جھٹکے سے سر کے بالوں کو چھوڑ کر کمرے سے چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خزیمہ مینے نہیں بتایا کسی کو بھی میں

کیوں بتاؤں گی کسی کو آپ نے ایسا کیوں کیا مجھ پر بھروسہ نہیں ہے آپ کو۔۔۔۔

عروش اپنے سر پکڑ کر روتے ہوئے بولتی ہے۔۔۔

بال کھینچنے سے اس کے سر میں شدید درد

ہوتا ہے۔۔۔۔۔

وہ روتے ہوئے اپنے شرٹ کے بازو تھوڑا اوپر

کر کے دیکھتی ہے تو وہاں زور سے پکڑنے کی

وجہ سے خزیمہ کی انگلیوں کے نشان ہوتے

ہیں۔۔۔۔

وہ اپنے بازو کو روتے ہوئے دیکھتی ہے۔۔۔۔۔

مجھے آج تک کسی نے بھی ایسے ٹریٹ نہیں

کیا خزیمہ میں آزاد بھائی کو بتاؤں گی کے

آپ نے مجھے مارا ہے۔۔۔۔۔۔۔

عروش درد سے روتے ہوئے بولتی ہے۔۔۔۔۔

بیڈ پر لیٹے آمنہ بیگم کو ایک آواز سنائی

دیتی ہے۔۔۔۔۔۔

علی یہ تو عروش کی آواز تھی؟

اسنے چیخ ماری ہے شاید میں دیکھ کر آتی

ہوں۔۔۔۔۔۔۔

ارے مت جایئے بیگم خزیمہ ہے نااس کے

پاس آپ ڈسٹرب نہ کریں سمجھا کریں۔۔۔

علی صاحب کی بات سن کر آمنہ بیگم مسکرا دیتیں ہیں۔۔۔۔۔

کچھ دیر بعد اُنہیں گاڑی کی آواز سنائی

دیتی ہے۔۔۔۔

وہ جلدی سے اٹھ کر ونڈو سے پردہ ہٹا کر

دیکھتی ہیں۔۔۔۔

یہ تو خزیمہ کی گاڑی ہے۔۔۔۔۔

آمنہ بیگم جلدی سے اپنا دوبٹہ بیڈ کی سائیڈ سے اٹھ کر سہی سے لیتے اوپر خزیمہ کے روم

میں جاتیں ہیں۔۔۔۔

خزیمہ کافی ریش ڈرائیو نگ کر رہا ہوتا ہے۔۔۔۔

اس کی آنکھوں کے سامنے بار بار عروش کا

روتا چہرہ آرہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

وہ ایک سنسان جگہ پر گاڑی روک کر اپنا سر سٹرینگ پر رکھ کر اپنی آنکھیں بند کر لیتا ہے

۔۔۔۔۔

اس کا دم گھٹنے لگتا ہے وہ گاڑی سے باہر

نکل آتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

"میں یہ کیا کرنے جا رہا تھا۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

میں اسے تکلیف دینے لگا تھا۔۔۔۔

میں اپنی عروش کو دینے لگا تھا تکلیف۔"

وہ زور سے بونٹ پر ہاتھ مار کر خود سے

بولتا ہے۔۔

گاڑی کا بونٹ گرم ہونے کی وجہ سے اس

کا ہاتھ جل جاتا ہے۔۔۔۔

وہ جلن کی وجہ سے اپنا ہاتھ دیکھتا ہے۔۔۔۔

(ہاتھ کو دیکھ کر اس کے چہرے پر تنزیہ

مسکراہٹ آجاتی ہے)

وہ گرتے ہوئے سٹائل میں گاڑی کے پاس بیٹھ

جاتا ہے۔۔۔۔

آمنہ بیگم عروش اور خزیمہ کے روم کے باہر آکر دروازہ ناک کرتی ہیں۔۔۔۔۔

جواب نہ ملنے کی صورت میں وہ دروازہ تھوڑا سا کھول کر جھانکتی ہیں اور عروش

کو روتے دیکھ کر اندر آتی ہیں۔۔۔۔

عروش میری جان کیا ہوا تم کیوں رو رہی

ہو۔۔۔۔۔

مما!

مجھے خزیمہ نے مارا ہے۔۔۔۔۔

(عروش روتے ہوئے آمنہ بیگم کے گلے لگ کر اُنہیں بتاتی ہے)

کیا؟

کیا کہہ رہی ہو تم خزیمہ نے تمہیں مارا ہے۔۔۔۔

آمنہ بیگم شوکڈ سی اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے بولتی ہیں۔۔۔۔

پھر اچانک ان کی نظر اس کے بازو کے اس نشان پر پر جاتی ہے جہاں خزیمہ کی انگلیوں

کے نشان ٹریس تھے۔۔۔۔۔

یہ خزیمہ نے کیا ہے؟؟؟

(آمنہ بیگم عروش کا بازو پکڑ کر اس سے پوچھتی ہیں)

مجھے خزیمہ سے یہ امید بلکل نہیں تھی۔۔۔۔

وہ اس کا ہاں میں سر ہلتا دیکھ کر افسوس

سے بولتی ہیں)

عروش مجھے ساری بات بتاؤ کہ ہوا کیا ہے

اور کیوں لڑائی ہوئی تم دونوں کی۔۔۔۔

آمنہ بیگم کے بولتے ہی عروش انکو ساری بات بتانا شروع کرتی ہے۔۔۔۔۔

جسے سنتے ہوئے آمنہ بیگم کے چہرے پر

پریشانی آتی جاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

عروش کے بتانے کے بعد آمنہ بیگم اپنا سر

ہاتھوں میں لے کر بیٹھ جاتی ہیں۔۔۔۔

مجھے تم دونوں سے اس بیوقوفی کی توقع بالکل نہیں تھی۔۔۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں آتی کہ تم آجکل کی جنریشن کو نکاح اور رخصتی کے بعد ایک دوسرے کو ٹائم دینے کی کیا ضرورت ہوتی ہے۔۔

ساری غلطی خزیمہ کی ہے۔۔۔

یا تو وہ تمہیں ٹائم نہ دیتا ہے۔۔

اگر ٹائم دیا بھی تو تمہیں سمجھنے کی کوشش تو کرتا تم پر بھروسا تو کرتا۔۔۔۔۔

مما مجھے آج تک کسی نے تکلیف نہیں دی لیکن مجھے خزیمہ نے بہت ہرٹ کیا میں۔۔۔

آزاد بھائی کو بتاؤں گی کے مجھے مارا۔۔۔۔

(عروش روتے ہوئے آمنہ بیگم گلے سے لگ کر بولتی ہے)

تو یہ آپ غلط کرو گی۔۔۔

(آمنہ بیگم عروش کا سر پیار سے اٹھا کر

اس کی آنکھوں میں دیکھ کر بولتی ہے)

آپ نے ابھی بتایا مجھے تھوڑی دیر پہلے کہ

خزیمہ بہت غصے میں تھا لیکن اس کے باوجود اسنے خود کو روکا اسنے آپ کو وہ تکلیف نہیں دی بلکہ اس نے آپ کا مان رکھا

آپ کی عزت رکھی اگر وہ کچھ بھی کر دیتا تو ہم میں سے کوئی بھی کچھ نہیں کر سکتا تھا۔۔۔

کیونکہ وہ اس کا حق تھا انفیکٹ آپ بھی اس

کو نہیں روک سکتی تھی۔۔۔۔

میں یہ نہیں بول رہی کہ اس نے اچھا کیا ہے آپ کے ساتھ۔۔۔۔

میں اتنا ضرور کہوں گی کہ بیٹا تھوڑے بہت

جھگڑے میاں بیوی میں ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔

آمنہ بیگم عروش کے بہتے آنسوں صاف کرتے ہوئے اسے سمجھاتی ہیں۔۔۔۔۔

باقی آپ دونوں کو پتہ ہے کہ آپ نے اپنی زندگی کیسے گزارنی ہے۔۔۔۔

لیکن میری ایک بات یاد رکھنا بیٹا آپ کا ایک عمل پورے خاندان کو توڑ سکتا ہے بھائی کو بھائی کے خلاف کھڑا کر سکتا ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ، ولید اور آزاد بھائیوں جیسا آپس میں پیار کرتے ہیں۔۔۔۔۔

عروش ہاں میں سر ہلا دیتی ہے۔۔۔۔

اگر یہ ہوا تو آمنے سامنے ہو جائیں گے اور پھر ہمارا خاندان ہے نا وہ ٹوٹ جائے گا۔۔۔۔

(آمنہ بیگم بہت تحمل اور پیار سے عروش کو سمجھا رہی ہوتی ہیں۔۔۔)

مما سوری مینے یہ سوچا ہی نہیں تھا اگر میں بتا دیتی تو سب کے دلوں میں نفرت آجاتی میری وجہ سے۔۔۔۔

(عروش اپنی آنکھیں صاف کرتے ہوئے بولتی ہے)

میرا پیارا بچہ۔۔۔

(آمنہ بیگم عروش کے ماتھے پر بوسہ دیتی ہیں)

"یہ جو بیٹیاں ہوتی ہیں نانہ یہ پیدا ہوتے ہی سمجھدار ہوتی ہیں۔۔۔۔

سلجھی ہوئی سب سے پیار کرنے والی اور بہت خوبصورت سے دل کی مالک ہوتی ہیں یہ"

خزیمہ آتا ہے تو میں اس کو بھی سمجھ آتی ہو آپ سو جاو اور رونا نہیں ہے میری جان

(آمنہ بیگم عروش کو بول کر اس کے ماتھے پر پیار دے کر کمرے سے باہر چلی جاتی ہیں

)

رات 3 بجے خزیمہ گھر میں داخل ہوتا ہے۔۔۔وہ سڑیاں چڑھتا اپنے کمرے میں جا

رہا ہوتا ہے کہ لاؤنج کی لاٹ آن ہوتی ہے۔۔۔۔

خزیمہ آدھی سیڑیاں چڑھ چکا تھا پر رک کر

نیچے دیکھتا ہے تو اس کی مما غصے سے

سینے پر دونوں بازو باندھے کھڑی تھیں۔۔۔۔

وہ سڑیاں اترتا ہوا نیچے آتا ہے۔۔۔۔

مما آپ ابھی تک جاگ رہی ہیں۔۔۔۔۔

خزیمہ تم کان کے کچے تو نہیں تھے!

(آمنہ بیگم خزیمہ کی بات کو اگنور کرتی ہیں اور خود پوچھتی ہیں اس سے۔۔۔۔۔)

"Shame on You Khuzaima"

شکر مناؤ کہ میں نے تمہارے باپ کو کچھ نہیں بتایا ورنہ وہ کھڑے کھڑے گھر سے نکال دیتے تمہیں۔۔۔۔۔

تم یہ بات اچھی طرح جانتے ہو کہ عروش ان کے لیے کیا معانی رکھتی ہے۔۔۔۔۔

تم تینوں بعد میں آتے ہو بے شک تم تینوں بھائی ان کی اولاد ہو لیکن عروش ان کی جان ہے اور میری بھی۔۔۔۔

اگر آئندہ تم نے عروش کو ذرا سی بھی تکلیف دی تو میں بھول جاؤں گی تم میرے بڑے جوان بیٹے ہو سمجھے۔۔۔۔۔

اب دفع ہو جاؤ اپنے کمرے میں۔۔۔۔

(آمنہ بیگم غصے سے چلا کر خزیمہ کی انسلٹ کرتی ہیں اور خود اپنے کمرے کی طرف بڑھ جاتی ہے ہیں)

خزیمہ بھی سڑیوں پر بڑے بڑے ڈاگ بھرتا اوپر اپنے کمرے کیطرف بڑھتا ہے

۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

خزیمہ کمرے میں آتا ہے تو عروش بیڈ پر سکون سے سوئی ہوئی ہوتی ہے۔۔۔۔

میری نیند حرام کر کے میرا چین چھین کر

مما سے میری انسلٹ کروا کر کتنے سکون

سے سو رہی ہے۔۔۔

ابھی بتاتا ہوں میں اسے سکون تو میں برباد

کرتا ہوں اس کا۔۔۔۔

خزیمہ آگے بڑھ کر سائیڈ ٹیبل سے جگ سے گلاس میں پانی بھرتا ہے اور سوئی ہوئی

عرش کے اوپر پانی پھینکتا ہے۔۔۔۔۔

ہائے سیلاب آگیا سیلاب آگیا۔۔۔۔

(عروش ہڑ بڑا کر اٹھ جاتی ہے)

خزیمہ آرام سے عروش کی گردن کو پکڑتا ہے

اور اس کا سر اوپر کی طرف کر کے اس کی

آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولتا ہے۔۔۔۔۔۔

نہ میری جان نانا یہ تو صرف ایک جھلک

تھی بارش کی۔۔۔۔

ابھی تو سیلاب، طوفان آنا ہے تمہاری زندگی میں۔۔۔۔

وہ اسکی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے بول رہا

ہوتا ہے اور پھر وہ اسکا سر چھوڑ دیتا ہے۔۔۔۔۔

(عروش موکھولے خزیمہ کو دیکھی جا رہی

ہوتی ہے)

اٹھو میری جگہ سے اور اپنی سائیڈ پر

جا کر سو اٹھو جلدی سے۔۔۔۔۔

(خزیمہ عروش کا کھلا منہ بند کرتے ہوئے بولتا ہے)

آپ نے مجھ پر پانی اس لیے ڈالا کے میں یہاں سوئی ہوئی تھی۔۔۔۔۔

Are you Crazy

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Biographies

آپ میری سائیڈ پر سو جاتے خزیمہ۔۔۔۔

(عروش اپنا غصہ ضبط کرتے ہوئے ہوئے

خزیمہ سے بولتی ہے۔۔۔۔

بد تمیزی وہ اس سے ابھی کرنا نہیں چاہتی تھی کہ اسے ابھی بھی اسے خوف آرہا تھا)

مجھے اپنی سائیڈ پر نیند آتی ہے تو تم اٹھ

رہی ہو یا تمہیں اٹھا کے نیچے پھینک دوں۔۔۔

عروش غصے سے بیڈ پر سے اٹھتی ہے۔۔۔

اور سائیڈ ٹیبل سے جگ اٹھا کر اس سارا

پانی خزیمہ کی سائیڈ پر پھینک دیتی ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books

"سو جائیں اب آپ اپنی جگہ پر...

اب تو نیند بہت اچھی اور سکون سے آئے گی آپ کو"

(عروش پاؤں پٹختے بول کر اپنی سائیڈ پر چلی جاتی ہے)

"یو ایڈیٹ کیا کیا ہے تم نے یہ؟"

خزیمہ بولتے ہی عروش کی سائیڈ پر آجاتا ہے اور اسے بازو سے پکڑتا ہے۔۔۔۔۔

عروش خزیمہ کے پکڑنے سے ڈسبیلنس ہوتی ہے وہ گرنے لگتی ہے تو خزیمہ کو بازوؤں سے پکڑنے لگتی ہے لیکن دونوں کا بیلنس نہیں رہتا

اور دونوں بیڈ پر گر جاتے ہیں۔۔۔۔۔

عروش نیچے اور خزیمہ اوپر ہوتا ہے۔۔۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوتے ہیں۔۔

خزیمہ اس کی آنکھوں میں کھو سا جاتا ہے

آئی ماں میں مر گئی۔۔۔

کچھ دیر بعد عروش کی آواز سے وہ ہوش میں واپس آتا ہے اور جلدی سے اس کے اوپر سے اُٹھتا ہے۔۔۔۔۔۔

تم نے میری سائیڈ گیلی کیوں کی ہے اب میں

اس طرف سوں گا۔۔۔۔

(خزیمہ عروش کو بازوں سے پکڑ کر کھڑا کرتا

ہے اور اس کی جگہ پر لیٹ جاتا ہے)

"میں کدھر جاؤ گی۔۔۔۔"

عروش حیران سی ہو کر خزیمہ سے

پوچھتی ہے۔۔۔۔۔

مجھے کیا پتہ یہ تو فضول حرکت کرنے سے

پہلے سوچنا چاہیے تھا تمہیں۔۔۔۔۔

وہ اپنے کاندھے اچکا کر بولتا ہے۔۔۔۔۔

خیر یہ لو تکیہ وہ صوفے پر سو جاؤ جا کر۔۔۔

(خزیمہ سائیڈ سے اپنا تکیہ اٹھا کر عروش کے پاس پھینکتا ہے جسے وہ کیچ کر لیتی ہے)

عروش رونی شکل بنا کر صوفے پر جاتی ہے۔۔۔۔

لائٹس آف کر دو۔۔۔۔

خزیمہ کروٹ لیتے ہوئے بولتا ہے۔۔۔۔

میں نوکر نہیں ہوں آپکی۔۔۔۔

(عروش چلا کر بولتی ہے)

ناکرو میری بلا سے خزیمہ بولتے ہی آنکھیں بند کر کے سونے کی کوشش کرتا ہے۔۔۔۔

تھوڑی دیر بعد عروش اٹھتی ہے۔۔۔۔۔

لائٹس بند کرنے کے لئے اور خزیمہ کو بہت سے الفاظوں سے نوازتی ہے۔۔۔۔۔

سمجھتا کیا ہے خود کو کھڑوس کہیں کا اللہ کرے گنجا ہو جائے۔۔۔۔۔

(خبر نامہ کروٹ کے بل دوسری طرف منہ کیئے مسکرا دیتا ہے۔۔۔۔۔

عروش بولتے ہی دوبارہ سے صوفے پر آکر لیٹ جاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اپنی آنکھوں پر بازو رکھ کر سونے کی کوشش کرتی ہے۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨

منصور صبح کے وقت اپنے گھر پہنچتا ہے۔۔۔

منصور میرا بچہ ہے ماں صدقے، ماں واری

اللہ ایک دن میں میرے بچے کی کیا صورت کر دی ہے کمبختو نے۔۔۔۔۔

(پروین بیگم منصور کی بلائیں لیتے ہوئے بول رہی ہوتی ہے۔۔۔۔)

اماں ماموں نے اچھا نہیں کیا میرے ساتھ۔۔۔

ارے اس نے تو میرے ساتھ اچھا نہیں کیا تجھے پتا ہے کل میں روتی ہوئی گئی تھی اس کے پاس پر میرے بھائی نے مجھے اپنے گھر سے دھکے دے کر نکال دیا اور تانیہ تھی مجھے نکالنے والی۔۔۔۔۔

پروین بیگم کے بولتے ہیں منصور غصے سے اپنی مٹھیاں بھینچ لیتا ہے۔۔۔۔۔

اماں میں بدلہ لوں گا تیرا اور اپنا اس تانیہ کے بہت پر نکل آئیں اس کے پر کترنے پڑیں گے۔۔۔۔

منصور بولتے ہی گھر سے نکل جاتا ہے۔۔۔۔

خزیمہ کی جب صبح آنکھ کھلتی ہے تو اس کی آنکھوں کے سامنے رات کا سارا منظر گھوم رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

عروش کو تکلیف دینا پھر خود کا ہاتھ جلانا

وہ بیڈ سے اٹھتا ہے اور واش روم کی طرف بڑھتا ہے۔۔۔۔

عروش کے پاس سے گزرتے ہوئے وہ ایک نظر

اسکو دیکھتا ہے اور پھر سر جھٹک کر واش روم میں گھس جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

تیار ہو کر وہ نیچے جاتا ہے اور تبریز کو اپنے ساتھ لیتے ہی وہ گاڑی ڈرائیو کرتا ہوا عدنان صاحب کے گھر پہنچتا ہے۔۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

دانیہ مشین لگائی ہوئی ہے بیٹا یہ چادریں بھی دھو لینا۔۔۔۔

صائمہ بیگم دانیہ کے سامنے چادریں رکھتے

ہوئے بولتی ہیں۔۔۔۔۔

ٹھیک ہیں امی رکھ دیں میں دھو دیتی ہوں۔۔۔

کوئی دروازہ زور زور سے بجاتا ہے۔۔۔۔

یہ کون آگیا ہے اتنے زور سے بجا رہا دروازہ

میں دیکھتی ہوں۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com

صائمہ بیگم بول کر دروازے کی طرف بڑھتی ہیں ہیں جیسے ہی وہ دروازہ کھولتیہیں

سامنے

منصور کھڑا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

وہ صائمہ بیگم کو دھکا دے کر اندر گھس آتا ہے۔۔۔۔۔

منصور! رو کو کدھر جارہے ہو۔۔۔۔

(صائمہ بیگم منصور کو روکتی ہیں)

ارے ممانی جان آہستہ سے میں اپنے ماموجان سے ملنے آیا ہوں۔۔۔۔

"ماموجان! میرے پیارے ماموجان کدھر ہیں آپ؟"

منصور، صائمہ بیگم کو مسکراتے ہوئے بولتا ہے۔۔۔

تم کیوں آئے ہو میرے گھر، دفع ہو جاؤ ادھر سے۔

عدنان صاحب منصور کو اپنے گھر میں کھڑا دیکھ چلا اٹھتے ہیں۔۔۔۔۔

ارے آرام سے کچھ ہونا جائے آپکو ماموجان!

(منصور, عدنان صاحب کو چیئر پر بٹھاتے ہوئے

تنزیہ ہنستے ہوئے بولتا ہے)

"تمہاری ہمت کیسے ہوئی ہمارے گھر آنے کی دفع ہو جاؤ ادھر سے آئندہ اپنی شکل مت دیکھانا"

(تانیہ اپنے کمرے میں بیٹھی ہوئی پڑھ رہی تھی،

اچانک سے باہر سے سے کچھ آوازیں آتی ہیں تو وہ باہر صحن میں آتی ہے لیکن سامنے منصور کو کھڑا دیکھ کر کر اسے شدید غصہ آتا ہے اور وہ غصے میں اس کا گریبان پکڑ کر اس کو دروازے کی طرف دھکا دیتی ہے)

بس! تمہاری اتنی اوقات کی تم منصور کا گریبان پکڑو، اسے گھر سے نکالو، تمہاری یہ ساری بہادری مینے ایک سیکنڈ میں نکال دینی ہے، توں چل میرے ساتھ بتاتا ہوں تجھے میں۔

(منصور تانیہ کا ہاتھ پکڑ کر اسے دروازے کی طرف لے کر بڑھ رہا ہوتا ہے، اپنے ساتھ لے جانے کے لیے)

"چھوڑو مجھے تم گندے انسان، چھوڑ مجھے ہاتھ مت لگاؤ"

تانی، منصور سے اپنا ہاتھ چھڑوانے کی کوشش کر رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

منصور تانیہ کو چھوڑ دو ورنہ انجام آچھا نہیں ہو گا۔

(عدنان صاحب غصے سے کھڑے ہو کر بولتے ہیں، منصور وہی رک جاتا ہے)

ہاہاہاماموں جان! آپ کا داماد تو میں ہی بنوں گا، بڑی سے منگنی کی، اور یہ بغیرت رات کو غیر مردوں کے ساتھ گاڑی پر آتی ہے، پتہ نہیں کتنوں کو خوش کر چکی ہو گی۔۔۔۔۔

(منصور، دانیہ کو اوپر سے نیچے تک دیکھ کر حقارت سے بولتا ہے، جبکہ وہ قرب سے اپنی آنکھیں بند کر لیتی ہے)

منصور!

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

(عدنان صاحب چلا کر منصور کا نام لیتے ہیں)

چلایے مت، چلانا مجھے بھی آتا ہے، اور اب اگر کوئی میرے سامنے آیا یا مجھے کس نے روکنے کی کوشش کی تو میں اس کی ساری گولیاں تانیہ کی کھوپڑی میں ڈال دوں گا

۔۔۔۔۔۔۔

(منصور اور اپنی جیب سے پستول نکال کر تانیہ کے سر پر رکھ کر بولتا ہے، وہ سب خوف

میں مبتلا ہو جاتے ہیں،اور وہیں رک جاتے ہیں)

منصور تانیہ کا ہاتھ پکڑ کر دروازہ کی طرف بڑھتا ہے اور دروازہ کھول دیتا ہے۔۔۔۔

لیکن سامنے کھڑے خزیمہ اور تبریز کو دیکھ کر کر وہ حیران ہو جاتا ہے۔۔

خزیمہ جلدی سے سے منصور کے منہ پر مکہ

مار دیتا ہے۔۔۔۔

منصور اسکے لئے بلکل تیار نہیں تھا،اس لیئے ایک مکہ کھا کے ہی ہاتھ سے پستول نیچے گر جاتی ہے،جو تبریز جلدی سے اٹھالیتا ہے۔۔۔۔

منصور،تانیہ کا ہاتھ تو چھوڑ ہی چکا تھا،لیکن خزیمہ کو اپنی طرف بڑھتے دیکھ وہ اسے زور سے دھکا دے کر وہاں سے بھاگ جاتا ہے۔۔۔۔

دانیہ !تانیہ کواندر لے کر جاؤ۔

خزیمہ دانیہ کو روتا ہوؤاد یکھ کر بولتا ہے۔۔۔۔۔

جی سر۔

دانیہ،تانیہ کو لے کر روم میں چلی جاتی ہے۔۔۔

انکل آپ پریشان نہیں ہوں یہ تینوں میری چھوٹی بہنیں ہیں،میں نے آپ سے اس دن بھی کہا تھا تھا آپ بے فکر ہو جائیں ان کی طرف سے سے جب تک ان کا بھائی ہے ،انہیں کچھ نہیں ہو سکتا،اور آپ منصور کی فکر نہیں کریں،اس بار اگر یہ پکڑا گیا تو آزاد نہیں ہو سکے گا۔

خزیمہ،عدنان صاحب کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر انہیں تسلی دیتے ہوئے بولتے ہیں

۔۔۔۔

عدنان صاحب،خزیمہ کو دیکھ کر اپنی ہسپتال والی رات کو یاد کر رہے ہوتے ہیں،کے اس دن بھی ایسے ہی انکی مدد کی تھی اس بھلے انسان نے،اس نے بولا تھا کہ میں بیٹا ہوں

تو یہ بیٹا بن کر بھی دکھا رہا ہے۔۔۔۔

"ہسپتال کی رات"

"انکل آپ نے مجھے بلایا ہے؟"

خزیمہ ہو سپٹل کے روم میں اینٹر ہو کر عدنان صاحب سے پوچھتا ہے۔۔۔۔

ہاں بیٹا مجھے تمہیں کچھ بتانا ہے، زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں، کبھی بھی کچھ بھی ہو سکتا ہے، میں چاہتا ہوں کہ میں تمہیں بتادوں۔

انکل کیسی باتیں کر رہے ہیں، آپ مجھے بتایئے کہ کیا ہوا تھا آپ کو کیا ٹینشن ہے کوئی بات ہوئی ہے کیا؟؟؟

عدنان صاحب لمبا سانس لیتے ہیں، اور پھر خزیمہ کو ساری بات بتاتے چلے جاتے ہیں۔

انکل یہ ایک بہت بڑا گروہ ہے، جو لڑکیوں کو اغوا کر کے باہر کے ملک لے کر جاتے ہیں اور ان سے ناجائز کام کرواتے ہیں۔۔۔۔

اے ایس پی آرمان اس کیس کو بہت اچھے سے حل کر رہا ہے، اور انشاءاللہ سارے مجرم ایک دن جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہوں گے، بلکہ پھانسی کے پھندے پر ہوں گے۔۔۔

اب تو آپ بے فکر ہے نہ اب تو کوئی ٹینشن نہیں آپ کو۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ارے بیٹا! جس کی جوان بیٹیاں ہوں نا، اور جب تک وہ اپنی بیٹیوں کو بیاہ نہیں دیتا نہ، اسکی تب تک ٹینشن بھی ختم نہیں ہوتی۔۔۔۔

(عدنان صاحب کمرے کی چھت کیطرف دیکھتے ہوئے بولتے ہیں)

انکل کی بیٹیوں کا بھائی موجود ہے، تو پھر آپ کو ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں ہے، آپ

بے فکر ہو جائیں، میں اپنی بہنوں کی شادی بہت اچھے سے خود کرواؤں گا، ویسے بھی بہت ذہین ہیں دانیہ اور تانیہ پڑھائی میں، اور تانیہ ڈاکٹر بھی بن رہی ہے آپ تو بہت خوش قسمت ہیں کہ اللہ آپ کو اتنی ذہین بیٹیاں دی ہیں۔۔۔۔

خزیمہ ! بہت شکریہ تمہارا بیٹا، اگر میں مر بھی گیا تو اب مجھے ٹینشن تھوڑی کم ہو گئی، کیونکہ

اللہ نے میری بیٹیوں کو بھائی دے دیا ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

عدنان صاحب کے سوچ کر ہی آنکھیں بھینے لگتی ہیں۔۔۔

عروش اپنے کمرے میں بیٹھ کر ٹی وی دیکھ رہی تھی کے اس کا موبائل بجتا ہے۔

عروش موبائل پر یکھتی ہے تو" گبر "کالنگ لکھا

آرہاہوتاہے۔۔۔۔

یہ مجھے فون کیوں کررہے ہیں؟

ہاں سوری کرناہوگاپر میں بالکل نہیں ماننے والی

ہہنہ آیابڑا۔۔۔۔

عروش موبائل فون اٹھاکر سائیڈ پر رکھ دیتی ہے۔۔

خزیمہ کی پھر سے کال آتی ہے۔۔۔۔

کیاہوگیااس شخص کو جان لے گامیرے فون کی نہیں اٹھانامیں نے نہیں اٹھانا کرتا رہے کال۔

عروش پھر سے ہوتی رنگ ٹون کو سن کر بولتی ہے۔۔۔۔

کچھ دیر بعد پھراس کے فون پر رنگ ٹون ہوتی ہے،وہ دیکھتی ہے توتابی کی کال آرہی

ہوتی ہے۔۔۔

ہیلو! ہاں تابی کیا ہے؟

تمہیں تو گھر آ کر میں دیکھ لیتا ہوں، فی الحال تو ایک کام دے رہا جلدی سے وہ کرو۔۔۔

آپ؟

(عروش فون کو کان سے ہٹا کر اوپر دیکھتی ہو تو تابی لکھا ہوتا ہے لیکن آواز خزیمہ کی سن کر وہ حیران ہو جاتی ہے۔۔۔)

جی میں! اور حیران بعد میں ہونا پہلے ,ماما, بابا بابا اور آریز کو لے کر جلدی سے دانیہ کے گھر پہنچوں، جلدی تمہارے پاس صرف پانچ منٹ ہیں۔

یہ بول کر خزیمہ کال کاٹ دیتا ہے۔۔۔

روب کیسے جماتا ہے یہ مجھ پر جیسے میں اس کی غلام ہوں۔۔۔۔

"پانچ منٹ ہیں" عروش خزیمہ کی نقل اتارتی ہے۔۔۔۔

"اوشٹ باقی چار منٹ رہ گئے"

روش بولتے ہیں نیچے کی طرف بھاگتی ہے۔۔۔۔

✨✨

کرلی تھی بھائی، کال پک عروش نے۔۔۔

تبریز خزیمہ کے ہاتھ میں موبائل لیتے ہوئے بولتا ہے۔۔۔۔

ہاں کرلی تھی اس نے، اور مجھے پتا تھا کہ وہ میری کال جان بوجھ کر پک نہیں کر رہی تھی

۔۔۔

ہاہاہاہاہاویسے آپ کی ہمت ہے آپ اسے برداشت کرتے ہیں۔۔۔۔

خزیمہ تبریز کی بات سن کر مسکرا دیتا ہے۔

تابی تمہیں جو میں نے کام کہا تھا، تم نے وہ کر دیا ہے نہ؟؟؟

جی بھائی سب کام ہو گئے سمجھیں بس۔۔۔

ہمم گڈ! چلو اندر چلتے ہیں۔

وہ دونوں بھائی پھر صحن سے کمرے کی جانب

بڑھتے ہیں۔۔۔

شمیم بیگم اپنے کمرے میں بیٹھی تھیں کے دروازہ نوک کر کے بلال ان کے کمرے میں

آتا ہے۔۔۔

موم جلدی سے تیار ہو جائیں، ہمیں کہیں جانا ہے۔

بلال شمیم بیگم کے بالکل پاس جا کر کر بولتا ہے۔

بلال! لیکن جانا کہاں ہے۔

موم خزیمہ نے بلایا ہے۔۔۔

ہیں اللہ خیر کرے، چلو چلتی ہوں بس ایک منٹ

دو میں زرا کپڑے چینج کر لوں۔

شمیم بیگم اپنے کپڑوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولتی ہیں۔۔

ٹھیک ہیں میں گاڑی میں آپ کا انتظار کر رہا ہوں جلدی سے آجائیں۔۔۔

بلال ان کو بول کر کمرے سے باہر چلا جاتا ہے۔

عروش آریز اور آمنہ بیگم دانیہ کے گھر پہنچ جاتے ہیں، خزیمہ شارٹ میں ان کو ساری بات بتا دیتا ہے اور اپنی مما سے اجازت لیتا ہے، آریز اور دانیہ کے نکاح کے لیے۔

بیٹا اپنے باپ سے پوچھ لو فون کر کے، مجھے تو وہ بچی ویسے ہی بہت پیاری لگتی ہے، اور ویسے بھی اگر اس کو پسند ہے تو مجھے بلکل اعتراض نہیں ہو سکتا۔

(آمنہ بیگم عزیز کی طرف اشارہ کر کے بولتی ہیں)

ماما بابا سا میری ابھی فون پر بات ہو چکی ہے، وہ کہہ رہے ہیں، اپنی مما سے پوچھ لو؟؟

بس ٹھیک ہے بیٹا پھر جیسے تم لوگوں کو مناسب لگتا ہے.

(آمنہ بیگم تبریز کی بات سن کر خزیمہ کو بولتی ہیں)

عروش کے پاؤں خوشی سے زمین پر ہی نہیں لگ رہے تھے کہ اس کی بیسٹ فرینڈ اس

کی دیوانی بن جائے گی۔۔

بلال اور شمیم بیگم، دانیہ کے گھر پہنچ جاتے ہیں۔

خزیمہ، شمیم بیگم سے تانیہ اور بلال کے نکاح کے بات کرتا ہے، تو وہ غصے سے چلا اٹھتی ہیں۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

یہ مڈل کلاس فیملی کی لڑکی میرے بیٹے کی بیوی بنے گی، نہیں خزیمہ تم نے سوچ بھی کیسے لیا، کہ میں اپنے بلال کی شادی اس لڑکی سے کرواں گی۔۔۔

شمیم بیگم کی بات سن کر سب لوگ وہاں حیران سے ہو کر ان کو دیکھ رہے ہوتے ہیں۔۔۔

تائی امی! یہ بات میں نے آپ سے اس لیے بولی تھی، کیونکہ بلال تانیہ کو پسند کرتا ہے۔۔

(خزیمہ کے بولنے سے، بلال حیرانگی سے خزیمہ کیطرف دیکھتا ہے)

تانیہ ایک بہت اچھی لڑکی ہے، اور یہ بلال کے لئے بہت اچھی بیوی ثابت ہو گی۔۔۔

بس خزیمہ بس! میں نے کہہ دیا میرے بلال کی شادی اس سے بالکل نہیں ہو گی، کسی بھی راہ چلتی لڑکی کو تم اٹھا کر میرے بیٹے کی بیوی بنا دو، اور میں اس کو اپنی بہو مان لوں یہ بلکل نہیں ہو سکتا۔۔۔۔

(شمیم بیگم حقارت سے تانیہ اور اس کی فیملی کو دیکھتے ہوئے بولتی ہیں)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

لیکن تائی امی!

خزیمہ بھائی بس کیجئے پلیز، مجھے نہیں کرنا یہ نکاح، مجھے ویسے بھی بہت کچھ بننا ہے، مجھے ڈاکٹر بننا ہے، ابھی آپ کہہ رہے تھے کے بھائی ہیں آپ ہمارے، تو بھائی کیا ایسے ہوتے ہیں؟ جو زبردستی کسی کی گلے ڈال دیتے ہیں۔۔

آنٹی! او سوری میم،

آپ کی عزت ہے تو ہماری بھی عزت ہے، آپ اپنے بیٹے کو لے جائیں یہاں سے، مجھے

ویسے بھی بزدل لوگوں سے شدید نفرت ھے ہے اور میں بزدل انسان کے ساتھ ساری زندگی نہیں رہ سکتی۔۔۔

تانیہ، شمیم بیگم کو دیکھ کر بولتی ہے اور آخر میں بلال کو طنزیہ بولتے ہوئے ہوئے اپنے کمرے میں بھاگ جاتی ہے۔۔۔۔۔

صحیح کہا تانیہ نے، ہم تانیہ کے لیے کوئی اچھا سا لڑکا ڈھونڈیں گے، بلکہ ڈاکٹر بن جائے گی تو اس کے لئے کوئی ڈاکٹر ہی ڈھونڈیں گے نہ؟

ویسے بھی ابھی ابھی خزیمہ بول رہے تھے کہ بلال، تانیہ کو پسند کرتا ہے، اس سے پیار کرتا ہے،

اگر یہ پیار کرتا ہوتا تو ضد پہ اڑ جاتا، کہ میں نے تانیہ سے نکاح کرنا ہے، لیکن یہ تو خاموش بیٹھا تماشہ دیکھ رہا تھا، اچھا ہی ہوا کہ ابھی پتہ چل گیا اس کا، قابل ہی نہیں اس کے یہ۔۔۔۔

(عروش بلال کو باتیں سنا کر تانیہ کے پاس جاتی ہے)

بلال غصے سے اٹھ کر وہاں سے نکل جاتا ہے۔۔

خزیمہ اپنا سر پکڑ کر بیٹھ جاتا ہے، وہ مسئلے حل کرتا ہے، اور اس کی بیوی اتنے ہی بگاڑ دیتی ہے۔۔۔۔۔

دانیہ اور آریز کا نکاح ہوتا ہے۔۔۔۔

نکاح کے بعد دانیہ بہت روتی ہے اپنی بہنوں سے گلے لگ کر۔۔۔۔

عدنان صاحب اور صائمہ بیگم کی دعاؤں میں میں دانیہ کو رخصت کیا جاتا ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

دانیہ روتے ہوئے گاڑی میں بیٹھتی ہے۔۔۔

دانیہ کے ساتھ آمنہ بیگم، عروش کو بٹھا دیتی ہیں، کیونکہ وہ دوستیں ہیں، تو عروش اسے سنبھال لے گی۔۔

خزیمہ اور آریز آگے بیٹھ جاتے ہیں۔۔۔۔

جب کہ دوسری گاڑی جو آریز لایا تھا اس پر تبریز آمنہ بیگم اور شمیم بیگم ہوتے ہیں۔۔۔۔

دونوں گاڑیاں خان ہاؤس کی طرف بڑھتی ہیں۔۔

عدنان صاحب اوران کی فیملی دعاؤں سے سے ان سب کو رخصت کرتے ہیں۔۔۔۔۔

بلال غصے سے ڈرائیونگ کر کے گھر پہنچتا ہے۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اپنے کمرے میں جا کر کھٹک سے دروازہ بند کر

دیتا ہے۔۔۔۔

اسے تانیہ پر غصہ آرہا تھا وہ اپنی مما کو منالیتا

تانیہ بھی مان جاتی اگر عروش بیچ میں نہ پڑتی تو۔

"آآآآآآ عروش!" وہ غصے سے ڈریسینگ ہر موجود چیزیں پھینک دیتا ہے۔۔۔۔۔

تمہیں میں اب نہیں چھوڑوں گا

"You have to pay for this،Idiot"

وہ غصے میں بول کر سائیڈ ٹیبل پر پڑا گلدان سامنے ڈریسینگ کے شیشے پر مار دیتا ہے

۔۔۔۔

اس کی آنکھوں سے غصہ اور نفرت صاف جھلک رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"ہیلو!"

"اب ہم اپنی منزل کے بہت قریب ہیں، سمجھو

ہمارا آدھا کام ہو گیا، بس اب ہمیں اپنے پلین پر کام کرنا ہے۔"

آئمہ موبائل پر بات کر رہی تھی کے اسکی نظر

اس کی مما پر جاتی ہے، جو سامنے دروازے پر

کھڑی تھیں۔۔۔۔

آچھا سنو، میں فون رکھ رہی پھر بات کرتے ہیں۔۔۔۔

مما آپ کب آئی؟

آئمہ تم جس راہ پر جا رہی ہو وہ راہ غلط ہے، میری جان چھوڑ دو یہ سب وہ تمہارا نہیں تھا، تم کیوں اپنی زندگی برباد کر رہی ہو ایک ایسے شخص کے لیے جو تم سے پیار تو دور تمہاری طرف دیکھنا بھی پسند نہیں کرتا۔۔۔۔

مما پلیز! میں نے بچپن سے اس کے خواب دیکھے ہیں، میں نے صرف اسی کو چاہا ہے، میں ایسے پیچھے نہیں ہو سکتی مما، اسے میرا ہونا ہو گا اگر وہ میرا نہ ہو سکا تو پھر وہ عروش کا بھی نہیں رہے گا۔۔۔۔

آئمہ آنکھوں میں آنسو لیے اپنی ماں سے بول رہی تھی، پھر وہ موبائل اور اپنا کلچ اٹھاتی

کمرے سے باہر چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔۔

یااللہ میری بیٹی کو راہ راست پر لے آ۔۔۔۔

(ائمہ کی مما اللہ تعالی سے دعا مانگتی ہیں)

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ہائے اللہ دانی مجھے بہت خوشی ہو رہی کہ تو میری دیورانی بن گئی۔۔۔۔

ہاہاہا کتنا مزا آئے گا نہ اب ہم ہر وقت ساتھ ہوا کریں گے۔۔۔

میں نے تو آپ جا کر نہ ماں سے کہہ دینا کہ وہ تابی اور مہرو کی شادی کر دیں جلدی سے،

ایک ساتھ ہم سب کتنا انجوائے کریں گے نا۔۔۔

عروش خوشی سے پاگل ہو کر بولی جا رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

آج ہم دونوں ایک ساتھ ایک روم میں سوئیں گے اور مہرو کو بھی بلا لیں گے۔۔۔۔

آریز، عرعش کی بات سن کر کا ہنسنے لگ جاتا ہے، جبکہ خزیمہ کو اپنی ہنسی کنڑول کرنا مشکل لگتا ہے۔۔۔۔۔

اوے عروش کی بچی، خبردار تو آج میرے روم ارد گرد نظر بھی آئی تو۔۔۔

کیوں میں آوں گی پھٹ لے بیٹا، بیل نے بہت سی

باتیں کرنی ہیں اس کے ساتھ۔۔۔

(عروش منہ بگاڑ کر بولتی ہے، گھونگھٹ کے نیچے دانیہ بھی مسکرا رہی ہوتی ہے)

آریز شہادت کی انگلی دیکھا کر، عروش کو وارن کرتا ہے۔۔۔۔۔

یار بھائی سنبھال لینا ایسے پلیز!

(پھر وہ خزیمہ کے قریب ہو کر آہستہ سے التجائیہ انداز میں بولتا ہے)

(خزیمہ اپنے بھائی کو دیکھ کر مسکرا دیتا ہے)

تابی، آمنہ بیگم، شمیم بیگم سب سے پہلے خان ہاؤس پہنچ جاتے ہیں۔۔۔

سب بڑے اور چھوٹے، علی ہاؤس میں اکٹھے ہوتے ہیں۔۔۔

آمنہ بیگم، بی جان اور آغا جی کو ساری بات بتا دیتی ہیں۔۔۔

کچھ ہی دیر میں خزیمہ کی گاڑی گراج میں آکر کھڑی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

عروش گاڑی سے اتر کر دانیہ کیطرف آتی ہے۔

پھر وہ لوگ اندر کی طرف بڑھتے ہیں، دانیہ کو

ڈر لگ رہا ہوتا ہے۔۔۔۔

وہ جیسے ہی اندر آتے ہیں آغا جی کی آواز سے

وہی ان کے قدم رک جاتے ہیں۔۔۔

سمیرا اپنے آفس میں بیٹھا منصور سے کچھ

باتیں کر رہا تھا، آئمہ اس کے آفس میں آتی ہے۔۔۔

Aima Dear! Come and sit please.

اس سے ملو یہ ہے منصور جو ہمارے کام کو سرانجام دے گا۔۔۔۔

آئمہ منصور کو ہائے بولتی ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com

دیکھو سمیر، مجھے بس اب جلدی سے اس عروش تڑپتے دیکھنا ہے اس کی ایسی حالت کر

دینا کہ خزیمہ اسکو مڑ کر بھی نہ دیکھے۔۔۔

ارے میڈم فکر ہی نہیں کیجئے آئے ایسا حال کریں گے ہم اس کا خزیمہ خود روئے گا اپنی

بیوی کی حالت دیکھ کر۔۔۔۔

(منصور کچھ سوچتے ہوئے بولتا ہے)

پھر وہ تینوں کچھ سوچتے ہوئے مسکرا رہے ہیں۔۔

"ادھر ہی رک جاؤ تم لوگ"

آغاز کی گرجدار آواز سے سے ان کے قدم تھم جاتے ہیں۔۔۔

عروش، دولہن کو لے کر کمرے میں جاؤ۔۔۔۔

عروش آغاجی کی بات سن کر جلدی سے دانیہ کو لے کر آگے بڑھتی ہے۔۔۔۔۔

ارے رو کو مجھے دلہن تو دکھادو۔۔۔

بی جان کی بات سن کر عروش دانیہ کو انکے پاس لے جاتی ہے۔۔۔۔۔

جبکہ خزیمہ اور آریز سامنے ہی کھڑے ہوتے ہیں۔۔

"ماشاءاللہ بہت پیاری لگ رہی، اللہ تعالی نصیب اچھے کرے تیرے، سدا سہاگن راہ ۔"بی جان کی دعائیں لے کر عروش، دانیہ کو تبریز اور آریز کے ساتھ والے روم میں لے جاتی ہے۔۔۔۔

"بچوں کی دعا بھی دے دیتی بی جان" آریز بی جان کی دعا سن کر دھیما سا بولتا ہے

"۔۔۔۔۔

"خبر دار اگر تم نے مجھ سے آگے بڑھنے کی کوشش کی چھوٹا ہے تو چھوٹا بن کر رہی۔۔۔

"

خزیمہ کی بات آریزا چھے سے سمجھ گیا تھا اور ایک دوسرے کو دیکھ کر وہ اپنی ہنسی ضبط کرتے ہیں کیونکہ آغا جی اگر ہنستا دیکھ لیتے تو ان کو معافی بلکل نہیں ملنی تھی۔۔۔۔

"خزیمہ! اگر تم اپنے باپ کو فون کر کے ان سے اجازت لے سکتے تھے، تو کیا تم اپنے دادا سے اپنے بڑے بابا سے اجازت لینے میں شرمندگی محسوس کر رہے تھے، ہمیں بتانا تک گوارا نہیں کیا تم نے،

کیا ہم تمہارے لئے غیر ہیں تمہارے ماں باپ صرف تمہارے لیے اہم ہیں۔" آغا جی غصے سے سے

خزیمہ سے بولتے ہیں۔

آغا جی میں جلدی میں تھا مجھے کچھ سمجھ نہیں آئی کے میں کیا کروں۔۔۔۔

"یہ تو بہت خوب کہی تم نے، چھوٹے بھائی کا نکاح کروا کے آ گئے ہو، اس کی بیوی لے آئے ہو، اور اب کہہ رہے ہو کہ تمہیں سمجھ نہیں آئی کچھ۔"

"بحر حال تم نے ہمیں بہت مایوس کیا ہے، ہمیں تم سے اس طرح کی حرکت کی کی امید نہیں تھی، ارے ہمیں بلا لیتے ہم بھی شامل ہو جاتے، ہم نے کیا منا کر دینا تھا کہ نہ کرو ، بہت اچھی بچی ہے دانیہ ہم جانتے ہیں اس کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں، آتی رہتی ہے عروش کے پاس، خیر تم لوگ بڑے ہو گئے ہو اب شادی ہو گئی ہیں بیوی والے ہو، بچے بھی آئیں گے تم لوگوں کے انشاللہ اس لیے اب ہماری کہاں سنو گے تم۔۔۔۔"

آغا جی پلیز معاف کر دیجئے، میں مانتا ہوں میں نے غلطی کی ہے، میں نے آپ کا دل دکھایا ہے، مجھے سمجھ میں اس وقت جو آیا میں نے وہ کر دیا۔۔۔

اگر میری جگہ آپ میں سے کوئی بھی ہوتا تو شاید یہیں کرتا۔۔۔۔

ٹھیک ہے ہم تم سے ناراض ہیں لیکن اتنے بھی نہیں ہے کے تمہیں معاف نا کر سکیں۔۔۔

آغا جی کی بات سنتے ہی خزیٹ انکے گلے لگ جاتا ہے

"آغا جی معاف کر دیجئے گا پلیز!" گلے ملتے ہی خزامہ آہستہ سے ان کے کان پاس بولتا ہے

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اچھا ٹھیک ہے پرسوں ان کا ولیمہ ہے۔۔۔۔

وہ بول کر چلے جاتے ہیں۔۔۔

آریز تم ابھی دانیہ کے پاس نہیں جاؤ گے۔۔۔

"مما لیکن کیوں؟"

"میرا مطلب ہے خیریت۔؟؟"

آریز شاکڈ سا ہو کر آمنہ بیگم سے پوچھتا ہے۔

لیکن ان کی گھورنے سے شرمندہ ہو جاتا ہے اور بات کور کرتا ہے۔۔۔

ہاں سب خیریت ہے بس تمہیں جتنا کہہ رہے ہیں اتنا کرو اور دو دن صبر کر لو، ویسے بھی

دانیہ تھکی ہوئی تھی وہ سو گئی ہے۔۔۔

آمنہ بیگم بول کر چلی جاتی ہیں۔۔۔

تبریز زور سے قہقہے لگا کر ہنس رہا ہوتا ہے۔۔۔

"عروش گندی کالی زبان والی"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آریز غصے سے عروش کے کمرے کیطرف دیکھ

کر بولتا ہے

خزیمہ مسکراتے ہوئے اپنے کمرے کی طرف بڑھتا ہے اس کے کان میں آریز کی آواز

آتی ہے

تو اس کے ڈمپلز مزید واضح ہو جاتے ہیں۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

عروش شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر لوشن لگا رہی تھی ہاتھوں پر خزیمہ کمرے میں

داخل ہوتا ہے اور دروازہ بند کر کے لاک لگا دیتا ہے۔۔۔

خزیمہ چلتا ہوا اسکے پیچھے جا کر کھڑا ہوتا ہے۔۔۔

"عروش کیا ضرورت تھی تمہیں بلال والے معاملے میں پڑنے کی، تم جانتی ہو تم نے اسے کتنا ہرٹ کیا ہے، میں سب کچھ دیکھ رہا تھا نا پھر تمہیں بولنے کی کیا ضرورت تھی، تم اپنی خود کی زندگی میں بھی ولن ہو، اور دوسروں کی زندگی میں بھی ولن بنی ہوئی ہو۔"

عروش کو ولن بولنے پر غصہ تو آتا ہے لیکن وہ اگنور کر کے کے اپنی بات کرتی ہے۔

"وہ جو خاموش بیٹھا تھا، کیا اس کا رائٹ نہیں بنتا تھا کہ وہ تانیہ کے لیے کچھ بولے اپنی مما سے بات کرے، تائی امی کی باتوں سے تانیہ ہرٹ ہوئی تھی دانی اور ان کی پوری فیملی ہرٹ ہو رہی تھی، وہ کیا آپ کو وہ نظر نہیں آئے، آپ ایسے کیسے کہہ سکتے ہیں کہ میں نے بلال کو ہرٹ کیا۔

اسے مجھ سے پرابلم ہے مجھے پرابلم نہیں ہے اس سے، میں تو۔۔۔۔"

عروج کو نان سٹاپ بولتے دیکھ کر خزیمہ اس کے ہونٹوں پر اپنے ہونٹ رکھ کر اسے

خاموش کروادیتا ہے۔

خزیمہ جیسے ہی اپنے ہونٹ اس کے ہونٹوں سے اٹھاتا ہے تو عروش بالکل خاموش ہوتی ہے۔۔۔

خزیمہ اس کی کمر میں پیچھے سے ہاتھ ڈال کر اپنے قریب کرتا ہے۔۔۔۔

"جب بولنا شروع کرتی ہوں تو خاموش کیوں نہیں ہوتی تم، بتاؤ مجھے!"

خزیمہ آہستہ سے پوچھتا ہے

"میں آپ سے ناراض ہوں خزیمہ چھوڑیں مجھے"

عروش خزیمہ کے ہاتھ اپنی کمر سے ہٹاتے ہوئے بولتی ہے۔۔۔

"جانتا ہوں میں کیوں ناراض ہو مجھ سے، سوری!"

(خزیمہ سوری کر کے اسکے گال پر کس کر دیتا ہے)

"میں یہ بھی جانتا ہوں کہ تم نے کسی کو نہیں بتایا، لیکن اس وقت مجھے اتنا غصہ آ گیا تھا کہ آئمہ کی بات سن کر میں خود پر قابو نہ رکھ سکا،

اور سارا غصہ میں نے تم پر نکال دیا۔"

"بتاؤ معاف کر دیا مجھے؟"

خزیمہ عروش کے کان کے قریب اپنے ہونٹ لگا کے بولتا ہے، اس طرح کے اس کے ہونٹ اس کے کان کی لو کو چھوتے ہیں۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"اچھا معاف کر دیا لیکن مجھ سے تھوڑا دور کھڑا ہوا کریں آپ مجھے کچھ ہوتا ہے"

"ہاہاہا کیا ہوتا ہے تمہیں مجھے بھی بتاؤ نا؟"

خزیمہ عروش کو اپنے سینے سے لگا کر بولتا ہے۔

"گدگدی ہوتی ہے، پلیز تھوڑا سا دور ہو جائے نا"

عروش اپنے دونوں ہاتھ اس کے سینے پر رکھ کر

تھوڑا دور کرنے لگتی ہے کے خزیمہ اس کے دونوں ہاتھ پکڑ کر پیچھے لے جا کر ایک ہاتھ

سے

پکڑ لیتا ہے اور اس کے چہرے پر پھونک مارتا ہے۔۔

"نہیں میری جان نہیں اب نہیں ہو سکتا، تم نے مجھے بہت ستایا ہے، اب میں سارے

بدلے لونگا سود سمیت"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

خزیمہ عروش کو بول کر اپنے بازوؤں میں اٹھا کر بیڈ کیطرف بڑھتا ہے۔۔۔۔

عروش اس کے لمس سے ہی گھبرا رہی ہوتی ہے۔۔

خزیمہ بہت آرام سے کسی نازک سے پھول کی طرح عروش کو بیڈ پر لٹاتا ہے، اور خود

اس کے اوپر جھکتا ہے اور اس کے ماتھے پر اپنے دھیکتے لب رکھ دیتا ہے۔۔۔

عروش اپنی آنکھیں میچ لیتی ہے۔۔۔۔

خزیمہ باری باری اپنے لب عروش کی بند آنکھوں پر رکھتا ہے اور پھر بہت پیار اور محبت

سے وہ اس کے لبوں کو اپنے لبوں میں قید کر لیتا ہے۔۔۔۔

لبوں سے ہوتا وہ آہستہ سے اسکی چن سے ہوتا ہوا

اس کے گردن پر کس کرتا ہے۔۔

عروش کو لگ رہا ہوتا ہے جیسے اس کی گردن پر

کوئی دھیکتا کوئلہ رکھا ہو وہ سسک اٹھتی ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com

خزیمہ گردن سے نیچے تک سفر طے کرتا اسکے پیٹ پر کس کرتا ہے کہ عروش اسکو پکڑ لیتی ہے۔

"خزیمہ پلیز!" وہ گھبراتے ہوئے لمبے لمبے سانس لیتے ہوئے خزیمہ کو روکتی ہے۔۔۔

"شششش!" خزیمہ عروش کے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر خاموش کروا دیتا ہے

"کچھ نہیں بولو عروش، میں بہت تھک گیا ہوں

مجھے سکون چاہیے "وہ عروش پر جھک کر اس کے ہونٹوں پر کس کر کے آہستہ سی آواز میں بولتا ہے۔۔۔

عروش اسکی آواز سن کر اپنا آپ خزیمہ کے حوالے کر کے آنکھیں بند کر دیتی ہے۔۔۔

خزیمہ عروش کو آنکھیں بند کرتا دیکھ کر مسکرا دیتا ہے اور سائیڈ ٹیبل سے لائٹ آف کر دیتا ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

پھر ساری رات وہ عروش پر اپنی محبت نچھاور کرتا ہے۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨

عروش خزیمہ کے سینے پر سر رکھے ہوئے بہت سکون سے سو رہی تھی، خزیمہ بھی آنکھیں بند کیے ہوئے سکون سے سو رہا تھا۔۔۔

خزیمہ کی آنکھ کھلتی ہے تو وہ ٹائم دیکھتا ہے۔

عروش اٹھ جاؤ سات بج گئے ہیں۔

خزیمہ، عروش کے سر کے بالوں کو ماتھے پر سے پیار سے سائیڈ کرتا ہے اور اس کے ماتھے پر بوسہ دے کر بولتا ہے۔

"عروش اٹھ جاؤنا، دیکھو صبح ہو گئی ہے۔"

خزیمہ عروش کے کان پر کس کر کے بولتا ہے۔

"کیا ہے خزیمہ مجھے سونے دیں، آپ نے پوری رات نہیں سونے دیا مجھے کیوں میری نیند کے دشمن بنے ہوئے ہیں۔"

عروش دوسری طرف کروٹ لیتے ہوئے، نیند میں بولتی ہے۔

"ہاہاہاہاہاہاہایہ تو بس شروعات ہے، جتنا تم نے مجھے تنگ کیا ہے نا اب تم سے میں گن گن کے بدلے لوں گا، خیر ابھی اٹھ جاؤ بعد میں سو جانا پلیز، اور پتا ہے نہ آج آغا جی اور

بی جان ہمارے پورشن میں آرہے ہیں، دیکھ لو تم اگر سونا ہے تو سو جاؤ، میں جارہا ہوں فریش ہونے۔"

(خزیمہ بول کر اسی کیطرف دیکھ رہا ہوتا ہے)

عروش جلدی سے اٹھ کر بیٹھ جاتی ہے۔۔۔۔

اس کی نظر خزیمہ پر جاتی ہے جو بنا شرٹ کے اسکے قریب بیٹھا تھا۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"شرٹ پہن لیں خزیمہ" عروش آپ نے آنکھوں پہ ہاتھ رکھ کر شرماتے ہوئے بولتی ہے۔

"ہاہاہا، کیوں میری جان کو شرم آرہی ہے۔"

خزیمہ، عروش کا ہاتھ آنکھوں سے ہٹات ہوئے بولتا ہے۔

خزیمہ، بولتے ساتھ ہی عروش پر جھکنے لگتا ہے۔

"پھر سے شروع ہو گئے آپ، پلیز سائیڈ پر ہوں

میں نے فریش ہونا ہے۔"

عروش خزیمہ کو پٹڑی سے اترتے ہوئے دیکھ کر،

اس کے سینے پہ ہاتھ رکھ کر سائیڈ پر کرتے ہوئے
بولتی ہے۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

او کے جاؤ لیکن جلدی نکلنا۔

خزیمہ، عروش کو جگہ دیتا ہے جانے کی، اور پھر خود بیڈ پر سیدھا لیٹ جاتا ہے۔۔۔

دانیہ شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر کل ہوئے سارے واقعے کو سوچ رہی ہوتی ہے،

اس کا آریز

کی زندگی میں شامل ہونا،اس گھر کا ایک فرد بنانا یہ سب سے خواب سا ہی لگ رہا تھا۔۔۔

وہ اپنی سوچوں میں گم ہوتی ہے کہ اسے آریز

کے آنے کا پتا ہی نہیں چلتا۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"باہو!"آریز اسے کسی گہری سوچ میں ڈوبا دیکھ کر ڈرا دیتا ہے۔۔۔۔

دانیہ زور سے چیخ مارنے لگتی ہے لیکن آریز اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دیتا ہے۔

"پاگل ہو کیا مروانا ہے مجھے مما سے کیا"

آریز اس کے منہ پر ہاتھ رکھے ہوئے ہی آہستہ سے بولتا ہے۔

"تم یہاں کیا کر رہے ہو"آریز کا ہاتھ منہ سے ہٹا

کر دانیہ نے پوچھا۔

"ارے یہ میرا دل جو ہے نہ "یوگانڈا کی بکری"

کا دیدار کرنا چاہتا تھا۔"آریز اپنے دل کے مقام پر ہاتھ رکھ کر بولتا ہے۔

"ہاہا، خیر میرا دل تمہاری طرف اٹریکٹ ہو رہا ہے۔"

آریز ہنستے ہوئے بولتا ہے۔

"اپنے اس دل کو قابو میں رکھو ورنہ میں اسے

ڈسٹریکٹ کر دوں گی۔"دانیہ اپنے غصے پر قابو

پا کر بولتی ہے۔

"ہاہاہا، آ میلے بابو کو غصہ آ رہا ہے"آریز ہنستے ہوئے دانیہ کے گال پر کس کر کے بول کر

دروازے کیطرف بھاگ جاتا ہے اور کمرے سے چلا جاتا ہے۔

جبکہ دانیہ اپنی اس گال پر ہاتھ رکھ کر کھڑی

جس پر آریز کس کر کے گیا، پھر وہ مسکراتے ہوئے دوبٹہ سہی سے لے کر باہر کیطرف بڑھتی ہے۔۔

اریز ڈائننگ ٹیبل پر پہنچتا ہے، تو دیکھتا ہے تبریز وہاں بیٹھا سب کا انتظار کر رہا ہوتا ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"آہمم!" تبریر، آریز کو دیکھ کر گلا کھنگارتا ہے۔

آریز، اس کو اگنور کر کے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھ جاتا ہے۔۔۔

آمنہ بیگم ڈائنگ پر ناشتہ لگا رہی ہوتی ہیں۔

"اسلام علیکم!" دانیہ بلند آواز میں سب کو سلام کرتی ہے۔

"وعلیکم السلام! بیٹا بیٹھو آپ ادھر آریز کے پاس"

آمنہ بیگم ,دانیہ کو آریز کے ساتھ بٹھا دیتی ہیں۔

دانیہ کے بیٹھتے ہی عروش اور خزیمہ بھی

آجاتے ہیں۔۔۔

سب کو سلام کر کے وہ دونوں بھی اپنی جگہ پر

بیٹھ جاتے ہیں۔

تبریز،دانیہ کیطرف دیکھتا ہے تو وہ اسے گھبرائی

گھبرائی لگ رہی ہوتی ہے۔۔۔

دانیہ ! گھبراؤ نہیں ہم سب انسان ہیں،اور بے فکر

ہو جاؤ تمہارے شوہر میں بھی انسانوں والے تھوڑے بہت کیڑے پائے جاتے ہیں

۔۔۔۔

تبریر کی بات پر سب قہقہہ لگا دیتے ہیں۔۔۔

"عروش! تم ہی بات کر لو اپنی دوست سے، ہم سے تو بات نہیں کر رہی یہ۔۔"

آریز عروش کو مسکراتے ہوئے بولتا ہے۔۔

"یہ دانیہ اور عروش کیا ہوتا ہے؟
بھابھی ہیں تمیز کیا کرو تم دونوں"

آمنہ بیگم تبریر اور آریز کو غصے سے بولتی ہیں۔۔

"سوری مما!" وہ دونوں ایک ساتھ بولتے ہیں۔۔

"عروش! اوپس 'بھابھی ماں' پانی ڈال دیں

گلاس میں پلیز زز"

آریز، کے ایسے بولتے ہی، خزیمہ زور سے قہقہہ

لگا کر ہنس دیتا ہے۔۔۔

دانیہ بھی نیچے منہ کر کے ہنسنے لگ جاتی ہے۔۔

"زہر نادے دوں تمہیں میں اپنے ہاتھوں سے بد تمیز،
آئندہ کہانا تو منہ توڑ دوں گی تمہارا"

عروش سب کو ہنستا دیکھ کر غصے سے آریز کو گھور کر بولتی ہے۔۔

"یار مما نے بولا تھا اسی وجہ سے کہا مینے، غصہ

کیوں ہو رہی ہو۔"

آریز رونی سی شکل بناتا ہے۔

"مما اسے منا کریں یہ نا کہے مجھے ایسے۔"

عروش آمنہ بیگم کو سامنے کھڑا دیکھ کر بولتی

ہے۔۔

"ہاہاہاہا آریز مت تنگ کرو میری بیٹی کو۔" آمنہ بیگم ہنستے ہوئے آریز جو منا کرتی ہیں۔

وہ سب بھیٹے آغا جی، بی جان اور علی صاحب کا انتظار کر رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔

"ایمان! آرام سے یار، تمہیں مینے کہا تھا اپنا خیال رکھا کرو، تم جھک کیوں رہی تھی

، بلکہ تم کر کیا رہی ہو ادھر۔"

ولید، کچن کے پاس سے گزر رہا تھا کہ اس کی نظر ایمان پر جاتی ہے جو جھک کر کیبن سے

کچھ

نکال رہی تھی، اس کے پاس جا کر اسے پکڑ کر اسے بولتا ہے۔۔۔۔

"اوہو ولید میں ٹھیک ہوں، آپ بلاوجہ ٹینشن لیتے ہیں بس۔"

"تم بڈ اپنا خیال رکھا کرو، اور میرے بے بی کا بھی۔"

ولید ایمان کے ماتھے پر بوسہ دے کر کہتا ہے۔

"اوہو تو یعنی آپ کو اپنے بے بی کی فکر ہے۔"

"مجھے تم دونوں کی فکر ہے، تم ہو تو یہ ہے" ولید

ایمان کے پیٹ پر ہاتھ کر بولتا ہے۔

"تم دونوں ہی میری زندگی ہو۔" ولید اپنے سینے سے لگائے بولتا ہے۔

"چھوڑو یہ سب کام ہو جائیں گے، تم بس اپنا خیال رکھا کرو، ان دنوں میں تمہیں آرام کی بہت ضرورت ہے، چلو جاؤ آرام کرو تم، چھوڑ دو یہ سب۔"

ولید، ایمان کے ہاتھ سے سامان لے کر شیلف پر رکھتا ہے، اور اس کو لے کر کمرے کی طرف بڑھتا ہے۔

✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

خان ہاؤس میں سب آریز کے ولیمے کی تیاری کر

رہے تھے اور ساتھ ہی سب بڑوں نے فیصلہ کیا کہ

تبریز اور مہرو کا نکاح کر دیتے ہیں، رخصتی

بعد میں کر دیں گے۔۔۔

رات کا کھانا کھا کر آغا جی، بی جان، علی صاحب اور آمنہ بیگم ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے چائے پی

رہے تھے۔۔۔۔

عروش اور دانیہ بھی ان کے پاس جا کے بیٹھ جاتی ہیں۔۔۔

انہیں تھوڑی دیر ہی ہوتی ہے بیٹھے ہوئے کے وہاں خزیمہ، تبریز اور آریز بھی آجاتے ہیں۔۔۔۔

سب آپس میں گپ شپ لگا رہے تھے، اچانک عروش کی نظر خزیمہ پر جاتی ہے، وہ اشارے سے اوپر کمرے میں چلنے کا بول رہا تھا ہے۔۔۔

عروش نا میں سر ہلاتی ہے۔۔

خزیمہ عروش کو آنکھیں دکھاتا ہے۔۔

عرش مسکراتے ہوئے آمنہ بیگم کی طرف دیکھتی ہے۔

"مما میں آج دانیہ کے پاس سو جاؤں، ہم نے بہت ساری باتیں کرنی ہے۔" عروش، خزیمہ کو اگنور کر کے مسکراتے ہوئے آمنہ بیگم سے پوچھتی ہے۔

"سو جاؤ بیٹا، میں نے آپ کو کب منع کیا ہے۔"

آمنہ بیگم کے جواب سے خزیمہ کو صدمہ ہی لگ جاتا ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آریز، خزیمہ کی شکل دیکھ کر کر ہنستے ہوئے بولتا ہے۔

"ہاں ٹھیک ہے تم دونوں سو جاؤ, اور ویسے بھی میں آج اپنے بھائیوں کے ساتھ بیچلر پارٹی کرونگا"

آہاں یہ تو بہت اچھا ہو گیا، آپ لوگ بھی انجوائے کیجیئے، ہم بھی جا رہیں، چلو دانیہ"

عروش، آریز کو جواب دے رہی ہوتی ہے، جبکہ 'خزیمہ کی نظریں اسے وارن کر رہی ہوتی ہیں، کہ میں بعد میں دیکھ لونگا تمہیں' وہ خزیمہ کو

اگنور کرتی، دانیہ کو لیتی اوپر چلی جاتی ہے۔۔۔

کچھ دیر بعد آغا جی، بی جان، علی صاحب اور

آمنہ بیگم بھی اپنے کمروں میں چلے جاتے ہیں۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨

"عروش! ویسے تم بہت ڈیش ہو، بیچارے سر کو

کتنا تنگ کرتی ہو تم" دانیہ رش کے کندھے پر ہلکے سے تھپڑ مار کے بولتی ہے۔۔۔

"ہاہاہاہا، یار اسی میں تو مزا ہے، ویسے تم خزیمہ

کو سر کیوں بولتی ہو؟ بھائی بولا کرو یا پھر جیٹھ جی، ہاہاہا۔"

عروش، دانیہ کو ہنستے ہوئے بولتی ہے۔۔۔

"ٹھیک ہے میری پیاری جیٹھانی جی" دانیہ کے

اس طرح بولنے سے وہ دونوں ہنسنے لگ جاتی ہیں۔۔۔

اور ایسی ڈھیر و باتیں کرتے کرتے ان کی آنکھ لگ جاتی ہے۔۔۔۔۔۔

وہ تینوں بھائی وہاں بیٹھے باتیں کر رہے ہوتے ہیں۔۔۔

خزیمہ کی نظریں بار بار جہاں عروش تھی اس

کمرے کی جانب اٹھ رہی ہوتی ہیں۔۔۔

"میں تھارا درد سمجھوں ہوں بھائییوٗ"

آریز، خزیمہ کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر بڑی معصومیت سے بولتا ہے۔۔۔۔

پھر تینوں بھائیوں کے ایک ساتھ پورے ہال میں قہقہے گونجتے ہیں۔۔۔۔

وہ لوگ کافی دیر تک باتیں کرتے رہتے ہیں، پھر ایک بجے اپنے اپنے کمروں میں سونے

چلے جاتے ہیں۔۔۔۔۔

صبح عروش کی آنکھ کھلتی ہے تو وہ جلدی سے گیراج میں جا کر خزیمہ کی گاڑی دیکھتی ہے،

جو اسے وہاں کھڑی نظر نہیں آتی وہ خوشی سے ناچتی جھومتی اپنے کمرے کی جانب

بڑھتی ہے۔۔

کمرے میں داخل ہوتے ہی وہ اپنی رات کی شرارت

پر خوش ہو کر ریڈ لپسٹک لگا کر گانا گاتے ہوئے ڈانس کر رہی ہوتی ہے۔۔۔۔

"میرے خوابوں میں جو آئے۔۔۔
آ کے مجھے چھیڑ جائے۔۔۔
اس سے کہو کبھی سامنے تو آئے۔۔۔۔"

عروش، جیسے ہی مڑتی ہے سامنے خزیمہ چہرے پر سنجیدگی لیے ڈریسینگ روم کے

دروازے کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑا تھا۔۔۔۔

"آپ!" عروش خزیمہ کو اچانک سامنے دیکھ کر ڈر جاتی ہے۔۔۔۔

"کل جو تم نے حرکت کی تھی اس کا خمیازہ

بھگتنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔" خزیمہ سنجیدگی سے بولتے ہی عروش کیطرف قدم بڑھاتا

ہے۔۔۔

عروش خزیمہ کو اپنی طرف آتا دیکھ کر

پیچھے پیچھے قدم بڑھاتی ہے اور دیوار سے جا

لگتی ہے۔۔۔

"سس سوری خزیمہ!" عروش خزیمہ کو اپنی طرف بڑھتا دیکھ گھبرا کر بولتی ہے

۔۔۔۔۔

خزیمہ عروش کے ارد گرد دیوار پر اپنے دونوں ہاتھ رکھ کر اسکے نکلنے کا راستہ بند کر

دیتا ہے۔۔۔۔

"پوری رات بے چین رہا ہوں میں، مجھے پوری رات نیند نہیں آئی، اب تو سزا ملے گی تمہیں۔"

خزیمہ بولتے ہی عروش کے دائیں گال پر کاٹی کر

دیتا ہے، اور پھر اس کے ہونٹوں پر زور سے اپنے ہونٹ رکھ کر اس کے ہونٹ زخمی کر دیتا ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

عروش درد سے آنکھیں بند کیے ہوئے تھی۔

'جاؤ اور آئندہ ایسی حرکت مت کرنا، میں سب کچھ برداشت کر سکتا ہوں، لیکن تم سے دوری برداشت نہیں ہوتی مجھ سے، بھاگ جاؤ ورنہ میں غصے میں کچھ اور نہ کر دوں تمہارے ساتھ۔"

خزیمہ کا یہ بولنا ہی تھا کہ عروش بھاگتے ہوئے کمرے سے نکل جاتی ہے۔۔۔۔

عروش بھاگتے ہوئے جیسے ہی نکلتی ہے، تو سامنے سے آتی آمنہ بیگم سے ٹکرا جاتی ہے۔

"یااللہ خیر! دھیان بیٹا گر جاؤ گی" آمنہ بیگم عروش کو پکڑ کر بولتی ہیں کیونکہ وہ پھسلنے والی تھی۔

"عروش بیٹے اپنا حلیہ درست کر کے آؤ منہ دھو کر جلدی سے آجاؤ اور خزیمہ کو بولو کے تم لوگوں کو پارلر چھوڑ آئے ٹھیک ہے۔۔۔۔" آمنہ بیگم عروش کو مسکرا کر بول کے چلی جاتی ہیں۔۔۔۔

عروش بھی ان کے جانے کے بعد دوبارہ کمرے میں آتی ہے اور شیشے کے سامنے جا کر کھڑی ہو جاتی ہے۔

وہ خود کو شیشے میں دیکھ کر ہلکی سی چیخ

مار دیتی ہے۔۔۔۔۔۔

ہیلو!

"ہاں سارے انتظامات ہو گئے ہیں نہ؟ ذرا سی

بھول کی تم نے تو اپنی موت کو تم دعوت دو گے

سمجھے، آج رات یہ کام ہر حال میں ہو جانا چاہیے۔" بلال غصے سے فون پر بول کر کسی کو

بول کر موبائل بیڈ پر پھینک دیتا ہے۔۔۔۔

عروش! ٹائم آگیا ہے تم سے بدلہ لینے کا" بلال ہستے ہوئے بولتا ہے۔۔۔۔

اور صوفے پر گرنے کے اسٹائل میں بیٹھتا ہے۔۔۔

"کیاہوا ہے"

عروش کی چیخ سن کر خزیمہ سٹڈی روم سے باہر آجاتا ہے۔۔۔

"یہ کیا کر دیا آپ نے" عروش روتے ہوئے خزیمہ کو اپنے ہونٹوں کیطرف اشارہ کر کے بولتی ہے۔۔

خزیمہ کی نظر عروشکے ہونٹوں پر جاتی ہے،

جہاں لپسٹک پھیلی ہوئی تھی، خزیمہ! دیکھتے ہی ہنسنا جو شروع ہوتا ہے, تو اس کی ہنسی روکنا مشکل ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔

"ہنسنا بند کیجیے, اور مجھ سے بات مت کیجئے گا، مجھے کتنی شرمندگی ہوئی ہے مما کے سامنے

ایسی حالت میں دیکھ لیا مجھے، ہائے میں ان اسامنے کیسے جاؤ گی اب, افففف!"

عروش! روتی آواز میں صوفے پر بیٹھ کر بولتی ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ، عروش کے پاس بیٹھ جاتا ہے۔۔۔۔

"کچھ نہیں ہوتا اتنی ٹینشن کیوں لے رہی ہو، انہوں نے بھی کیا ہونا یہ سب، So Chill Baby

خزیمہ شرارت میں عروش کو آنکھ مار کر بولتا ہے۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

عروش بھی ہنس دیتی ہے۔۔۔۔

"اچھا ماما کہہ کے گئی ہیں، کہ آپ ہمیں پارلر چھوڑ آئیں"

"اوکے تم لوگ ریڈی ہو جاؤ، میں بس پانچ منٹ میں آتا ہوں۔"

خزیمہ بول کر سٹڈی روم میں چلا جاتا ہے۔۔۔

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

خزیمہ، عروش اور دانیہ کو پارلر تین گھنٹے پہلے چھوڑ آیا تھا۔۔۔

اب اسے عروش کی کال آئی تھی، تو وہ انہیں لینے کے لیے جانے لگا تھا۔۔۔

وہ اپنے کمرے میں ڈریسینگ ٹیبل کے سامنے کھڑا جلدی سے تیار ہو رہا تھا خزیمہ بلیو تھری پیس میں تھا وہ اپنے اوپر پرفیوم کر کے کیز اٹھا کر نیچے کی جانب بڑھتا ہے۔۔۔۔

وہ جیسے نیچے پہنچتا ہے تو سامنے آریز براؤن کوٹ اور بلیک جینز میں کھڑا نظر آتا ہے

۔۔۔۔

"بھائی میں بھی چلوں آپکے ساتھ، پلیز!"

آریز، خزیمہ کے سامنے معصوم شکل بنا نہ کر ریکویسٹ کرتا ہے۔۔۔

"ہاہاہاہا، میرے بھائی تو بہت بے صبر آ ہے، چل جائے پھر ساتھ چلتے ہیں"

خزیمہ ہنستے ہوئے اس کی کمر پر پیار سے تھپڑ

مار کے، پیچھے سے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر

ساتھ لے کر گاڑی طرف بڑھتا ہے۔۔۔۔

عروش، بس کر دے اچھی لگ رہی ہو تم پر یہ ساڑھی سوٹ کر رہی ہے۔۔۔۔

عروش نے آف وائٹ اینڈ سلور کانٹراس میں ساڑھی پہنی ہوئی تھی اور کب سے پارلر

والیوں کو تنگ

کر کے رکھ دیا تھا، کے یہاں سے میک اپ سہی کرو، یہ ساڑھی کا پلو سہی کرو، وہ سب

بھی

تنگ آ گئی تھیں۔۔۔۔

خزیمہ کی کال آنے سے کے وہ باہر کھڑے ہیں، آجاؤ باہر تو پارلر گرلز کو سکھ کا سانس آیا

---

وہ دونوں جیسے ہی پارلر سے باہر آتی ہیں، آریز کی نظر دانیہ پر ٹک جاتی ہے، وہ جو اپنی لائٹ پیچ میکسی کو سھنبالے چلتی ہوئی آرہی تھی۔۔۔

"آہمم بعد میں گھور لینا، پہلے دروازہ کھول دے۔"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

خزیمہ گلہ کھنگارتے ہوئے شرارت سے آریز کو بولتا ہے۔۔۔

آریز مسکراتے ہوئے گاڑی سے اتر کر دروازہ کھولتا ہے اور پھر پیچھے دونوں بیٹھ جاتی ہے۔۔۔۔

خزیمہ کے پیچھے عروش ہوتی ہے، وہ بیک مرر

عروش پر سیٹ کر دیتا ہے۔۔۔۔

عروش اسکی یہ حرکت دیکھ لیتی ہے لیکن وہ مسکرا کر دوسری طرف منہ کر لیتی ہے

۔۔۔۔

آریز کے بیٹھتے ہی، خزیمہ گاڑی کو میرج ہال کی طرف بڑھاتا ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آریز اور دانیہ سٹیج پر بیٹھے تھے۔۔۔

کچھ دیر بعد آغا جی کے حکم سے تبریز اور مہرو کا نکاح بھی ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔

مہرو آف وائٹ کامدار ڈریس میں پنک دوبٹہ اوڑھے ہوئے تھی۔۔۔

تبریر کے نکاح کے بعد سب فیملی ممبرز کی گروپ فوٹو بنتی ہے۔۔۔۔

"عروش! چلو ہم دو، تین اچھی سی کپل فوٹوز بنوائیں" خزیمہ عروش کو ایک سائیڈ پر بیٹھا دیکھ کر اس کے پاس آ کر بولتا ہے اور اپنا ایک ہاتھ آگے بڑھا دیتا ہے۔۔۔

عروش خزیمہ کو دیکھتی ہے اور پھر مسکراتے ہوئے اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ پر رکھ کر کھڑی ہو جاتی ہے۔۔۔۔

خزیمہ اس کا ہاتھ تھامے ایک سائیڈ آ جاتا ہے اور

پھر ڈفرنٹ پوز کے ساتھ ان کی پکس بن رہی ہوتی ہیں۔۔۔

آئمہ کب سے ان کو دیکھ کر شدید جلن اور نفرت کا شکار ہو رہی تھی۔۔۔۔

ایک پوز میں خزیمہ پیچھے سے عروش کو اپنے بازوؤں میں لیتا ہے اور آئمہ کی یہیں برداشت کی

حد ختم ہوتی ہے، وہ فون پر کچھ ٹائپ کر کے

سینڈ کر دیتی ہے۔۔۔۔۔

"عروش جتنا خوش ہونا ہے ہو لو یہ تمہاری آج

آخری خوشی ہے"

آئمہ بولتے ہی جوس کا گلاس منہ سے لگا لیتی ہے۔۔۔

مہمان سب اپنے گھروں کو جا رہے ہوتے ہیں۔۔۔

آغا جی سب کو بھی جلدی گھر چلنے کا حکم

دیتے ہیں۔۔۔۔

خان ہاؤس کے سب لوگ وہاں ہنسی مذاق کر

رہے تھے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"وہ جی ایک لڑکی جس نے ساڑھی پہنی تھی اسکو کوئی اغواء کر کے لے گیا۔"

باہر سے سیکورٹی گارڈ بھاگتا ہوا آ کر بتاتا ہے۔۔۔۔۔

خزیمہ جلدی سے اپنے ارد گرد عروش کو ڈھونڈتا

لیکن وہ کہیں نظر نہیں آتی۔۔۔۔

"عروش!"

"عروش!"

خزیمہ کے بولنے سے وہاں موجود سب

پر سکتہ طاری ہو جاتا ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"کھڑے کھڑے سب منہ کیا دیکھ رہے ہو، چیک کرو ادھر کدھر ہی ہو گی وہ"

آغا جی کی دھاڑ سے سب عروش کو ڈھونڈنے اور آوازیں دینے لگ جاتے ہیں۔۔۔۔

خزیمہ بھاگتا ہوا CCT کیمرہ آفس میں جا کر

کچھ دیر پہلے کی فوٹیج اوپن کرواتا ہے۔۔۔۔۔

اسے دیکھتے ہی کنفرمیشن ہو جاتی ہے کہ عروش

اغواہوئی ہے۔۔۔

خزیمہ وین کا نمبر پلیٹ زوم کرواتا ہے لیکن وین

نمبر پلیٹ کے بغیر تھی۔۔۔۔

غصے اور پریشانی سے خزیمہ سب کے پاس جاتا ہے۔۔۔۔

"عروش ہی ہوئی ہے اغواہ" خزیمہ بھکرے ہوئے لڑکھڑاتی آواز میں سب کو بتاتا ہے

۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"آہ ماما"

ایمان کی چیخ سے سب اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔۔۔

"ایمان کیا ہوا" ولید ایمان کو سہارا دے کر چیئر

پر بیٹھا دیتا ہے۔۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں آپ لوگ عروش کو ڈھونڈنے جاؤ، پلیز ولید مجھے میری بہن سہی سلامت لادیں، میں ٹھیک ہوں سچ میں آہ"

"آپ سب پریشان نہ ہوں، مجھے پتہ ہے یہ سب کس نے کیا، منصور! تم نے میری عزت پر ہاتھ ڈال کر اپنی موت کو دعوت دی ہے، اب بس تم دیکھتے جاؤ میں کرتا کیا ہوں تمہارے ساتھ۔۔۔"

خزیمہ سب کو سمجھا کر باہر کی طرف رخ کرتا ہے

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"کوئی فائیدہ نہیں اسے ڈھونڈنے کا جب مجرم

گھر میں موجود ہو تو دوسروں سے کیا گلہ"

خزیمہ باہر جانے لگتا ہے کے آئمہ کی آواز سے

اُدھر ہی رک جاتا ہے اور مڑ کر آئمہ کو دیکھتا ہے۔

"کیا کہنا چاہتی ہو، کھل کر بولو" خزیمہ آئمہ کے پاس جا کر بولتا ہے۔۔۔

"عروش کو کڈنیپ بلال نے کروایا ہے" آئمہ کی بات سنتے جہاں سب حیران ہو جاتے ہیں، وہیں

بلال تو جیسے کومے میں چلا گیا ہو والی کنڈیشن میں آ جاتا ہے۔۔۔۔

"کیا بکواس کر رہی تم؟؟" خزیمہ چلا کر آئمہ کو دیکھ رہا ہوتا ہے

"مجھے پتہ تھا آپ سب کو یقین نہیں آئے گا، یہ ویڈیوز بلال کی ہیں جو میں نے ریکارڈ کی تھیں"

آئمہ موبائل خزیمہ کو پکڑاتی ہے جس میں بلال کے لان والی بات ریکارڈ ہوتی ہے، جب وہ تانیہ کے گھر سے غصے سے آتا ہے اس دن کی اور کل رات کی۔۔۔۔

خزیمہ اور سب گھر والے بلال کو بے یقینی سے

دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

"اور ہی نہیں یہ دیکھیں آج کی وڈیو، مجھے شک تھا اس لیے میں نظر رکھے ہوئے تھی اس پر، مجھے پتہ ہوتا کے یہ عروش کو نقصان پہنچانے کا سوچ رہا، تو میں بتا دیتی آپ سب کو"

پھر آئمہ، خزیمہ اور ولید کو وہ وڈیو دیکھاتی ہے

جس میں بلال ایک بچے کو کچھ سمجھاتا ہے اور

کچھ ہی دیر میں وہ بچہ عروش کے کان میں کچھ بولتا ہے اور وہ اینٹریس کیطرف بڑھتی ہے۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

کدھر ہے میری بہن بلال، تمھیں زرا شرم نہ آئی

اپنے ہی گھر میں، اپنی بہن کے ساتھ یہ حرکت کرتے ہوئے بتاؤ کدھر بھیجا ہے اسے" آزاد بلال کو

تھپڑ مارتے ہوئے اس کا گیرے بان پکڑتے ہوئے بولتا ہے۔۔۔۔۔

مہرواوردانیہ ایک دوسرے کے ساتھ لگی رورہی ہوتی ہیں۔۔۔

جبکہ آمنہ بیگم زیب کو صوفے پر بیٹھارہی ہوتی ہیں اس حالت میں اتنی ٹینشن سے ان

دونوں(زیب اورایمان)کی حالت کافی خراب

ہورہی تھی۔۔۔۔

تبریراور آریز بھی پریشان سے ہاجرہ بیگم اوربی جان کے پاس کھڑے ہوتے ہیں۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"رک جاؤآزاد"آغاجی کی آوازسے آزادبلال کو

چھوڑدیتاہے۔۔۔۔

"کیاتم نے عروش کے پاس اس بچے کو بھیجا

تھا؟"

آغاجی بلال کے سامنے کھڑے ہوکراس پوچھتے ہیں۔۔۔

"آغاجی میری بات سنیں پلیز"بلال آغاجی کے

ہاتھ پکڑ کر بولنے لگتا ہے۔۔

"ہاں یاناں" آغا جی بلال کے ہاتھ جھڑک کر

بلال کو آنکھوں سے وارنگ دیتے ہوئے بولتے ہیں۔۔

"ہاں" بلال کے ہاں بولتے ہی آغا جی کے ہاتھ کا نشان بلال کے الٹے گال پر تھپڑ کا نشان چھوڑ جاتا ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سب لوگ اپنی آنکھیں میچ لیتے ہیں، کیونکہ آغا جی نے آج تک کسی پوتا، پوتی پر ہاتھ نہیں اٹھایا تھا۔۔۔

"بلال، عروش کدھر ہے بتادو، دیکھو بہن ہے

تمہاری وہ، لاکھ میں اس سے چڑتی سہی، پر

مینے کبھی یہ نہیں چاہا کہ اس کے ساتھ کبھی

کچھ برا ہو"

شمیم بیگم بلال کے آگے روتے ہوئے ہاتھ جوڑ کر عروش کا پوچھتی ہیں۔۔۔۔

"آہ ماما آہ" ایمان درد سے چلانا شروع کر دیتی ہے۔۔۔۔

"یا اللہ خیر بچی کو ہسپتال لے کر جاؤ جلدی"

بی جان گھبراتے ہوئے بولتی ہیں۔۔۔۔

ولید، ہاجرہ بیگم، شمیم بیگم اور تبریز ایمان کو

ہسپتال لے کر جاتے ہیں۔۔۔۔

جمال خان بھی اپنی گاڑی لے کر انکے پیچھے چلے جاتے ہیں۔۔۔۔

"آزاد تم آغا جی، بی جان اور زیب کو گھر لے جاؤ ان کے لیے ٹھیک نہیں زیادہ دیر

بھیٹھنا، اور

زیب کی کنڈیشن ٹھیک نہیں ہے، پھپھو آپ زیب کے ساتھ جائیں چچی بھی گھر نہیں ہیں۔۔۔

آریز تم بھی باقی سب کو لے جاؤ اور خیال رکھنا سب کا"

خزیمہ سب کو وہاں سے بھیج رہا ہوتا ہے۔۔۔

"لیکن بھائی" آریز بولنے لگتا ہے کہ خزیمہ اس کی بات کاٹ دیتا ہے۔۔۔

"میں سب سنبھال لونگا، آپ سب جاؤ میری ارمان سے بات ہو گئی وہ بس آنے والا ہے۔"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

خزیمہ بولتے ہی سب کو لے کر پارکنگ کی جانب بڑھتا ہے۔۔۔۔۔

✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨

"اوہ ڈیئر کزن مجھے معاف کر دینا پلیز! ہاہاہا"

آئمہ، بلال کے کان کے پاس بول کر وہاں سے ہنستے ہوئے چلی جاتی ہے، وہ ویسے بھی اس فیملی کے رونے، دھونے سے بور ہو چکی تھی۔۔۔

بلال وہی قریب رکھے صوفے پر گرتے ہوئے بیٹھ جاتا ہے۔۔۔۔۔

اس نے تو عروش کو ڈرانے کے لئے زومبیز کریکٹر بلوائے تھے۔۔۔۔

اور بچے کو کہا تھا کے جا کر بولو کے خزیمہ بھائی آپ کو ادھر بلا رہے۔۔۔

نہ تو کوئی زومبی آیا نہ ہی وہ سامان۔۔۔۔۔

اور وہ اپنے پلین کے بارے میں سوچ رہا ہوتا ہے۔۔

وہ اسی بارے میں سوچ رہا تھا کہ، کوئی اس

کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اسکو ہوش کی دنیا میں واپس لاتا ہے، بلال سر اٹھا کر دیکھتا ہے

تو خزیمہ ہوتا ہے وہ اپنا سر نیچے جھکا لیتا ہے۔۔۔۔۔

"آپ کو بھی باقی سب کی طرح لگ رہا کے مینے کیا ہے نہ، جبکہ مینے کچھ نہیں کہا بھائی،
میں کبھی نہیں کر سکتا ایسی کوئ بھی گری ہوئی حرکت"

بلال کھڑے ہو کر خزیمہ کے گلے لگ کر روتے ہوئے بولتا ہے۔۔۔۔

"وہ کزن ہے میری، میرے چاچو کی بیٹی ہے،

میری چھوٹی بہن ہے، میں بھی اس سے اتنا ہی پیار کرتا ہوں جتنا باقی سب کرتے ہیں،

ہاں میں غصہ کرتا ہوں اس پر چلاتا ہوں، ہماری بنتی بھی نہیں ایک دوسرے سے، لیکن

اس کا ہر گز یہ

مطلب نہیں کے میں اس کے ساتھ ایسا کروں گا"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

بلال روتے ہوئے خزیمہ سے بول رہا تھا....

"کیا یہاں کھڑے ہو کر ٹائم ویسٹ کرنا ہے یا عروش کو ڈھونڈنے میں ہیلپ کرو گے

میری" خزیمہ بلال کو نان سٹاپ بولتے اور روتے دیکھ کر بولا۔۔۔

"میں جانتا ہوں تم نے نہیں کیا، لیکن یہ وقت ان باتوں کا نہیں ہے، یہ سب گیم آئمہ

کی رچائی ہوئی ہے"

" مینے خود آئمہ کو منصور اور سمیر کے ساتھ

کافی پیتے دیکھا تھا،اب تمہیں عروش کو باحفاظت گھر پہنچانا ہے،مجھے آج ہی سمیر کو

گرفتار کروانا ہے،میں جانتا ہوں تم اس کو بچا

لوگے،میں اس لیئے نہیں جارہا کے میں اس

ایک کی خاطر باقی سب لڑکیوں کو اگنور نہیں کر سکتا مجھے ان سب کا پتہ چاہیے جنھیں

انہوں نے سمگل کیا،خیر ٹائم کم ہے تم جاؤ اسے

ڈھونڈو وہ اسے کسی مینا بائ کے کوٹھے پر لے کر گئے ہیں،تمہیں ڈھونڈ کر اسے گھر

پہنچانا ہے"

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

خزیمہ،بلال کے کاندھے پر وزن ڈالتے ہوئے کہتا ہے۔۔۔۔۔۔

"یہ ٹیرسر ہے اسے اپنے پاس رکھنا" خزیمہ

ٹریسر بلال کے ہاتھ پر رکھ کر وہاں سے جلدی سے نکل جاتا ہے۔۔۔۔

بلال ٹریسر کو اپنی پوکٹ میں رکھتا ہے اور باہر کی طرف بھاگتا ہے۔۔۔۔۔

"ہیلو! دانش مجھے مینا بائی کے کوٹھے پر جانا ہے ابھ اور اسی وقت"

"ہاں سب خیریت ہے توں بس وہ کر جو تجھے

مینے کہا۔۔۔"

ہمم اوکے میں پہنچ رہا، توں جلدی پہنچ بس۔۔"

بلال اپنے ایک دوست سے ایڈریس لیتے ہی، کال کاٹ دیتا ہے۔۔۔

5 منٹ کی تیز ڈرائیونگ سے وہ آخر کار وہاں پہنچ جاتا ہے، اور گاڑی سے اتر کر کوٹھے کو

دیکھ رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

کچھ دیر میں (دانش) بلال کا دوست بھی آجاتا ہے، پھر وہ دونوں اندر کی جانب بڑھتے

ہیں۔۔۔

دانیہ کو مہرو آریز کے روم میں بیٹھا کر خاموشی سے وہاں سے چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔

سب لوگ تھے تو اپنے کمروں میں لیکن بہت, بے چین اور پریشان سے۔۔۔۔

آریز کمرے میں آکر ایک نظر دانیہ ہر ڈال کر

واشروم چلا جاتا ہے۔۔۔۔۔

"دانیہ تم سو جاؤ تھک گئی ہو گی نہ"

آریز چینج کرنے کے بعد، بیڈ پر بیٹھتے ہوئے دانیہ سے بولتا ہے۔۔۔۔۔

"مجھے لگتا ہے یہ سب میری وجہ سے ہو رہا ہے، منصور نے میرا بدلہ عروش سے لیا ہے
"

دانیہ دھیمی سی آواز میں آریز کے سینے پر سر رکھ کر روتے بول رہی تھی۔۔۔۔

"پاگل ہو کیا ایسا کچھ بھی نہیں ہے، اپنے دل میں ایسی بات مت لاؤ" آریز، دانیہ کے گرد اپنے بازو پھیلاتے ہوئے اسے سمجھاتا ہے۔۔۔۔

"آریز!" دانیہ اس کے سینے پر سر رکھے اسے

آواز دیتی ہے۔۔۔

"ہمم "آریز آنکھیں بند کیے ہوئے پوچھتا ہے۔۔۔

"کیا آپ کو بھی لگتا ہے، عروش کو بلال بھائی نے کرنیپ کیا ہے۔" دانیہ بلال کے سینے سے سر اٹھا کر اس سے پوچھتی ہے۔۔۔۔۔۔

"میرا دل نہیں مان رہا یار، مجھے ایسے لگتا ہے جیسے وہ ایسی حرکت کبھی نہیں کر سکتا، لیکن سارے ثبوت اس کے خلاف تھے۔"

'ہاں بس اللہ تعالی جلدی سے عروش کو صحیح سلامت گھر لے آئے"

دانیہ افسردہ سی ہو کر اللہ سے دعا کرتی ہے۔۔۔

"آمین!"

ٹینشن کی کوئی بات نہیں، شاید انہوں نے سٹریس لیا ہے بہت، پلیز ان کا خیال رکھیں آپ

ماں اور بچے دونوں کو اچھی غزا اور اچھا ماحول دیں۔۔۔

ڈاکٹر، ایمان کا چیک اپ کر کے ہاجرہ اور شمیم بیگم کو سمجھاتی ہیں۔۔۔۔

پھر وہ اسے پکڑ کر آفس سے باہر آتی ہیں،

ولید جلدی سے ایمان کو پکڑ کر سہارا دیتا ہے

اور پھر گھر کی طرف روانہ ہوتے ہیں سب"

✨✨✨✨✨✨

ایمان کو ولید بیڈ روم میں کا کر بیڈ پر لٹا دیتا ہے۔۔

باقی سب بھی اپنے اپنے کمروں میں چلے جاتے ہیں۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"ایمان سو جاؤ پلیز، تمہاری تبیعت نہیں ٹھیک"

ولید ایمان کو بیڈ پر لیٹاتے ہوئے،اس پر کمبل سیٹ کرتے ہوئے بولتا ہے۔۔۔۔

ایمان بیڈ پر لیٹی ہوئی آنسوں بہا رہی ہوتی ہے۔۔۔

"ایمان مت تنگ کرو مجھے پلیز! خزیمہ کی وائف ہے وہ تم دیکھنا انشاءاللہ صبح تک وہ گھر

ہو گی،

وہ اسے صحیح سلامت گھر پہنچائے گا۔"

"بلال!"ایمان کچھ بولنے لگتی ہے کے،ولید اسکو ہاتھ کے اشارے سے خاموش کروا دیتا ہے۔۔۔۔

"اگر یہ حرکت بلال کی ہے تو میں اسے کبھی معاف نہیں کروں گا، سمجھ لینا کہ میرا بھائی میرے لیے مر گیا"دکھ اور غصے سے وہ بلال کو

سوچ کر بولتا ہے۔۔۔۔

"اب تم بھی سو جاؤ"ولید روم کی لائٹس آف کر کے ٹریس پر جا کر وہاں رکھی ایک چیئر پر بیٹھ جاتا ہے اور اپنی آنکھیں بند کر لیتا ہے۔۔۔

اس کی آنکھیں بند ہوتی ہیں تو ایک آنسوں بہتا ہوا اسکی گال پر آتا ہے۔۔۔۔۔

بلال اور دانش کوٹھے کی عمارت میں داخل ہوتے ہیں۔۔۔۔

"ارے آج تو بڑے بڑے لوگ آئیں ہیں، صاحب آیئے آیئے، آج اس غریب خانے میں کیسے آنا ہو گیا"

مینا بائی منہ میں پان رکھے بڑے سے تخت پر بیٹھی ہوئی ب رہی تھیں۔۔۔۔

"ارے ہٹ کلموہی بیٹھنے دے صاحب لوگ کو"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

مینا بائی اپنے سامنے بیٹھی ایک رقاصا کو سائیڈ پر دھکادے کر جگہ بناتی ہے۔۔۔

بلال کا یہ سب دیکھ کر دل گھبرا رہا تھا، وہ آج تک ایسی جگہ پر کبھی نہیں آیا تھا۔۔۔

"مینا بائی کوئی نیا مال آیا ہے کیا" دانش سیدھا

مدعے پر آتا ہے۔۔۔

"ہاہاہاہاہاہا، ہاں نا آج آئی ہے ایک، بلا کی خوبصورت ہے پر نخرہ بہت ہے کلموہی کو، کالی گیا ہے ابھی سارہ نخرہ نکال دے گا اسکا۔۔۔"

ٹھا!

مینا بائی بول ہی رہیں تھیں کے فائر کی آواز سے

وہ اور وہاں موجود سب خاموش ہو جاتے ہیں۔۔

"مینا بائی، وہ آج والی لڑکی نے خود کو گولی مار دی ہے اور وہ مر گئی ہے"

سب کی خاموشی کو اس لڑکی کی آواز نے توڑا تھا۔۔

جبکہ ائیر پورٹ کے پاس کانوں میں بلوٹھت لگائے ٹریسر سے ان کی باتیں سنتے ہوئے خزیمہ کو ایسا لگا جیسے اس کے جسم سے روح نکل گئی ہو، وہ اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر سانس لینے کی

کوشش کر رہا ہوتا ہے۔۔۔۔

وہ گاڑی سے باہر نکل کر جانے لگتا ہے کہ ارمان اسے پکڑ لیتا ہے۔۔۔

"خزیمہ ہوش سے کام لو پلیز!"

"کیا ہوش سے کام لوں مر گئی ہے وہ، سنا تم نے مر گئی ہے" خزیمہ پاگلوں کی طرح روتے ہوئے ارمان کے گلے لگ کر بول رہا ہوتا ہے۔۔۔

ارمان تو سنتے ہی شوکڈ ہو جاتا ہے۔۔۔

"میں ان سب کو نہیں چھوڑوں گا آرمان" خزیمہ اسے سائیڈ پر کرتا آگے بڑھتا ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

بلال اور دانش بھاگ کر مینا بائی کے پیچھے اس کمرے میں جاتے ہیں، جہاں لڑکی نے خود کو مارا تھا اور فائر کی آواز آئی تھی۔

بلال آگے ہو کر اس لڑکی کو دیکھتا ہے، وہ کوئی اور لڑکی ہوتی ہے، اس لڑکی کو دیکھ کر بلال کو بہت دکھ ہوتا ہے، لیکن وہ اللہ کا شکر ادا کرتا ہے،

عروش نہیں ہے اور وہ پیچھے ہو جاتا ہے۔۔۔۔

"بلال تمہاری کزن "دانش بلال سے کنفرم کرنا چاہ رہا تھا۔۔۔۔

"نہیں نہیں یہ میری کزن نہیں ہے۔"بلال جلدی سے بولتا ہے۔

"بلال ہم الگ الگ ہو کر ڈھونڈتے ہیں "دانش کے بولتے ہی وہ دونوں الگ ہو جاتے ہیں۔۔۔۔

بلا لکوایک راستہ کچھ خفیہ سا لگتا ہے،بلال خاموشی سے اس طرف بڑھتا ہے۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨✨✨✨

خزیمہ کے قدم بلال کی آواز سے "نہیں نہیں یہ میری کزن نہیں ہے۔" سنتے وہی تھم جاتے ہیں،

خزیمہ،بلال کی آواز سن کر ایک لمبا سانس لیتا ہے۔

"ارمان i am sorry میں پتہ نہیں کیا بول گیا تھا" خزیمہ ارمان کہ پاس جا کر بولتا ہے۔۔

"اٹس او کے یار میں سمجھ سکتا ہوں تیری کنڈیشن" ارمان اس کے گلے لگتے ہونے بولتا ہے۔۔

وولوگ سمیر کو گرفتار کرنے آے تھے، جو پاکستان سے باہر جانے والا تھا۔

لکین اسے پاکستان سے کسی بھی حال میں جانے

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سے روکنا تھا اور ان سب لڑکیوں کا معلوم کرنا تھا کہ وہ کدھر ہیں۔۔۔۔

✨✨✨✨✨✨

ایک بند کمرے میں دیوار سے ٹیک لگا کر اپنی دونوٹانگو پر سر رکھے وہ چند گھنٹے پھلے

خزیمہ کے ساتھ بیتے لمحوں کو یاد کر رہی تھی

اسے خود سمجھ نہیں آئی کے اس کے ساتھ ہوا کیا، وو ایک بچے کے بولنے پر کے خزیمہ

بلا رہا وہ اس طرف جاتی ہے، لکین کوئی اس کے منہ پر کپڑا رکھ کر بے ہوش کر دیتا ہے

۔۔۔

پر جب سے وہ ہوش میں آئی کمرے کا دروازہ بجا بجا کر تھک گئی، اب تو اس کا حلق تک خشک ہو گیا تھا۔۔۔

عروش، خزیمہ کی خوشبو اپنے آپ سے محسوس کر رہی تھی کچھ گھنٹوں پہلے اس کا لمس، وہ مسلسل آنسوں بہا رہی تھی۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

یوں تیرے لمس کا احساس رچا ہے مجھ میں

اپنے ہی بدن سے آجاتی ہ۔۔۔۔۔ے خوشبو تیری ❤

عروش خزیمہ کے خیالو میں تھی کے دو مرد اور ایک عورت دروازہ کھول کے اندر آتے ہیں۔۔۔

عروش انھے ایک نظر دیکھ کر اپنا منہ پھیر لیتی ہے۔۔۔

"صبح سے چیخ چیخ کر اس حرامزادی نے سر میں درد کر دیا میرے، ارے اسکو ابھی سوت کر دو

ویسے بھی کل اسے سیٹھ کے حوالے کر دینا ہے۔"

مینا بائی پان چباتے ہوئے اپنے دو ساتھیوں سے بولتی ہے، اور پان کی پیک عروش کے پاس پھینک دیتی ہے۔۔۔

شیدا (کوٹھے کا غنڈا) مینا بائی کے حکم ملتے ہی،

عروش کو بالوں سے پکڑ کر اس کے منہ پر تھپڑ

مارنا شروع کرتا ہے، اپنی بیلٹ اتار کر وہ اس سے عروش کو مارتا ہے، پھر اسے گھسیٹتے ہوئے خفیہ روم میں لے جاتا ہے، مینا بائی اور ساتھی دوسرے والا آدمی ہنستے ہوئے ان کے پیچھے جا رہا ہوتا ہے۔۔۔۔

پورے کوٹھے میں عروش کی چیخوں کی آوازیں تھی کیونکہ وہ اسکو بالوں سے گھسیٹے جا رہا تھا اور وہ درد سے چلا رہی تھی۔۔۔۔

وہاں موجود سب اس جلاد کو دیکھ رہے تھے، لیکن کسی میں ہمت نہیں تھی کہ وہ اس کو

ظلم کرنے سے روک سکیں۔۔۔۔

شیدا، عروش کو ایک خالی روم میں لا کر دھکا دیتا ہے وہ فرش پر گر جاتی ہے اور اسکی ساڑھی کے پلو سے پن اتر جاتی ہے اور پلو ڈھلک جاتا ہے۔۔۔

شیدا اپنے پیلے دانتوں کی نمائش کر کے ہنستے ہوئے عروش کیطرف بڑھتا ہے۔۔۔۔

عروش روتے ہوئے اپنے گرد و ساڑھی کے پلو کو لپیٹتے ہوئے پیچھے ہوتی ہے اور نا میں سر ہلاتی ہے۔۔۔

وہ شخص اسکی طرف قدم اُٹھاتا ہے۔۔۔۔

"یا اللہ پلیز مجھے بچا لے، اللہ میری عزت کی حفاظت فرما، مجھے موت دیدے اللہ لیکن میری عزت نا جائے" عروش روتے ہوئے اللہ سے گڑگڑا رہی تھی۔۔۔۔

وہ شخص اس کی دعا سن کر زور زور سے قہقہے لگاتا ہے اور اسکے قریب بیٹھتا ہے۔۔۔۔

"مجھے ہاتھ نہ لگانا پلیز مجھے چھوڑ دو، میں مر جاؤ گی اگر مجھے کسی نے چھوا تو" عروش روتے ہوئے اس کو اپنے قریب آنے سے روک رہی تھی۔۔

"ہاہاہاہاتو مر جاؤ!"

وہ شخص ہنستے ہوئے بول کر عروش کیطرف ہاتھ بڑھاتا ہے، لیکن اس کے سر پر کوئ پیچھے سے بھاری سا ڈنڈا بہت زور سے مارتا ہے اور وہ وہی گر جاتا ہے۔۔۔۔

عروش اس شخص کو اپنے سامنے بے ہوش گرا ہوا دیکھتی ہے اور سر اٹھا کر اوپر دیکھتی ہے۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

✨✨✨✨✨✨✨

